بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء

کشکولِ عملیات

مع

اعمال حزب البحر

اس کتاب میں سریع الاثر، تیر بہدف، مجرب، آزمودہ و مخفی عملیات و تعویزات،
قرآنی سورتوں سے رزق میں کشادگی، حب، بغض، زبان بندی، ہر قسم کی بندش،
تسخیر خلائق، حاضرات، تسخیر ہمزاد، نقوش حروف صوامت، مہلک امراض نسوانی
امراض سے نجات، استخارہ مجربہ، رد سحر کے علاوہ ہر ضرورت کے اعمال اور مشکلات
کے روحانی حل کا خزینہ موجود ہے

مؤلف
محسن ملت مولانا سید حسن الہاشمی مدظلہ العالی
مصنف کثیر کتب عملیات، تعویزات و مخفی علوم

تشکیل نو
محمد عبد اللہ

بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء

کشکولِ عملیات

مع

اعمال حزب البحر

اس کتاب میں سریع الاثر، تیر بہدف مجرب، آزمودہ و مخفی عملیات و تعویزات، قرآنی سورتوں سے رزق میں کشادگی، حب، بغض، زبان بندی، ہر قسم کی بندش، تسخیر خلائق، حاضرات، تسخیر ہمزاد، نقوش حروف صوامت، مہلک امراض نسوانی امراض سے نجات، استخارہ مجربہ، رد سحر کے علاوہ ہر ضرورت کے اعمال اور مشکلات کے روحانی حل کا خزینہ موجود ہے

مؤلف

محسن ملت مولانا سید حسن الہاشمی مدظلہ العالی

مصنف کثیر کتب عملیات، تعویزات و مخفی علوم

تشکیل نو

محمد عبداللہ

مشتاق بک کارنر

ہماری کتابیں معیاری کتابیں
خوبصورت اور کم قیمت کتابیں

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

ناشر: مشتاق احمد
اہتمام: سلمان منیر

نام کتاب	—	کشکول عملیات مع اعمال حزب البحر
مؤلف	—	مولانا سید حسن الہاشمی مدظلہ العالیٰ
تشکیل نو	—	محمد عبداللہ
اشاعت	—	2013ء
مطبع	—	اسد نیئر پرنٹرز، لاہور
کمپوزنگ	—	گُل گرافکس
قیمت	—	200 روپے

استدعا

پروردگارِ عالم کے فضل، کرم اور مہربانی سے، انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو از راہِ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاءاللہ اگلے ایڈیشن میں ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم آپ کے بے حد مشکور ہوں گے۔ شکریہ۔ (ناشر)

نوٹ: اس کتاب میں درج تمام عملیات وتعویذات کو کرتے ہوئے احتیاط اور کسی عامل کامل سے رہنمائی بھی حاصل کریں۔ ورنہ فائدہ ونقصان کا ذمہ دار عامل خود ہوگا۔

عرضِ ناشر

مشکلات، بیماریاں، پریشانیاں، کاروباری رکاوٹیں، بندشیں، جادوٹونے کے وار اور حسب منشاء کامیابی کے حصول کا نہ ہونا شروع سے ہی انسان کے ساتھ ساتھ چلے آرہے ہیں زندگی میں ہر ایک کو کسی نہ کسی مسئلے، پریشانی اور بیماری کا سامنا ضرور کرنا پڑتا ہے، بہت سے مسائل ایسے ہوتے ہیں کہ جن کا حل قرآن وحدیث کی روشنی میں نہایت سریع الاثر اور کامیاب ہوتا ہے بزرگانِ دین نے وظائف، عملیات اور تعویزات کے ذریعے بے شمار پریشان حال لوگوں کی پریشانیوں اور مشکلات کا کامیاب حل کیا ہے، انہی مجرب وآزمودہ عملیات وتعویذات کے حوالے سے کتاب ھذا کو مزین ومرتب کیا گیا ہے۔

زیرنظر کتاب کے دو حصے ہیں اس کتاب کے پہلے حصے میں ہر طرح کی جسمانی وروحانی امراض سے نجات، سحر و جادو سے بچاؤ، روزگار کا حصول، کاروبار میں ترقی، دشمنوں پر غلبہ، دولت مند ہونے کے طریقے، تسخیر خلائق، عورتوں کی پیچیدہ امراض، مہلک بیماریوں، کینسر، ہیپاٹائٹس، بلڈ پریشر اور شوگر سے خلاصی کے نہایت تیر بہدف عملیات وتعویذات موجود ہیں۔ علاوہ ازیں قرآن حکیم کی سورتوں کے خاص اعمال بھی اس حصے کی زینت بنائے گئے ہیں۔

کتاب ھذا کے دوسرے حصے میں حزب البحر کے اعمال شامل کیے گئے ہیں جس کے تحت دشمن کی تباہی کے عمل، مقدمات میں کامیابی، اولاد کا حصول، دشمن کو ذلیل کرنے کے طریقے، قرض سے نجات کے عملیات، رزق میں فراوانی اور دیگر حاجات روائی کے مجرب وآزمودہ عملیات موجود ہیں۔

یہ کتاب جو کہ مستند جامع اور مؤثر عملیات وتعویزات پر مشتمل ہے ہر ایک کے افادے اور مشکلات کے حل کے لیے شائع کی گئی ہے۔ عملیات کی دیگر کتب سے منفرد یہ کتاب بہت ہی خوب ہے۔

مشتاق احمد

فہرست مضامین کشکول عملیات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عقل اور فہم وادراک کی تیزی

اگر کوئی شخص جو تحصیل علم میں مشغول ہو، اسم مبارک "یَا مُمِیْتُ" کا بکثرت ورد کرے گا تو پروردگار عالم اپنے فضل وکرم سے اور اس اسم مبارک کے ورد کی برکت سے اسے عقل وذہن اور فہم وادراک کی تیزی سے بہرہ ور فرمائے گا اور وہ تحصیل علم کے مراحل نہایت تیزی کے ساتھ طے کرے گا اور پھر اپنے ذہن اور فہم وادراک سے بڑی بڑی عقلی گتھیاں سلجھائے گا۔

علالت سے شفاء

اگر کوئی شخص علیل ہو اور کسی علاج سے اس کی علالت یا بیماری دور نہ ہوتی ہو اس پر سات دن تک برابر اسم مبارک "یَا حَفِیْظُ" ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ العزیز وہ مریض بہت جلد شفاء یاب ہو جائے گا۔

علم اور قوت حافظہ میں اضافہ

جو شخص اسم مبارک "یَا سَلَامُ" کا بکثرت ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کے علم اور اس کی قوت حافظہ میں اضافہ کرے گا

بدہضمی کی شکایت

(۱) اگر کسی شخص کو بدہضمی کی شکایت ہو تو سورۃ القدر (سورۃ نمبر: ۹۷) گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی اس شخص کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز بدہضمی کی شکایت رفع ہو جائے گی۔ (۲) اگر کسی شخص کو بدہضمی کی شکایت ہو تو سورۃ الانشقاق (سورۃ نمبر: ۸۴) عرق

گلاب پردم کر کے وہ عرق گلاب اس شخص کو پلایا جائے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کی بدہضمی کی شکایت رفع فرمائے گا۔

خون کی کمی

اگر کسی شخص کے جسم میں خون کی کمی ہو تو وہ بسم اللہ شریف کے ساتھ یَاحَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ یَاحَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ تین مرتبہ پڑھ کر پانی، چائے، شربت، دودھ وغیرہ جو مشروب بھی پیئے اس پردم کر کے پئے۔ انشاء اللہ العزیز خون کی کمی دور ہو جائے گی۔ خون کی کمی دور ہو جائے تو یہ عمل ترک کر دیا جائے۔

خونی دست

اگر کسی شخص کو خونی دست آتے ہوں تو اسم مبارک "یَاحَفِیْظُ" تین سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے وہ پانی اس شخص کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز شفا ہوگی۔

خونی بواسیر

جس شخص کو خونی بواسیر کی شکایت ہو وہ اس اسم مبارک "یَاعَلِیُّ" ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پردم کر کے وہ پانی نوش کرے۔ انشاء اللہ العزیز سات روز میں خون بند ہو جائے گا، مسے جاتے رہیں گے اور بواسیر کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

حیض کی کمی

اگر کسی عورت کو حیض کا خون بہت کم مقدار میں آتا ہو تو روزانہ تین سو کتالیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر آب زمزم پردم کر کے وہ آبِ زمزم اس عورت کو گیارہ روز تک پلایا جائے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ انشاء اللہ العزیز حیض کی کمی کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

آنکھ کے زخم کا علاج

اگر کسی شخص کی آنکھ میں سفیدی ہو تو سورۃ فصلت (سورۃ نمبر:۴۱) کو پاک صاف کاغذ پر لکھ کر بارش کے پانی سے دھویا جائے اور اس پانی سے سرمہ پیس کر آنکھوں میں لگایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز سفیدی ختم ہو جائے گی۔

آنکھوں کا دکھنا اور ان کی تکلیف

جس شخص کی آنکھیں دکھتی ہوں وہ اسم مبارک "یَامُقِیْتُ" سات دفعہ پڑھ کر سرمہ یا دوا پردم کرے اور پھر وہ سرمہ یا دوا آنکھوں میں لگائے۔ انشاء اللہ العزیز تین روز میں آنکھیں اچھی ہو جائیں گی۔

آنکھوں کا روشن ہونا اور اس کا علاج

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی آنکھوں کی روشنی کم نہ ہو یا کم ہو گئی ہو تو زیادہ ہو جائے تو وہ اسم مبارک "یَاظَاهِرُ" اشراق کی نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ ہر روز پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کی آنکھیں روشن کر دے گا۔

آنکھوں کی بینائی کی حفاظت کے لئے

(۱) اگر کوئی شخص سوتے وقت سات مرتبہ سورۃ القدر (سورۃ نمبر:۹۷) پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کی بینائی کی حفاظت فرمائے گا اور انشاء اللہ العزیز اس کی بصارت مرتے دم تک کمزور نہ ہوگی۔

(۲) اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد سورۃ النباء (سورۃ نمبر:۷۸) ایک بار ہمیشہ پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت اور فضل وکرم سے اس کی آنکھوں کی بینائی کی حفاظت فرمائے گا اور انشاء اللہ العزیز اس کی بصارت مرتے دم تک کمزور نہ ہوگی۔

آنکھوں کی بینائی کا تیز، اور نور پیدا ہونا

جو شخص سورۃ القیامہ (سورۃ نمبر:۷۵) عشاء کے وقت پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پھر اس پانی میں سرمہ کی سلائی ترکر کے سرمہ آنکھوں میں لگائے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کی آنکھوں کی بینائی تیز کرے گا اور اس کی آنکھوں میں نور پیدا کرے گا۔

آشوب چشم یعنی آنکھ دکھنے کی تکلیف

(۱) اگر کسی شخص کو آشوب چشم کی شکایت ہو تو سورۃ التکویر (سورۃ نمبر:۸۱) پڑھ کر اس کی آنکھوں پر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ العزیز آشوب چشم کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

(۲) اگر کسی شخص کو آشوب چشم کی شکایت ہو تو وہ سورۃ البقر (سورۃ نمبر:۲) کو تعویذ بنا کر باندھے یا لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر پئے۔ انشاء اللہ العزیز اسے آشوب چشم سے شفا ہوگی۔

(۳) اگر کوئی شخص آشوب چشم یعنی آنکھوں کی تکلیف میں مبتلا ہو تو سورۃ الکوثر (۱۰۸) مرتبہ مع اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کی آنکھوں پر دم کیا جائے تو انشاء اللہ العزیز آشوب چشم سے نجات ملے گی۔ (۴) اگر کوئی شخص آشوب چشم میں مبتلا ہو تو وہ سورۃ حٰم السجدہ فصلت (سورۃ نمبر:۴۱) پاک صاف کاغذ پر لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر اس پانی سے آنکھیں دھوئے۔ انشاء اللہ العزیز شکایت رفع ہو جائے گی۔ (۵) جو شخص ٹھیک دوپہر یعنی زوال کے وقت باوضو بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ "یَا رَحْمٰنُ" پڑھے اور پانی پر دم کرے پھر اپنی یا کسی دوسرے کی دکھتی ہوئی آنکھ میں دم کئے ہوئے پانی میں سلائی ترکر کے سات سلائیاں لگائے تو انشاء اللہ العزیز تین دن میں آنکھیں اچھی ہوں گی اور پھر ایک سال تک دکھنے نہ آئیں گی۔

(۶) جو شخص فجر کی نماز کے بعد دو سو اٹھانوے (۲۹۸) مرتبہ "یَا رَحْمٰنُ" پڑھ کر پانی پر دم کرے پھر اپنی یا کسی دوسرے کی دکھتی ہوئی آنکھوں میں سلائی دم کئے ہوئے پانی میں ترکر کے لگائے تو انشاء اللہ العزیز اسے آشوب چشم سے شفا نصیب ہوگی۔

(۷) اگر کسی شخص کو آشوب چشم کی شکایت ہو تو وہ سورۃ الاخلاص (سورۃ نمبر:۱۱۲) کی

تلاوت کرے۔ انشاء اللہ العزیز شکایت رفع ہو کر شفا عطا ہوگی۔

(۸) اگر کسی شخص کی آنکھیں دکھتی ہوں تو وہ نماز فجر کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے سورۃ الملک (سورۃ نمبر:۶) ایک بار پڑھ کر انگلیوں کے پوروں پر دم کرے اور انہیں آنکھوں سے لگائے۔ انشاء اللہ العزیز آنکھوں کا دکھنا موقوف ہوگا اور شفا حاصل ہوگی۔

برص یا پھلبہری کا مرض

اگر کسی شخص کو برص یا پھلبہری کا مرض ہو تو وہ ایام بیض (ہر قمری مہینے کی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ) میں روزہ رکھے اور ہر روز افطار کے وقت اسم مبارک "اَلْمَجِیْدُ" کا بکثرت ورد کرے۔ انشاء اللہ العزیز اسے مرض سے شفا ہوگی۔

برص اور دیگر جلدی بیماریوں سے نجات

اگر کوئی شخص برص یا کسی دیگر مرض میں مبتلا ہو تو سورۃ الانفطار (سورۃ نمبر:۸۲) پاک صاف کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے لکھ کر اور پانی سے دھو کر وہ پانی اس شخص کو پلایا جائے اور اس میں اور پانی ڈال کر اس سے غسل کرایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز شفاء ہوگی۔

امراض جگر میں مبتلا کے لئے

(۱) اگر کسی مرد یا عورت کو جگر کا کوئی مرض ہو تو ایک کاغذ پر بسم اللہ الرحمن الرحیم کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ۔ لکھ کر تعویذ بنا لیا جائے۔ اس تعویذ کو مرد بازو پر باندھے اور عورت گلے میں پہنے، علاوہ ازیں یہی کلمات کاغذ یا چینی کی رکابیوں پر لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی نہار منہ پیا جائے۔ انشاء اللہ العزیز جلد ہی جگر کے ہر مرض سے شفاء نصیب ہوگی۔

(۲) اگر کسی شخص کے جگر میں درد، زخم، پتھری وغیرہ ہو یا وہ جگر کے کسی اور مرض میں مبتلا ہو تو یہ آیت مبارکہ اکیس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی اس شخص کو پلایا جائے۔ تَبَارَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ○ انشاء اللہ العزیز جگر کے ہر مرض سے شفاء ہوگی۔

خارش خشک وتر سے نجات

(۱) اگر کسی شخص کو خشک وتر خارش ہوگئی ہو تو سورۃ القدر (سورۃ نمبر:۹۷) باوضو سات بار پڑھ کر اس پر دم کیا جائے اور اسی طرح پانی پر دم کرکے وہ پانی خارش کے مریض کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز خارش سے نجات ہوگی۔

(۲) اگر کسی شخص کو خارش (خشک یا تر) ہوگئی ہو تو وہ صبح وشام روزانہ اکیس مرتبہ سورۃ المومن (سورۃ نمبر:۲۳) کی یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کرکے وہ پانی پئے۔ فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنْشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ یہ عمل اکیس روز تک کرے۔ انشاء اللہ العزیز شفا ہوگی۔

آتشک سے نجات اور شفاء

اگر کسی شخص کو آتشک کا مرض ہو تو سورۃ التکویر (سورۃ نمبر:۸۱) پڑھ کر آب زمزم پر دم کرکے وہ آب زمزم اس شخص کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز شفا ہوگی۔

ضعف نفس کی شکایت

اگر کسی شخص کو ضعف نفس کی شکایت ہو اور کام کرنے میں اس کا سانس بہت پھولتا ہو تو وہ روزانہ باوضو سورۃ المرسلات (سورۃ نمبر:۷۷) پڑھے۔ انشاء اللہ العزیز سانس پھولنے کی شکایت رفع ہوجائے گی۔

ضیق النفس کا مرض

اگر کسی شخص کو ضیق النفس کی شکایت ہو تو سورۃ الفاتحہ (سورۃ نمبر:ایک) چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر پانی سے دھوکر وہ پانی دے کے مریض کو پلایا جائے اور یہ عمل سات روز تک مسلسل کیا جائے۔ انشاء اللہ العزیز شفا ہوگی۔

درد گردہ

(۱) اگر کوئی شخص درد گردہ کی تکلیف میں مبتلا ہو تو سورۃ الانشراح (الم نشرح، سورۃ نمبر: ۹۴) کو زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر اور پانی میں گھول کر وہ پانی اس شخص کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز گردے کے درد کا باعث بننے والی پتھری تحلیل ہوجائے گی اور مثانہ کھل جائے گا۔

(۲) اگر کسی شخص کے گردہ میں درد ہو تو سورۃ القریش (سورۃ نمبر:۱۰۶) پڑھ کر کھانے پر دم کرکے وہ کھانا اس شخص کو کھلایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز درد رفع ہوجائے گا۔

(۳) اگر کسی شخص کو درد گردہ کی شکایت ہو تو وہ سورۃ البلد (سورۃ نمبر:۹۰) روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ العزیز اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے درد گردہ سے شفا عطا فرمائے گا۔

جنون اور پاگل پن

اگر کسی شخص کو جنون اور پاگل پن کا عارضہ ہو تو سورۃ الفلق (سورۃ نمبر:۱۱۳) اور سورۃ الناس (سورۃ نمبر:۱۱۴) کو گیارہ گیارہ بار بار پڑھ کر سات مختلف کنوؤں (یانلوں) کے پانی پر دم کرکے وہ پانی مریض کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز جنون اور پاگل پن دور ہوگا۔

آدھے سر کا درد

(۱) اگر کسی شخص کو درد شقیقہ یعنی آدھے سر کے درد کی شکایت ہو تو وہ یہ آیت زعفران سے کپڑے پر لکھ کر کپڑا سر پر باندھے۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا انشاء اللہ العزیز شکایت رفع ہوجائے گی۔

(۲) جس شخص کو آدھے سر کا درد (درد شقیقہ) کی شکایت ہو کوئی دوسرا شخص سورج نکلنے سے پہلے سات مرتبہ "یَاجَبَّارُ یَاسَلَامُ" سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ جیسا بھی درد ہو اس اسم مبارک کی برکت سے ختم ہوجائے گا۔

(۳) اگر کسی کو آدھے سر کے درد کی شکایت ہو تو سورۃ اخلاص (سورۃ نمبر ۱۱۲) تین، سات

یا گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ العزیز گیارہ بار کی تعداد پوری ہونے سے قبل ہی شکایت رفع ہو جائے گی۔ (۴) اگر کسی شخص کو آدھے سر کے درد کی شکایت ہو تو سورۃ التکاثر (سورۃ نمبر:۱۰۲) باوضو پڑھتے ہوئے اسکی پیشانی پر انگلی پھیر کر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ العزیز چند بار ایسا کرنے سے دور ہو جائے گا۔

جوڑوں کا درد

اگر کوئی وجع المفاصل، نقرس، گٹھیا، یا جوڑوں کے درد کی تکلیف میں مبتلا ہو تو وہ سورۃ العلق (سورۃ نمبر:۹۶) صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھے پھر سجدۂ تلاوت کرے اور سجدہ میں حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر سات مرتبہ کہے تو انشاء اللہ العزیز اسے جوڑوں کے درد سے شفا ہوگی۔

زہریلے کھانے کے اثر سے حفاظت

اگر کوئی شخص سورۃ البینہ (سورۃ نمبر:۹۸) پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھائے تو انشاء اللہ العزیز اس زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ جو اس شخص کی لاعلمی میں اس کھانے میں ملایا گیا ہو۔

زیادہ نیند آنا

اگر کسی شخص کو بہت زیادہ نیند آتی ہو اور اس کی آنکھیں ہر وقت نیند سے بوجھل رہتی ہوں تو سورۃ الرحمٰن پاک صاف کاغذ پر لکھ کر بطور تعویذ اس کے گلے میں یا بازو پر باندھی جائے۔ انشاء اللہ العزیز اس کی نیند کم ہو جائے گی۔

حفاظت حمل

(۱) اگر کوئی شخص سورۃ المعارج (سورۃ نمبر:۷۰) باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بطور تعویذ حاملہ عورت کے گلے میں باندھے گا تو انشاء اللہ العزیز حمل جملہ آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

(۲) اگر کوئی حاملہ عورت چالیس روز تک سورۃ الملک (سورۃ نمبر:۶۷) پڑھ کر پانی پر دم

کر کے وہ پانی پیے تو انشاء اللہ العزیز اس کا حمل محفوظ رہے گا۔

(۳) اگر کوئی عورت حمل سے ہو تو وہ چالیس روز تک بلاناغہ بعد نماز فجر سورۃ الکہف (سورۃ نمبر:۱۸) کی تلاوت کرے۔ انشاء اللہ العزیز اس کا حمل محفوظ رہے گا۔

رنج و غم سے نجات

(۱) اگر کوئی شخص اپنے حالات یا دیگر وجوہ کی بنا پر مبتلائے رنج والم رہتا ہو تو وہ سورۂ نوح (سورۃ نمبر:۷۱) کی تلاوت کرے۔ اس تلاوت کی مداومت سے انشاء اللہ العزیز اسے رنج والم سے بھی نجات ملے گی اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ان حالات کو بھی درست فرمائے گا جو اس کے رنج والم کا باعث بنتے رہے ہیں۔

(۲) اگر کوئی شخص اسم مبارک "یَابَاقِیُ" کو شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا تو اس اسم مبارک کی برکت سے اللہ تعالیٰ اسے ہر رنج و غم سے نجات بخشے گا۔

(۳) اگر کوئی شخص کسی دکھ، تکلیف یا صدمے کے باعث رنج و غم میں مبتلا ہو تو وہ اسم مبارک "یَامُقْسِطُ" ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ العزیز زیادہ سے زیادہ چالیس دن کے عمل میں اس کا رنج و غم دور ہو کر غم کی بجائے خوشی نصیب ہوگی۔

غصہ وری اور بدمزاجی سے نجات

(۱) اگر کسی کی طبیعت میں غصہ بہت زیادہ ہو یا جو سخت بدمزاج ہو تو اسم مبارک "یاعفوُ" ایک سو مرتبہ پڑھ کر کھانے کی چیز پر دم کیا جائے اور وہ چیز غصہ ور اور بدمزاج شخص کو کھلائی جائے انشاء اللہ العزیز اس کی غصہ وری غائب اور بدمزاجی عنقا ہو جائے گی اور وہ نرم دل اور خوش مزاج ہو جائے گا۔

جو شخص اسم مبارک "یَاخَالِقُ" کا ورد کثرت سے کرے گا اس کے اندر غصے کو قابو میں رکھنے کی اہلیت پیدا ہوگی اور وہ بڑے سے بڑے عیب دار انسان کو دیکھ کر بھی بدمزاج نہ ہوگا بلکہ اسے عبرت کی نگاہ سے دیکھے گا کہ اسے بھی اللہ نے پیدا کیا ہے اور اس کے عیبوں کو بھی اسی نے

بنایا ہے، ضرور ایسے عیب دار شخص کے پیدا کرنے میں کوئی حکمت ہے جس کو اللہ ہی خوب جانتا ہے۔

کالی کھانسی

(۱) اگر کسی شخص کو کالی کھانسی ہوگئی تو سات دن تک اکتالیس مرتبہ سورۃ الانشراح (الم نشرح سورۃ نمبر:۹۴) پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی اس شخص کو پلایا جائے اور اسی سورۃ کو پاک صاف کاغذ پر لکھ کر بطور تعویذ اس کے گلے میں لٹکایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز شفا ہوگی۔

(۲) اگر کسی کو کالی کھانسی کی شکایت ہو تو سورۃ الغاشیہ (سورۃ نمبر:۸۸) تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی اس شخص کو پلایا جائے اور اسی سورۃ کو پاک صاف کاغذ پر لکھ کر بطور تعویذ اس کے گلے میں پہنایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز کالی کھانسی ختم ہوجائے گی۔

کان کا درد

(۱) اگر کسی شخص کے کان میں درد ہو تو اسم مبارک "یَاسَمِیْعُ" اکیس مرتبہ پڑھ کر اس کے کان پر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ العزیز درد جاتا رہے گا۔

(۲) اگر کسی شخص کے کان میں درد ہو تو بقدر ضرورت خالص سرسوں کا تیل ہلکا گرم کر کے اس پر سورۃ الفلق (سورۃ نمبر:۱۱۳) پڑھ کر دم کرنے کے بعد متاثرہ کان میں چند قطرے تیل نیم گرم ڈال دیئے جائیں۔ انشاء اللہ العزیز درد رفع ہوگا۔

نسوانی امراض سے نجات

اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس جانے سے قبل اسم مبارک "یامعلی" ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے گا تو انشاء اللہ العزیز اس کی بیوی جملہ نسوانی امراض سے محفوظ رہے گی۔ وہ کبھی کسی نسوانی مرض میں مبتلا نہ ہوگی اور ساری زندگی حکیموں، ڈاکٹروں، نرسوں اور دائیوں کی محتاجی سے بچی رہے گی۔

نرینہ اولاد کا حصول

(۱) اگر کسی شخص کے یہاں بیٹا نہ ہوا ہو تو وہ اسم مبارک "یَااَوَّلُ" اکتالیس دن تک ہر روز چالیس مرتبہ پڑھ کر پانی یا شربت پر دم کرے۔ پھر آدھا خود پیے اور آدھا اپنی بیوی کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی اور اس کے یہاں فرزند صالح پیدا ہوگا۔

(۲) اگر کسی میاں بیوی کے یہاں نرینہ اولاد نہ ہوتی ہو تو انہیں چاہئے کہ وہ دو روزے رکھیں اور افطار کے وقت غسل کریں اور ایک بار سورۃ المزمل (سورۃ نمبر:۷۳) کو تلاوت کر کے کر کے پانی پر دم کریں اور پھر دونوں اسی پانی سے روزہ افطار کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ انہیں فرزند صالح عطا ہوگا۔ (۳) اگر کوئی شخص اولاد نرینہ سے محروم ہو تو وہ چالیس روز تک تہجد کی نماز کی دو رکعتوں میں ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ (سورۃ نمبر: ایک) کے بعد سورۃ الملک (سورۃ نمبر: ۶۷) پڑھے۔ انشاء اللہ العزیز اسے دلی مراد حاصل ہوگی اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے نیک صالح اور فرمانبردار فرزند عطا فرمائے گا۔

(۴) اگر کوئی اولاد نرینہ کے حصول کی نیت سے (سورۃ التغابن، سورۃ نمبر ۶۴) کو روزانہ تین مرتبہ گیارہ روز تک پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے نیک صالح فرزند عطا فرمائے گا۔

عارضۂ بلغم

جو شخص عارضۂ بلغم میں مبتلا ہو وہ نمک کی سات چھوٹی چھوٹی ڈلیاں لے اور ان میں سے ہر ڈلی پر سات مرتبہ "آیت الکرسی" پڑھ کر دم کرے اور سات روز نہار منہ ایک ڈلی استعمال کرے۔ انشاء اللہ العزیز وہ سات روز میں اس عارضے سے نجات پالے گا۔

وظیفہ زوجیت ادا نہ کر سکتا ہو

اگر کوئی شخص کسی وجہ سے وظیفہ زوجیت ادا نہ کرسکتا ہو تو وہ اسمائے مبارکہ "یَاقَوِیُّ یَامُعِیْنُ"

صبح وشام ایک ہزار بار اول وآخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھے۔ انشاء اللہ اس کی نامردی دور ہوجائے گی۔

وظیفہ زوجیت پر قادر نہ ہونا

اگر کوئی شخص کسی وجہ سے وظیفہ زوجیت ادا کرنے پر قادر نہ رہا ہو تو وہ روزانہ بعد نماز فجر اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ تین سو بار تین چلہ (یعنی ایک سو بیس روز تک پڑھے) انشاء اللہ اس کی نامردی رفع ہوجائے گی اور وہ دوبارہ وظیفہ زوجیت پر قادر نہ ہوجائے گا۔

ذیابیطس (شوگر) کی شکایت

(۱) اگر کسی شخص کو ذیابیطس (شوگر) کی شکایت ہو تو وہ سورۃ القریش (سورۃ نمبر:۱۰۶) روزانہ بعد از نماز عشاء ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے ذیابیطس جیسے موذی مرض سے شفاء عطا فرمائے گا۔

(۲) اگر کوئی شخص ذیابیطس (شوگر) کے مرض میں مبتلا ہو تو وہ سورۃ الفیل (سورۃ نمبر ۱۰۵) بعد از نماز عشاء چالیس روز تک روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے شفاء بخشے گا۔

(۳) اگر کوئی شخص ذیابیطس (شوگر) کے مرض میں مبتلا ہو تو وہ سورۃ بنی اسرائیل (سورۃ نمبر:۱۷ کی آیت نمبر:۸۰) وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطَانًا نَّصِیْرًا ۝ ڈھائی ماہ تک بلاناغہ صبح وشام تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے وہ پانی پیئے۔ تلاوت کے ساتھ اول وآخر درود شریف ابراہیمی سات، نو یا گیارہ مرتبہ ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ العزیز ذیابیطس (شوگر) کی شکایت جاتی رہے گی۔

یرقان کی شکایت

(۱) اگر کوئی شخص یرقان (پیلیہ) کے مرض میں مبتلا ہو تو وہ باوضو سورۃ البینہ (سورۃ نمبر:

۹۸) پڑھ کر اپنے اوپر دم کرکے اور اسی سورۃ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے بطور تعویذ گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ العزیز اسے یرقان کے مرض سے صحت حاصل ہوگی۔

(۲) اگر کسی کو یرقان کی شکایت ہو تو اسم مبارک "یَاحَسِیْبُ" تین سو بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے اسے پلایا جائے اور یہ عمل اکیس روز تک کیا جائے۔ انشاء اللہ العزیز یرقان کی شکایت ختم ہوجائے گی۔

(۳) اگر کسی شخص کو یرقان کا عارضہ ہو تو یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کرکے وہ پانی اسے پلایا جائے۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَافِی الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ انشاء اللہ العزیز شفاء ہوگی۔

نسیان اور غفلت

(۱) اگر کسی شخص کو نسیان یعنی بھول جانے کی شکایت ہو اور اسے اپنے ضروری کام بھی یاد نہ رہتے ہوں تو وہ ہر فرض نماز کے بعد اسم مبارک "اَلرَّحْمٰنُ" سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ العزیز نسیان کی شکایت دور ہوجائے گی۔ (۲) جو شخص ہر نماز کے بعد "یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ" دونوں نام ملا کر اکیس مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ نسیان، غفلت اور بھول چوک اسکے مزاج سے دور کردے گا۔

عارضہ قلب سے شفاء

اگر کوئی شخص دل کی کسی بیماری میں مبتلا ہو تو وہ سورۂ رحمٰن (سورۃ نمبر:۵۵) پاک صاف کاغذ پر لکھ کر اور پانی میں گھول کر وہ پانی پیئے۔ انشاء اللہ العزیز اسے عارضہ قلب سے شفاء ہوگی۔

دفینہ کا پتہ لگانا

اس کو تعویذ بنا کر سفید مرغ کی گردن میں لٹکا دیں۔ مرغ ایسا ہو جس کا تاج شاخ در شاخ ہو اور اذان دیتا ہو۔ پھر اس مرغ کو اس جگہ چھوڑ دیں جہاں دفینے کا شبہ ہو۔ اگر وہاں دفینہ ہوگا تو مرغ وہاں جا کر کھڑا ہوجائے گا اور اگلے دن مرجائے گا۔ آیت یہ ہے۔ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ

ثُمَّ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۚ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ (پارہ (۱۹) رکوع ۹:) سورہ شعراء کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۰۹۳۴	۱۰۰۹۳۷	۱۰۰۹۴۰	۱۰۰۹۲۷
۱۰۰۹۳۹	۱۰۰۹۲۸	۱۰۰۹۳۳	۱۰۰۹۳۸
۱۰۰۹۲۹	۱۰۰۹۴۲	۱۰۰۹۳۵	۱۰۰۹۳۲
۱۰۰۹۳۶	۱۰۰۹۳۱	۱۰۰۹۳۰	۱۰۰۹۴۱

حاکم اورافسر کو مسخر کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص حاکم اورافسر کوراضی کرنا چاہے یااس کے دل ودماغ کو مسخر کرنا چاہے تواس کا تصور کر کے مندرجہ ذیل آیت کوروزانہ سومرتبہ پڑھے اوردرج ذیل نقش کواس کے نام کے ساتھ لکھ کراپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ زیادہ عرصہ نہیں گزرے گا کہ وہ مسخر ہوجائے گا۔

آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ (پارہ ۱رکوع:۱۶)

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۲	۱۹۵	۱۹۸	۱۸۵
۱۹۷	۱۸۶	۱۹۱	۱۹۶
۱۸۷	۲۰۰	۱۹۳	۱۹۰
۱۹۴	۱۸۹	۱۸۸	۱۹۹

الحب فلاں ابن فلاں علیٰ حب فلاں ابن فلاں

پہلے افسر کا نام، اس کی والدہ کا نام یا پھر عہدہ لکھے اور پھر اپنا نام اور اپنی والدہ کا نام لکھے نقش کو گلاب وزعفران سے ساعت سعید میں لکھے۔ اور ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔

ظالم کے شر سے حفاظت

اگر کوئی شخص کسی ظالم یا فاسق وفاجر کے شر سے پریشان ہو تو اس کو چاہئے کہ روزانہ صبح شام "یَا جَبَّارُ" ۲۱۶ مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ کچھ ہی دنوں میں ظالم اور فاسق کے شر سے محفوظ ہوجائے گا۔

محفلوں میں عزت پانے کے لئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ جس محفل میں بھی جائے اس کی عزت ہو۔ اور لوگ اسکو دیکھ کر اس سے محبت کرنے اور اسکا احترام کرنے پر مجبور ہوں تو مندرجہ ذیل آیات کو ریشمی کپڑے پر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاءاللہ جہاں بھی جائے گا سرخرو رہے گا۔

آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ۝ (پارہ:۱۶، رکوع:۷)

عزت وہیبت کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کو مجلسوں میں عزت بھی ملے اور اس کا رعب اور دبدبہ بھی قائم ہو تو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل آیات کو لکھ کر کسی بوتل میں چھوڑ دے پھر اس میں پانی بھر لے اور سومرتبہ ان ہی آیات کو پڑھ کر دم کر دے۔ اس کے بعد جب بھی کہیں جائے اس پانی کے چند قطرے اپنے چہرے پر مل کر جائے۔ انشاءاللہ جہاں بھی جائے گا لوگ محبت کریں گے اور مرعوب بھی ہوں گے۔ آیات یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّا

اَرۡسَلۡنٰکَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیۡرًا وَّدَاعِیًا اِلَی اللّٰهِ بِاِذۡنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِیۡرًا ۝ وَبَشِّرِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ بِاَنَّ لَهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ فَضۡلًا کَبِیۡرًا وَلَا تُطِعِ الۡکٰفِرِیۡنَ وَالۡمُنٰفِقِیۡنَ وَدَعۡ اَذٰىهُمۡ وَتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰهِ ؕ وَکَفٰی بِاللّٰهِ وَکِیۡلًا ۝ (پارہ:۲۲، رکوع:۳) اس آیت کو گلاب وزعفران سے لکھے۔ اگر مشک میسر ہو تو وہ بھی ڈال دے۔ ورنہ چنبیلی کے تیل یا عطر کی ایک بوند ٹپکا دے انشاء اللہ حیرتناک فوائد محسوس ہوں گے۔

بیوی کی محبت حاصل کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کی بیوی اس سے محبت نہ کرتی ہو تو مندرجہ ذیل آیت کو روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھ کر کسی بھی میٹھی چیز پر دم کر کے بیوی کو کھلائے۔ اگر روزانہ ممکن نہ ہو تو تیسرے دن یا ہفتے میں ایک بار اس عمل کو کرے۔ آیات یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ یُحِبُّهُمۡ وَیُحِبُّوۡنَهٗۤ اَذِلَّةٍ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اَعِزَّةٍ عَلَی الۡکٰفِرِیۡنَ ۝ (پارہ:۶، رکوع:۱۳) یہی عمل اس بیوی کے لئے بھی انشاء اللہ مفید ثابت ہوگا جس کا شوہر اس سے بیزار ہو۔

تسخیر جنات کے لئے

ایک عجیب وغریب عمل ہے جس کے ذریعہ جنات مسخر ہو جاتے ہیں اور خادم بن کر عامل کی خدمت کرنے لگتے ہیں۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ جس قمری مہینے کی پہلی تاریخ کو جمعرات ہو اس دن روزہ رکھے اور سحری کھانے سے پہلے غسل کرے۔ شام کو افطار سے پہلے بھی غسل کرے۔ افطار جو کی روٹی اور شہد سے کرے۔ یا پھر کسی بھی طرح کا ساگ ساتھ میں رکھے۔ عشاء کے بعد سو جائے اور نصف شب کے بعد رو بہ قبلہ ہو کر ۳۳ مرتبہ پڑھے اور ان ہی آیات کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اولے کے پانی سے دھو کر پیئے، پھر سو جائے۔ سات روز تک اسی طرح کرتا رہے۔ دن میں روزہ رکھے اور سحری اور افطار سے پہلے غسل کرے اور افطار میں ساگ شہد اور جو کی روٹی رکھے۔

سحری میں چنے وغیرہ کا استعمال کر سکتا ہے لیکن بہتر ہے کہ لذیذ چیزوں سے اور گوشت سے پرہیز رکھے۔ آخری دن ان ہی آیات کو ستر مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔ جنات حاضر ہوں گے اور اظہار اطاعت کریں گے۔ عمل کے وقت اگر احرام باندھ لے تو بہتر ہے۔

آیات یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ وَاِذۡ قَالَ رَبُّکَ لِلۡمَلٰٓئِکَةِ اِنِّیۡ جَاعِلٌ فِی الۡاَرۡضِ خَلِیۡفَةً ؕ قَالُوۡۤا اَتَجۡعَلُ فِیۡهَا مَنۡ یُّفۡسِدُ فِیۡهَا وَیَسۡفِکُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحۡنُ نُسَبِّحُ بِحَمۡدِکَ وَنُقَدِّسُ لَکَ ؕ قَالَ اِنِّیۡۤ اَعۡلَمُ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ۝ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الۡاَسۡمَآءَ کُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمۡ عَلَی الۡمَلٰٓئِکَةِ فَقَالَ اَنۡۢبِـُٔوۡنِیۡ بِاَسۡمَآءِ هٰۤؤُلَآءِ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ۝ قَالُوۡا سُبۡحٰنَکَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡعَلِیۡمُ الۡحَکِیۡمُ ۝

دشمن کے خوف سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے دشمن سے خوف زدہ ہو اور ہر وقت وہ خطرہ محسوس کرتا ہو تو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل آیت کو روزانہ سو مرتبہ پڑھا کرے۔ اور ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر اس کو خوف اور دہشت سے نجات مل جائے گی۔

آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ فَاللّٰهُ خَیۡرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ۝ (پارہ:۱۳، رکوع:۲)

پورے ماہ محفوظ رہنے کے لئے

اگر کوئی شخص چاند دیکھ کر سورۂ ملک کی تلاوت کرے تو پورا مہینہ امن وامان سے رہے اور ہر طرح کی آفات سے خواہ وہ ارضی ہوں یا سماوی وہ محفوظ رہے۔ (سورۂ ملک: ۲۹ سپارے کی پہلی سورۃ ہے)

تقریر اور مناظرہ میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی تقریر کامیاب رہے اور اس کو مناظرہ میں فتح اور غلبہ

حاصل ہو تو مندرجہ ذیل آیت کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے پھر اسٹیج پر جائے۔ انشاءاللہ زبردست کامیابی ملے گی۔ آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ (پارہ:۱۵، رکوع ۹)

محبوبیت اور ازالۂ مرض کے لئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کو دیکھنے والے اس کو محبوب رکھیں اور اس کو ہر طرح کے امراض سے نجات مل جائے تو اس کو چاہئے کہ چینی کی پلیٹ پر سورہ محمد کا نقش گلاب و زعفران سے لکھ کر پھر اس کو آب زمزم سے دھو کر اس کو پی لے۔ اس عمل کی برکت سے دیکھنے والے اس سے محبت کرنے لگیں گے اور اسی عمل کی برکت سے ہر طرح کے امراض سے انشاءاللہ نجات بھی مل جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۵۱۶۳	۱۳۵۱۶۶	۱۳۵۱۷۰	۱۳۵۱۵۶
۱۳۵۱۶۹	۳۵۱۵۷	۱۳۵۱۶۲	۱۳۵۱۶۷
۱۳۵۱۵۸	۱۳۵۱۷۲	۱۳۵۱۶۴	۱۳۵۱۶۱
۱۳۵۱۶۵	۱۳۵۱۶۰	۱۳۵۱۵۹	۱۳۵۱۷۱

مریض کو مرض سے نجات کا عمل

اگر کوئی شخص ایسے مرض میں مبتلا ہو کہ علاج کے باوجود اس کو فائدہ نہیں ہو رہا ہو اور اس کے مرض میں افاقہ بھی نہیں ہو رہا ہو تو اس مریض کو مرض سے نجات دلانے کے لئے تین طریقے اختیار کریں۔

(۱) ایک یہ ہے کہ ۱۳۱ مرتبہ "یَا سَلَامُ" پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے رکھ لیں روزانہ عصر کے بعد یہ پانی مریض کو پلائیں۔

(۲) پانی پلانے کے بعد بآواز بلند ۱۳۱ مرتبہ "یَا سَلَامُ" مریض کے پاس بیٹھ کر

پڑھیں۔ اتنی آواز میں کہ مریض سن لے۔

(۳) اس نقش کو مریض کے گلے میں کالے کپڑے میں پیک کر کے ڈال دیں۔ انشاءاللہ ایک ہی ہفتہ میں مریض کو مرض سے نجات مل جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲	۳۵	۳۹	۲۵
۳۸	۲۶	۳۱	۳۶
۲۷	۴۱	۳۳	۳۰
۳۴	۲۹	۲۸	۴۰

ناف ٹلنے کے لئے

اگر کسی کی ناف بار بار ٹلتی ہو تو یہ آیت لکھ کر ناف پر باندھیں۔ ایک ماہ تک بندھی رہنے دیں۔ انشاءاللہ ناف ٹلنی بند ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۝

(پارہ ۲، رکوع ۶)

کثرت حیض کو روکنے کے لئے

اگر کسی عورت کو حیض بکثرت آتا ہو تو اس کو مندرجہ ذیل آیت سو مرتبہ پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے طہر کے دنوں میں صبح شام پلائیں اور اسی آیت کے تین نقش خاکی چال سے بنائیں۔ ایک نقش عورت کے آگے کے دامن میں سی دیں۔ ایک پیچھے کے دامن میں اور ایک نقش گلے میں ڈال دیں۔ تینوں نقش کو خاکی رنگ کے کپڑے ہی میں پیک کریں۔

آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ ۝ (پارہ:۴، رکوع ۹)

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۷۰	۹۵۸	۹۵۹	۹۶۵
۹۶۰	۹۶۴	۹۷۱	۹۵۷
۹۶۷	۹۶۱	۹۵۶	۹۶۸
۹۵۵	۹۶۹	۹۶۶	۹۶۲

اس نقش کی رفتار یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

گردے کی تمام بیماریوں کے لئے

گردہ کے درد اور گردے کی تمام بیماریوں کے لئے سورۂ قریش (سپارہ: ۳۰) ۱۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے دونوں وقت کھانے سے پہلے پلائیں۔ اور گردہ کی پتھری کو خارج کرنے کے لئے سورۂ قریش کا نقش آتشی چال سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۶۸	۱۵۸۲	۱۵۷۹	۱۵۷۵
۱۵۸۰	۱۵۷۴	۱۵۶۹	۱۵۸۱
۱۵۷۳	۱۵۷۷	۱۵۸۴	۱۵۷۰
۱۵۸۳	۱۵۷۱	۱۵۷۲	۱۵۷۸

مرگی کو دفع کرنے کے لئے

اگر کسی کو مرگی کا مرض ہو تو اس کے دونوں کانوں میں مندرجہ ذیل کلمات ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ انشاء اللہ صرف سات روز ایسا کرنے سے مرگی سے نجات مل جائے گی۔

کلمات یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥ الٓمٓصٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ٥ حٰمٓ عٓسٓقٓ ٥ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ٥

برص کا مرض دور کرنے کے لئے

ایام بیض کے روزے رکھیں۔ یعنی چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ کے روزے رکھیں اور افطار کے وقت بکثرت "یَا مَجِیْدُ" پڑھیں۔ چند ماہ ایسا کرنے سے برص کے نشانات ٹھیک ہو جائیں گے۔ یہ عمل مریض کو خود کرنا چاہیے۔

اگر کوئی بچہ نہ بول پاتا ہو

بعض بچے نہیں بولتے ایسے بچوں کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے۔ سورۂ بنی اسرائیل پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے رکھ لیں اور روزانہ نہار منہ یہ پانی بچے کو پلائیں۔ اس طرح چھ ہفتوں تک چھ مرتبہ بوتل تیار کر کے بچے کو پلائیں۔ اور سورۂ بنی اسرائیل کا نقش بچے کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ بچہ روانی کے ساتھ بولنے لگے گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۱۳۴۷	۶۱۳۶۰	۶۱۳۵۷	۶۱۳۵۴
۶۱۳۵۸	۶۱۳۵۳	۶۱۳۴۸	۶۱۳۵۹
۶۱۳۵۲	۶۱۳۵۵	۶۱۳۶۲	۶۱۳۴۹
۶۱۳۶۱	۶۱۳۵۰	۶۱۳۵۱	۶۱۳۵۶

مفرور کی واپسی کے لئے یا چوری کے مال کی واپسی کے لئے

۱۶ اگر کوئی شخص فرار ہوگیا ہو یا کسی کا مال چوری ہوگیا ہو تو اس کے گھر کے دروازے پر کھڑے ہوکر گیارہ مرتبہ سورۂ طارق بہ آواز بلند پڑھیں۔ لگاتار تین روز تک انشاء اللہ چوری کا مال بھی مل جائے گا اور مفرور شخص بھی اس عمل کی برکت سے واپس آجائے گا۔

(سورۂ طارق ۳۰ ویں سپارے میں ہے)

ہر حاجت کی تکمیل کے لئے

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ کوئی بھی حاجت ہو کتنی بھی بڑی خواہش ہو سورۂ یٰسین ایک ہی نشست میں ۴۵ مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں۔ دعا لازماً قبول ہوگی۔ عمل کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ہزاروں بار کا آزمودہ عمل ہے۔

دولت حاصل کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص مالدار بن جانے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہئے کہ ۱۳ دن تک لگاتار ۳۱۳ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے زبردست روزی ملے گی اور بکثرت مال میسر آئے گا اور ایسی جگہ سے دولت ملے گی جہاں سے ملنے کا وہم وگمان بھی نہیں ہوگا۔

پیغام نکاح کے لئے

جن لڑکیوں کے نکاح کے پیغام نہ آتے ہوں ان کو چاہئے کہ ہرے رنگ کے ریشمی کپڑے میں سورۂ طٰہٰ کا نقش لکھ کر اس بکس میں رکھیں جس میں لڑکی کے کپڑے رکھے جاتے ہوں ورنہ پھر گھر کی کسی بھی الماری میں رکھ دیں۔ انشاء اللہ بہت جلد نکاح کے مناسب پیغام موصول ہونے لگیں گے۔ نقش کے نیچے لڑکی کا اور اس کی ماں کا نام بھی لکھ دیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۹۸۲۰	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۱۳
۹۹۸۲۶	۹۹۸۱۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۲۴
۹۹۸۱۵	۹۹۸۲۹	۹۹۸۲۸	۹۹۸۱۸
۹۹۸۲۲	۹۹۸۱۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۸

برائے شادی

فلاں بنت فلاں

دشمن کو مبہوت کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص کسی ظالم وفاسق شخص کی دشمنی اور بری حرکتوں سے پریشان ہو اور یہ چاہتا ہو کہ اس کا دشمن اس کے سامنے ذلیل وخوار ہو یا اس کے سامنے دشمن کی زبان بند ہوجائے اور وہ ایک حرف ناروا بھی اپنی زبان سے نہ نکال سکے تو اس کو چاہئے کہ باوضو ہوکر یہ نقش لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ دشمن کا جب بھی سامنا ہوگا دشمن مرعوب ہوکر رہ جائے گا اور اس کی زبان کٹ کر رہ جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۷۷	۶۸۰	۶۸۴	۶۷۰
۶۸۳	۶۷۱	۶۷۶	۶۸۱
۶۷۲	۶۸۶	۶۷۸	۶۷۵
۶۷۹	۶۷۴	۶۷۳	۶۸۵

لوگوں کی نظروں میں مقبول ہونے کے لئے

جو شخص مخلوق کی نظروں میں محبوب ومقبول ہونے کا خواہش مند ہو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل نقش کو گلاب وزعفران اور مشک سے لکھ کر اپنی ٹوپی میں رکھ لے ورنہ اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کرکے خوشبو بھی اس پر لگائے۔ انشاء اللہ جہاں بھی

جائے گا مقبول رہے گا۔ اور دیکھنے والے عزت کرنے پر مجبور ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۰۶۱۷	۵۰۶۳۱	۵۰۶۲۷	۵۰۶۲۴
۵۰۶۲۸	۵۰۶۲۳	۵۰۶۱۸	۵۰۶۳۰
۵۰۶۲۲	۵۰۶۲۵	۵۰۶۳۳	۵۰۶۱۹
۵۰۶۳۲	۵۰۶۲۰	۵۰۶۲۱	۵۰۶۲۶

حفاظت حمل کے لئے

حمل کی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر لال کپڑے میں پیک کر کے حاملہ عورت کی کمر میں باندھیں نقش پیٹ کی طرف رہے گا اور گرہ پشت پر بندھے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

س	ہ	ی	و
ق	و	س	ا
د	ی	و	م
و	س	و	ی

سوکھے کا علاج

اگر کسی بچے کو سوکھے کا مرض لاحق ہو جائے اور بچہ دن بدن سوکھتا چلا جائے تو مندرجہ ذیل کلمات باوضو ہو کر ۱۶۲۲ مرتبہ پڑھ کر گڑ پر دم کر دیں۔ اور یہ گڑ روزانہ چنے کے برابر بچے کو کھلائیں اگر بچہ بہت چھوٹا ہو تو اس گڑ کو طشتری میں گھس کر بچے کو چٹائیں۔ انشاء اللہ ۲۱ دن میں مکمل آرام ملے گا اور بچہ فربہ ہونا شروع ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ ادعون تدعون ۔ آب زدم خشک شو محمد رسول اللہ از دنیا برفت بروقت تو نیز ناپید شو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

مرگی کا مجرب ترین علاج

اگر کسی شخص کو مرگی کا مرض ہو اور کسی طرح ٹھیک نہیں ہو رہا ہو تو مندرجہ ذیل عمل اس کے لئے کریں۔ انشاء اللہ مرگی سے نجات ملے گی۔ مریض کے دائیں بازو پر یہ لکھ کر باندھیں۔ کلیوسٌ مربوشٌ تیلوسٌ بار الساك حاشش ۔مریض کے بائیں بازو پر یہ لکھ کر باندھیں۔ اخسرو ۔ اعوذ باالله من شر ام الصبیان ولاحول ولا قوة الا با الله العلی العظیم ۔مریض کے گلے میں یہ کلمات لکھ کر ڈالیں۔ یامن حنان یامنان وصلی الله علی خیر ختم محمد واله واصحابه اجمعین۔

بواسیر کا علاج

درج ذیل کلمات سات بار ایک کاغذ پر لکھ کر خالی کیپ سول میں رکھ کر سات روز تک لگا تار کھالیں۔ انشاء اللہ خونی اور بادی بواسیر کی ٹھیک ہو جائے گی۔

کلمات یہ ہیں۔ [illegible]

میاں بیوی کی محبت کے لئے

میاں بیوی کی محبت کے لئے مندرجہ ذیل نقش اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ دونوں میں سے جو طالب ہو اپنے مطلوب کو گرویدہ کرنے کے لئے اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یاجامع	یاوہاب	یادہاب	یاسلام
یااللہ	یارحیم	یاجامع	یامجیب
یاحی	یاباعث	یاواسع	یاحمید
یامجیب	یامجیب	یامجیب	یاجامع


[illegible]

سحر زدہ مکان کے لئے

اگر کسی مکان پر سحر کا شبہ ہو تو اس مکان میں مندرجہ ذیل نقش آویزاں کریں۔ انشاء اللہ سحر کے اثرات رفع ہوں گے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶



ردّ سحر کے لئے

کیسا بھی سحر ہو علوی یا سفلی اس کو رد کرنے کے لئے سات نمازیوں کے وضو کا بچا ہوا پانی ایک بوتل میں جمع کر لیں اور اس پر دو سو مرتبہ "سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ" پڑھ کر دم کر لیں۔ سات چھوارے لیں اور ہر ایک چھوارے پر ۲۱ مرتبہ مذکورہ آیت پڑھ کر دم کر دیں۔ اس کے بعد مریض کو عصر کے بعد روزانہ ایک چھوارہ کھلا کر بوتل کا پانی پلا دیں۔ لگاتار سات روز تک اس عمل کو جاری رکھیں اور مندرجہ ذیل نقش مریض کے گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶


۲۸۴	۲۷۹	۲۸۶
۲۸۵	۲۸۳	۲۸۱
۲۸۰	۲۸۷	۲۸۲

لڑکا یا لڑکی کی شادی کے لئے

جس لڑکی یا لڑکے کی شادی کسی نے باندھ رکھی ہو۔ اس کے گلے میں مندرجہ ذیل دونوں نقش لکھ کر ڈالیں۔ ایک جانب ایک نقش لکھیں اور دوسری جانب دوسرا نقش انشاء اللہ تین ماہ کے اندر اندر تمام رکاوٹیں ختم ہوں گی۔ وہ دونوں نقش یہ ہیں۔

۷۸۶

۲۱۷۵۲	۲۱۷۵۶	۲۱۷۵۹	۲۱۷۴۵
۲۱۷۵۸	۲۱۷۴۶	۲۱۷۵۱	۲۱۷۵۷
۲۱۷۴۷	۲۱۷۶۱	۲۱۷۵۴	۲۱۷۵۰
۲۱۷۵۵	۲۱۷۴۹	۲۱۷۴۸	۲۱۷۶۰



بجق اھیا اشراھیا

۷۸۶

۵۷۶۷	۵۷۷۰	۵۷۷۳	۵۷۵۹
۵۷۷۲	۵۷۶۰	۵۷۶۶	۵۷۷۱
۵۷۶۱	۵۷۷۵	۵۷۶۸	۵۷۶۵
۵۷۶۹	۵۷۶۴	۵۷۶۲	۵۷۷۴

یرقان کے مرض کو دفع کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص یرقان "پیلیا" کا شکار ہو جائے تو اس کے گلے میں یہ نقش لکھ کر ڈالیں اور اسی نقش کو طشتری پر زعفران سے لکھ کر صبح شام پلائیں۔ انشاء اللہ سات روز میں مکمل آرام ملے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۹۰۸	۷۹۲۱	۷۹۱۸	۷۹۱۵
۷۹۱۹	۷۹۱۴	۷۹۰۹	۷۹۲۰
۷۹۱۳	۷۹۱۶	۷۹۲۳	۷۹۱۰
۷۹۲۲	۷۹۱۱	۷۹۱۲	۷۹۱۷

گھربار کی حفاظت

گھربار کی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر گھر میں لٹکا دیں۔ انشاءاللہ پورا گھر ہر طرح کی آفات وحادثات سے محفوظ رہیگا۔

۷۸۶

۸۳۱	۸۵۸	۸۵۱	۸۳۵
۸۵۳	۸۴۳	۸۳۳	۸۵۶
۸۴۱	۸۴۷	۸۶۲	۸۳۵
۸۶۰	۸۳۷	۸۳۹	۸۴۹

مرتبہ کی بلندی کے لئے

جو شخص سماج میں اعلیٰ مقام حاصل کرنا چاہتا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ دیکھنے والے اس کی عزت کریں اور ہر کس و ناکس اس کا احترام کرنے پر مجبور ہو تو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل نقش گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ اور اس کے بعد اپنی آنکھوں سے کرشمۂ قدرت دیکھے۔

۷۸۶

۸۰۸	۸۷۴	۸۵۹	۸۴۴
۸۶۴	۸۳۹	۸۱۳	۸۶۹
۸۳۴	۸۴۹	۸۸۴	۸۱۸
۸۷۹	۸۲۳	۸۲۹	۸۵۴

دینی و دنیاوی کامیابیوں کے لئے

جو شخص دنیاوی اور دینی کامیابیاں حاصل کرنا چاہتا ہو اور اس بات کا آرزومند ہو کہ کسی بھی جگہ اس کو ناکامی کا سامنا کرنا نہ پڑے تو اس کو چاہئے کہ درج ذیل نقش کو گلاب و زعفران سے لکھ کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس نقش کی برکت سے اس کے تمام کام بنتے چلے جائیں گے اور اس نقش کے ذریعہ حیرتناک نتائج سامنے آئیں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۴	۳۳۶۲	۸
۳۳۶۳	۷	۲	۱۳
۶	۳۳۶۰	۱۲	۳
۱۵	۴	۵	۳۳۶۱

تسخیر خلائق کے لئے

تسخیر خلائق کے لئے یہ نقش تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ عروج ماہ میں اس کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ خلق کی نظر میں محبوب ہو جائیں گے۔ اور چاہنے والوں کی تعداد میں زبردست اضافہ ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۳۳۶۵	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۳۳۶۴
۶	۹	۳۳۶۷	۳
۳۳۶۶	۴	۵	۱۰

مہلک امراض سے نجات

کسی بھی طرح کی بیماری ہو۔حد یہ ہے کہ اگر مریض ایسے مرض میں مبتلا ہو کہ جس کا علاج بظاہر ممکن نہ ہو تب بھی یہ نقش باذن اللہ شفاء کا ذریعہ بنے گا۔ایک نقش مریض کے گلے میں ڈالیں۔اور سات نقش طشتری پر لکھ کر روزانہ سات روز تک مریض کو پلائیں۔انشاء اللہ مرض کتنا بھی شدید اور کتنا بھی مہلک ہوگا اس سے نجات ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۹۱	۱	۱۶۹۳
۱۶۹۲	۱۶۹۰	۳
۲	۱۶۹۴	۱۶۸۹

آدھے سر کے درد کے لئے

اگر کوئی شخص درد شقیقہ یعنی آدھے سر کے درد کا مریض ہو تو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل نقش کو ساعت مشتری میں لکھ کر کالے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈال لے۔انشاء اللہ درد سر سے نجات مل جائیگی۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب
یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب
یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب
یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب	یاحبیب

زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے

اگر کوئی شخص سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت خواب میں کرنا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ نوچندی جمعرات کو پاک صاف لباس پہنے اور پانچوں وقت کی نماز باجماعت پڑھے۔ ہر فرض نماز کے بعد ایک تسبیح درود شریف کی پڑھے۔رات کو کسی کاغذ پر سیدنا طٰہٰ ۱۴۱ سو مرتبہ لکھ کر اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لے اور لاتعداد مرتبہ درود شریف پڑھتا ہوا سو جائے۔انشاء اللہ رات کو زیارت سے مشرف ہوگا۔

باہمی محبت اور صلح کے لئے

کسی گھر کے افراد اگر آپس میں لڑتے جھگڑتے ہوں تو باہمی محبت اور صلح کے لئے مندرجہ ذیل نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے گھر میں لٹکادیں۔انشاء اللہ آپسی جھگڑے ختم ہوں گے۔اور حیرتناک طور پر آپس میں صلح کی راہیں ہموار ہوں گی۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۳۴	۱۱۰۴	۱۱۴۷
۱۱۴۱	۱۱۲۸	۱۱۱۶
۱۱۱۰	۱۱۵۳	۱۱۲۲

مرض نسیان

اگر کسی کو بھول جانے کی بیماری ہو یا کسی کی قوت حافظہ کافی حد تک کمزور ہو چکی ہو اور وہ شخص اس مرض سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل نقش پانچ تیار کرے۔ایک نقش اپنے گلے میں ڈالے اور باقی چار نقش ہر جمعرات کو عصر کے بعد پانی میں گھول کر پی لے۔انشاء اللہ مرض نسیان سے نجات مل جائے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۳۳	۱۱۰۸	۱۱۴۴
۱۱۳۹	۱۱۲۸	۱۱۱۸
۱۱۱۳	۱۱۴	۱۱۲۳

لوح قرآنی

اس لوح کو لکھ کر اپنے گھر میں آویزاں کریں۔ اگر کسی باعمل عامل سے یا کسی بزرگ سے لکھوا کر گھر میں فریم کر کے لگائیں تو افضل ہے۔ صبح کو جب بھی گھر سے نکلیں اس "لوح قرآنی" کی طرف عقیدت سے دیکھیں اور یہ دعا پڑھ کر گھر سے نکلیں۔ بسم اللہ توکلت علی اللہ۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ انشاءاللہ جہاں بھی جائیں گے کامیاب ہوں گے اور اگر خدانخواستہ ناکامی ہوئی تو بہت جلد اس سے بڑی کامیابی سے دوچار ہوں گے۔ آفات اور حادثات سے حفاظت رہے گی۔ اور تمام مشکلات پر باذن اللہ قابو پائیں گے۔ بہت آسان عمل ہے۔ لیکن فوائد اس قدر ہیں کہ ان کا بیان کرنا مشکل ہے۔


۷۸۶

حم	المص	المر	الم
ق	کھیعص	عسق	حم
یسطرون	وما	والقلم	ن

برائے محبت

کسی کی محبت حاصل کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش کو نوچندی جمعہ کو پہلی ساعت میں بنائیں۔ اور سات روز تک کسی پتھر کے نیچے دبادیں۔ سات روز کے بعد اس نقش کو طالب اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ مطلوب محبت کرنے پر مجبور ہوگا۔

نقش یہ ہے۔



الحب فلاں ابن فلاں علیٰ حب فلاں ابن فلاں بحق طٰہٰ وبحق یٰسین وبحق ۔۔ وبحق یابلوح فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم۔ العجل الساعہ الوحا

برائے استخارہ

جو بھی معلوم کرنا چاہیں خواب میں معلوم ہوگا اور خواب میں مردے سے ملاقات بھی ہوسکتی ہے۔ بعد نماز عشاء دو رکعت نفل نماز پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ "وَالشَّمْس" سات بار، دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ "وَاللَّیْل" سات بار پڑھیں مندرجہ ذیل نقش لکھیں اور اس کو تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ مقصد کا خیال دل میں لائیں۔ انشاءاللہ خواب میں جواب ملے گا اور اگر کسی مردہ انسان سے ملاقات مقصود ہوگی تو ملاقات ہوگی۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ل	ا	ص

امتحان میں کامیابی کے لئے

امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔

۷۸۶

۱۵۵۹	۱۵۶۲	۱۵۶۶	۱۵۵۲
۱۵۶۵	۱۵۵۳	۱۵۵۸	۱۵۶۳
۱۵۵۴	۱۵۶۸	۱۵۶۰	۱۵۵۷
۱۵۶۱	۱۵۵۶	۱۵۵۵	۱۵۶۷

خون حیض کو بند کرنے کے لئے

اگر کسی عورت کو ایام حیض کثرت سے آتے ہوں تو مندرجہ ذیل نقش کبوتر یا بکری کے خون سے لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ خون کی کثرت میں کمی ہوگی اور بالکل بھی بند ہو سکتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۰	۲۶۵	۲۷۲
۲۷۱	۲۶۹	۲۶۷
۲۶۶	۲۷۳	۲۶۸

ہر طرح کے مرض کے لئے

مرض کوئی بھی ہو مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر کالے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۸	۴۶۷۴	۴۶۷۸	۱
۴۶۷۷	۲	۷	۴۶۷۵
۳	۴۶۸۰	۴۶۷۲	۶
۴۶۷۳	۵	۴	۴۶۷۹

عادت بد چھڑانے کے لئے

بُری عادتوں سے پیچھا چھڑانے کے لئے عادت بد کوئی بھی ہو جوا، سٹہ، شراب، زنا، چوری وغیرہ اسی طرح کسی سے ناجائز تعلقات وغیرہ۔ مندرجہ ذیل اسماء الٰہی زعفران سے طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر لگاتار گیارہ دن تک پلائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاعلیم، یاکریم، یاحسیب، یارقیب،

یاواسع، یاحفیظ، یارشید، یارقیب،

یاحافظ

اولاد کے لئے

اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو تو مندرجہ ذیل نقش ایک شوہر کے گلے میں ڈالیں اور ایک بیوی کے۔ انشاء اللہ تین ماہ کے اندر حمل قرار پائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۴۷۳	۶۴۶۸	۶۴۷۵
۶۴۷۴	۶۴۷۲	۶۴۷۰
۶۴۶۹	۶۴۷۶	۶۴۷۱

کند ذہنی دور کرنے کے لئے

جو بچہ کند ذہن ہو اس کو روزانہ صبح کے وقت اسکول یا مدرسہ جانے سے پہلے اس نقش کو دکھائیں۔ اس نقش کو لکھ کر فریم میں فٹ کرالیں اور روزانہ بچے سے کہیں کہ ایک منٹ تک اس کی طرف دیکھے۔ انشاءاللہ کند ذہنی دور ہوگی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

طط	طط	وف	ع ع	ص ص
ع ع	وف	ص ص	ع ع	ود
ع ع	ع ع	ع ص	د ص	طط
غ ع	ع ع	طط	طط	وط

خیر و برکت کے لئے

خیر و برکت کے لئے اس نقش کو لکھ کر اپنے گھر لٹکا دیں۔ نقش یہ ہے۔

دس ۷۸۶ اح

۲۳۲	۲۲۷	۲۳۴
۲۳۳	۲۳۱	۲۲۹
۲۲۸	۲۳۵	۲۳۰

لہ کرے

تمام مرادیں پوری ہوں

مندرجہ ذیل نقش کو آٹے میں گولی بنا کر پانی میں ڈالیں۔ جو تیرنے لگے اس کو گولی میں سے نکال کر سکھا کر تعویذ کی شکل میں اپنے پاس رکھیں انشاءاللہ سب مرادیں پوری ہوں گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹	۱	۴	۶
۴	۶	۹	۱
۶	۴	۱	۹
۱	۹	۶	۴

اس نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

گردش ایام سے نجات کے لئے

باوضو ہو کر ۱۵۰۰ مرتبہ "یا سلطان" پڑھ کر دعا مانگیں۔ اول و آخر سو بار درود شریف پڑھیں۔ اور چالیس روز تک بلا ناغہ یہ نقش لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالیں۔ انشاءاللہ گردش ایام سے نجات مل جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۵	۵۰	۵۷
۵۶	۵۴	۵۲
۵۱	۵۸	۵۳

آسیب دفع کرنے کے لئے

مریض کے تکیہ میں یہ نقش رکھوادیں۔ انشاء اللہ آسیب سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۹۱۶	۹۹۱۹	۹۹۲۲	۹۹۰۹
۹۹۲۱	۹۹۱۰	۹۹۱۵	۹۹۲۰
۹۹۱۱	۹۹۲۴	۹۹۱۷	۹۹۱۴
۹۹۱۸	۹۹۱۳	۹۹۱۲	۹۹۲۳

پیشاب کھولنے کے لئے

اگر کسی بچے کا پیشاب بند ہو جائے تو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اس کی ران میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ پیشاب آجائے گا۔

۷۸۶

دعوے	ب	۲۱
۸	ح	درہم
۸	۳	کفا

نقش کی رفتار یہ ہے۔

۷۸۶

۳	۲	۱
۶	۵	۴
۹	۸	۷

بستر پر پیشاب روکنے کے لئے

بعض بچے سوتے وقت بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں۔ اس سے گھر والوں کو بہت پریشانی ہوتی ہے۔ بالخصوص موسم سرما میں روزانہ بستر گیلے ہو جاتے ہیں۔ ایسے بچوں کے گلے میں مندرجہ ذیل تعویذ ڈال دیں۔ انشاء اللہ پیشاب سے نجات ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

علی علی	محمد محمد	اللہ اللہ
رب ب	دل ل	وہ ل

بھاگے ہوئے کو واپس بلانے کے لئے

جو شخص گھر سے بھاگ جائے اس کو واپس بلانے کے لئے مفرور کے کپڑے پر یہ دونوں نقش لکھ کر جلادیں۔ انشاء اللہ وہ واپس آجائے گا۔

باصیلہ شافلاں باز آید

فلاں ابن فلاں

باصیلہ شافلاں باز آید

اگر واپس آنے سے انکار کرتا ہو

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ گیا ہو اور اس کا علم بھی ہو کہ کہاں ہے لیکن وہ گھر آنے سے

انکار کرتا ہو تو مندرجہ ذیل آیت، مندرجہ ذیل انداز سے لکھ کر تعویذ بنا کر گھر میں لٹکا دیں۔
انشاءاللہ تین دن کے اندر اندر واپس آجائے گا۔

نقش یہ ہے۔


۷۸۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اینما تکونوا یات بکم اللہ جمیعاً ان اللہ علیٰ کل شئی
قدیر
فلاں ابن فلاں باز آید

مقدمہ میں کامیابی کے لئے

مقدمہ میں کامیابی کے لئے مندرجہ ذیل نقش ۱۵ دن تک ۵ انقش روزانہ آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالیں۔ انشاءاللہ مقدمہ میں کامیابی ملے گی۔

۷۸۶



مقدمہ جس پر چل رہا ہو یا جو شخص مقدمہ لڑ رہا ہو وہ اپنے ہاتھ سے پانی میں ڈالے۔ خود لکھے یا کسی عامل سے لکھوائے۔

تسخیر خلائق و ترقی تجارت کے لئے

ایک سفید کاغذ پر باوضو حسب ذیل کلمات بروز جمعرات ساعت سعید میں گلاب وزعفران سے اور نئے قلم سے لکھ کر دکان کے صدر دروازے پر لگا دیں اس کا رُخ سڑک کی جانب رہے۔ اور جس دن یہ دعا دکان کے صدر دروازے پر لگائی جائے اس دن دکان کے اندرونی حصے میں لوبان کی دھونی دیں۔ اس کے بعد روزانہ دکان کھولنے سے پہلے ایک کٹورے میں پانی لے کر اس پر "یَارَقِیْبُ" سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے دکان کی دہلیز پر چھڑک دیا کریں۔ انشاءاللہ خوب خیر و برکت ہوگی۔

کلمات یہ ہیں۔ اَللّٰھُمَّ حَسِّنِّیْ فِیْ قُلُوْبِكَ عِبَادِكَ وَاِمَائِكَ۔

مصائب سے نجات حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص کسی مصیبت کا شکار ہو اور کسی بھی طرح اس مصیبت سے خواہ وہ جسمانی ہو، روحانی ہو یا مالی ہو چھٹکارا حاصل نہ ہو رہا ہو تو یہ عمل کرے۔ یہ عمل بزرگوں سے منقول ہے۔ اور اس کو بزرگوں نے حضرت امام جعفر صادقؓ سے منسوب کیا ہے۔ اگر کوئی شخص جنات کے زیر اثر ہو یا سفلی جادو کا شکار ہو یا اور کسی بندش کا شکار ہو تب بھی انشاءاللہ اس عمل کی برکت سے اسے نجات مل جائے گی۔ عمل کے کلمات باوضو سفید کاغذ پر لکھ کر سفید ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر چلتے پانی میں چھوڑ دے۔ ان کلمات کو گلاب و زعفران سے لکھے اور لکھتے وقت اگربتی جلالے۔

کلمات یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ مِنْ عَبْدِ الذَّلِیْلِ اِلٰی رَبِّ الْجَلِیْلِ۔ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰاحِمِیْن۔ جس وقت ان کلمات کو پانی میں ڈالے اس وقت مندرجہ ذیل دعا پڑھے اور دل میں اس مصیبت کا تصور رکھے۔ جس سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہے۔

دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ وَالطَّاھِرِیْنَ وَحجةِ المرضِیْنَ اَقْضِ حاجتی یا اَرْحَمَ الرّٰاحمِیْنَ۔

دعا کی قبولیت کے لئے

کسی بھی مقصد کیلئے بشرطیکہ وہ ناجائز نہ ہو دعا اس طرح کریں۔ مغرب کی نماز کے بعد دو نفل پڑھ کر اپنی ٹھوڑی کو اپنی دائیں ران پر رکھ کر تین سو مرتبہ پڑھیں۔ "سَهْلًا بِفَضْلِكَ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ" اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد سجدے میں جا کر اپنے مقصد کے لئے دعا کریں۔ انشاء اللہ فوراً دعا قبول ہوگی۔ اگر اس عمل کو لگاتار سات روز تک کرلیں تو افضل ہے۔

روزگار کے حصول کے لئے

کسی بھی خالی مکان میں یا کسی بھی مسجد کی چھت پر کھڑے ہو کر کھلے آسمان کے نیچے ایک ہزار مرتبہ يَا وَهَّابُ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس عمل کو لگاتار سات روز تک کریں۔ اگر عروج ماہ میں کریں تو افضل ہے۔ انشاء اللہ بہت جلد روزگار مل جائے گا۔

فتح و نصرت کے لئے

جو شخص اپنے دشمن پر غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ چاند کے مہینے میں پہلے جمعہ کو نماز فجر کے بعد ایک سفید اور پاک صاف کپڑے پر ہری روشنائی سے كٓهٰيٰعٓصٓ اکیس بار لکھے اور ۲۱ بار درود شریف پڑھ کر اس پر دم کر دے پھر اس کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ دشمن پر غالب ہوگا اور لڑائی میں فتح پائے گا۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

قرض کی ادائیگی کیلئے باوضو سفید کاغذ پر گلاب و زعفران سے یہ لکھے بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ طٰسٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ اور اسکو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔

انشاء اللہ بہت جلد قرض سے نجات ملے گی۔

یادداشت کو بڑھانے کے لئے

جو شخص بھول جانے کا مریض ہو اور اس کی یادداشت کمزور ہو تو اس کو چاہئے کہ روزانہ کسی طشتری پر پانچ مرتبہ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ لکھ کر پانی سے دھو کر پی لیا کرے۔ انشاء اللہ قوت حافظہ میں اضافہ ہوگا۔

کمزوری دور کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کو کسی مرض کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے غیر معمولی کمزوری کا سامنا ہو تو اس کو چاہئے کہ کسی کاغذ پر یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ لکھ کر اپنی کمر پر باندھ لے۔ انشاء اللہ چند ہفتوں میں کمزوری دور ہوگی۔

حمل قرار پانے کے لئے

اگر کوئی عورت اولاد سے محروم ہو یا اولاد نرینہ سے محروم ہو تو دونوں صورتوں میں یہ عمل انشاء اللہ مفید ثابت ہوگا۔ مندرجہ ذیل قرآن حکیم کی آیت کو چالیس کاغذوں پر لکھ کر روزانہ ایک تعویذ رات کو سوتے وقت پیئے۔ ایام کے دنوں میں پینا ترک کر دے اس کے بعد چالیس کی تعداد پوری کرلے۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا اور اللہ کے فضل و کرم سے فرزند پیدا ہوگا۔ آیت کریمہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝

صلح کے لئے

دو مسلمانوں کے درمیان صلح کرانے کے لئے روزانہ ۲۱ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر مغرب کی نماز کے بعد سجدے میں جا کر دونوں کی صلح کی دعا کرے۔ انشاء اللہ ۲۱ روز کے اندر اندر اس عمل

کی برکت سے دونوں صلح کے لئے آمادہ ہو جائیں گے۔ اس عمل کو لگاتار ۲۱ روز تک کرنا ہے۔

آیت یہ ہے۔ بسم الرحمن الرحیم ۔ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْکُمْ ۔

برائے حاجت

کسی بھی حاجت کو پورا کرنے کے لئے سات روز تک بعد نماز عشاء ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں اور اپنی حاجت کے لئے دعا کریں۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

تسخیر خلائق کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ تمام مخلوق اس کی تابعداری کرے اور اس کے حکم کی تعمیل کرے اور اس کے سامنے سب سر تسلیم خم کریں اور اس سے سب محبت کریں تو نماز فجر کے بعد ۸۸۰ مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پڑھے۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اس عمل کو لگاتار ۱۲۰ روز تک کرے۔ انشاء اللہ تمام مخلوق مسخر ہوگی۔

شہرت کے لئے

جو شخص کسی خاص معاملے میں شہرت حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اپنے نام کے مجموعی اعداد کے برابر اس آیت کو نماز فجر کے بعد پڑھا کرے اور آگے پیچھے تین تین مرتبہ درود شریف بھی پڑھا کرے۔ انشاء اللہ چند مہینوں میں زبردست شہرت ملے گی۔

آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ۔

ہر طرح کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ ہر طرح کے شر سے محفوظ رہے اور اللہ تعالیٰ اس کو حفظ وامان میں رکھے اس کو چاہئے کہ نوچندی جمعرات کو باوضو یہ نقش لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ ہر طرح کے شر سے اس کی حفاظت ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۴۵۴	۸۴۶۸	۸۴۶۵	۸۴۶۱
۸۴۶۶	۸۴۶۰	۸۴۵۵	۸۴۶۷
۸۴۵۹	۸۴۶۳	۸۴۷۰	۸۴۵۶
۸۴۶۹	۸۴۵۷	۸۴۵۸	۸۴۶۴

افسر اور حاکم کو راضی کرنے کے لئے

جو شخص اپنے افسر اور اپنے حاکم کو جس کے دفتر میں وہ ملازمت کرتا ہو خوش رکھنا چاہے اور یہ چاہے کہ اس کا حاکم اس سے راضی رہے تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ حیرتناک نتائج برآمد ہوں گے۔

احتلام سے بچنے کے لئے

اگر کسی شخص کو احتلام کا مرض ہو تو اس کو چاہئے کہ ایک تعویذ گلے میں ڈالے اور ایک تعویذ رات کو سونے سے پہلے پانی میں بھگو کر پی لیا کرے۔ انشاء اللہ چند ہفتوں میں اس مرض سے نجات ملے گی۔ جب نجات مل جائے تو تعویذ کا پانی پینا ترک کر دے البتہ گلے والے تعویذ کو کم سے کم ایک سال تک گلے میں رکھے۔ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴۶	۲۶۰	۲۵۷	۲۵۴
۲۵۸	۲۵۳	۲۴۷	۲۵۹
۲۵۲	۲۵۵	۲۶۲	۲۴۸
۲۶۱	۲۴۹	۲۵۱	۲۵۶

برے شوہر سے نجات حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی عورت اپنے شوہر کے ظلم وستم سے یا اس کے نکمے پن سے پریشان ہو اور وہ اس سے خلع حاصل کرنا چاہتی ہو یا یہ چاہتی ہو کہ وہ اس کو طلاق دے تو مندرجہ ذیل قرآن کی آیت شوہر کے نام کے مجموعی اعداد کے برابر پڑھا کرے۔ انشاء اللہ وہ اس عورت کو چھوڑ دے گا۔
آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ثُمَّ لَقَطَعْنَامِنْهُ الْوَتِيْنَ فَمَامِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِيْنَ ۝

مرگی کا فوری علاج

اگر کسی کو مرگی کا دورہ پڑا ہوا ہو اور وہ ہوش میں نہ آ رہا ہو تو ایک پیالے میں پانی لے کر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ایک مرتبہ سورۂ فلق اور ایک مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کے چہرے پر چھینٹیں دیں۔ انشاء اللہ فوراً ہوش میں آئے گا۔ پھر اس پانی کو سات روز تک اسکو پلائیں۔ انشاء اللہ پھر مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا۔

نظر بد کے لئے

اگر کسی بچے کو بار بار نظر لگتی ہو تو اس بچے کے گلے میں یہ تعویذ ڈالیں اس کو کالے رنگ کے کپڑے میں پیک کرالیں۔ انشاء اللہ اس کے بعد اس بچے کو نظر نہیں لگے گی۔

۷۸۶

۶۰۴	۶۱۷	۶۱۴	۶۱۱
۶۱۵	۶۱۰	۶۰۵	۶۱۶
۶۰۹	۶۱۲	۶۱۹	۶۰۶
۶۱۸	۶۰۷	۶۰۸	۶۱۳

قوت باہ میں اضافہ کے لئے

تین دن تک مسلسل روزے رکھے اور نصف شب کے وقت گلاب و زعفران سے اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر یہ آیت لکھے۔ یَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ اسکے بعد اسکو زبان سے چاٹ لے۔ انشاء اللہ قوت باہ میں زبردست اضافہ ہوگا۔

حمل کی حفاظت کے لئے

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو اس کے گلے میں حمل ٹھہرنے کے بعد یہ تعویذ لکھ کر ڈال دے۔ انشاء اللہ حمل محفوظ رہے گا۔ اور ساتھ خیر و عافیت کے بچہ پیدا ہوگا۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

س	و	ی	و
ی	و	س	و
و	ی	و	س
و	س	و	ی

سوکھے کا عارضہ

اگر کسی بچے کو سوکھے پن کا عارضہ لاحق ہو تو ذیل کا عمل ۱۶۲۲ مرتبہ پڑھ کر گڑ پر دم کر دیں اور روزانہ یہ گڑ اس وقت تک بچے کو کھلاتے رہیں جب تک وہ فربہ نہ ہو جائے۔ روزانہ چنے کے برابر کھلانا ہے۔ عمل یہ ہے۔ اَذْغُوْنْ تَذْغُوْنْ آبِ زدم خشك شو محمد رسول الله ازدنیا برفت برفت تو تیز ناپید شو بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ محمد رسول الله ۔

بواسیر کے لئے

مندرجہ ذیل طلسم سات باریک کاغذوں پر لکھ کر روزانہ ایک کاغذ کو گولی بنا کر نہار منہ پانی سے سٹک لیں۔ انشاءاللہ خونی اور بادی بواسیر سے نجات ملے گی۔

طلسم یہ ہے۔ ١١ ٨ ح عہ ططاع ١١ امطم ھ ھ

رونے والے بچوں کے لئے

جو بچے ہر وقت روتے ہوں اور رونے کا کوئی سبب بھی معلوم نہ ہو تو انکے گلے میں مندرجہ ذیل نقش لکھ کر ڈالیں۔ انشاءاللہ رونا موقوف ہوگا۔

٧٨٦

١	٢٢	١٩	٨
٢٠	٧	٢	٢١
٦	١٧	٢٤	٣
٢٣	٤	٥	١٨

سانپ کو بھگانے کے لئے

اگر کسی گھر میں سانپ ہو اور اس کو بھگانا مقصود ہو تو مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر پانی میں ہلا کر اس پانی کو گھر کے تین کونوں میں چھڑک دیں۔ انشاءاللہ سانپ وہاں سے چلا جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

ن ہ م ر ی ک ی د و ن ک ی د ا و ا
ک ی د ک ی د ا ف م ر ہ ل ا ل
ک ا ف د ی ن ا م ر ہ ل ہ م ر

دردسر کے لئے

اگر کسی کے سر میں شدید درد ہو تو سر پر ہاتھ رکھ کر ١٢ مرتبہ ایک ہی سانس میں "یَا وَهَّابُ" پڑھ لے درد جاتا رہے گا۔

برائے شفاء امراض

بیساکھ کے اٹھارہ دن کے بعد جب آفتاب برج حمل میں آئے یعنی ٢١ مارچ سے ٢١ اپریل کے درمیان اگر بارش ہو تو اس پانی کو محفوظ کر لیں اور سفید کپڑے میں اس کو چھان لیں اور کسی پاک صاف مٹی کے برتن میں رکھ لیں۔ اس کے بعد اس پانی پر ستر مرتبہ سورۂ فاتحہ، ستر مرتبہ چاروں قل پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر یہ پانی سات روز تک مریض کو صبح شام پلائیں۔ انشاءاللہ کیسا بھی مرض ہوگا نجات ملے گی۔

برائے دفع سحر

مذکورہ پانی پر چالیس مرتبہ سورۂ یٰسین چالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اور چالیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر دیں۔ اول و آخر درود شریف بھی پڑھیں۔ اس پانی سے زوال کے وقت سحر زدہ کو زمین میں گڑھا کھود کر نہلائیں اور اس پانی سے لگاتار تین روز تک زوال کے وقت سحر زدہ کو نہلاتے رہیں اور یہی پانی غسل کے بعد پلاتے رہیں۔ انشاءاللہ سحر سے نجات ملے گی۔

برائے دفع نحوست

قمری مہینے کی پہلی تاریخ کو دو رکعت نماز اسطرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص ٣٠ مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ٣٠ مرتبہ پڑھے۔ اگلے دن تین غریب آدمیوں کو صدقہ دے جو بھی میسر ہو اور جس رات یہ عمل کرنا ہو اس سے پہلے ایک رات قبل سورۂ انعام کی تلاوت ایک بار کرے۔ انشاءاللہ نحوستوں سے نجات ملے گی۔

حاجت پوری کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل نقوش کو سبز رنگ کے ریشمی کپڑے پر تحریر کریں۔ سیدھے بازو پر باندھیں۔ انشاء اللہ جو بھی حاجت ہوگی پوری ہوگی۔

ك	ا	ف	ی
ی	ف	ا	ے
ر	ك	ر	ی
ظ	ی	ر	ا

ف	ت	ا	خ
ح	ا	ت	ف
ت	ف	ح	ا
ا	ح	ف	ت

ن	غ	ی
ی	ن	غ
غ	ی	ن

دردزہ کے لئے

بوقت ولادت اس نقش کو لکھ کر عورت کے دائیں ہاتھ میں پکڑادے۔ انشاء اللہ بآسانی ولادت ہوگی۔

٧٨٦

ج ح خ ط ظ غ ق ق ی ے ل م
ششم ١ ٥٥٥ سوك ل م

برائے حفاظت

مکان ودکان کی حفاظت کیلئے اس نقش کو فریم میں لگا کر دیوار پر لگائیں۔ انشاء اللہ دکان ومکان ہرطرح کی نحوست واثرات سے محفوظ رہیں گے۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

ح	ف	ی	ظ
ظ	ی	ف	ح
ف	ح	ظ	ی
ی	ظ	ح	ف

برائے تسخیر

جمعہ کے دن پہلی ساعت میں کالی مرچ گیارہ عدد لیں۔ ہر مرچ پر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں اول وآخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ عشاء کی نماز کے بعد سورۂ مزمل کا نقش فتیلہ بنا کر چنبیلی کے تیل میں جلائیں۔ ایک انگیٹھی میں کوئلے دہکائیں۔ سورۂ مزمل سو مرتبہ پڑھیں اور پڑھنے کے دوران ایک ایک کرکے کالی مرچ کوئلوں میں ڈالتے رہیں اور اپنے محبوب کا تصور کریں۔ یہ عمل لگاتار گیارہ دن تک ہوگا اور ہر شب نیا فتیلہ بنے گا، البتہ چراغ ایک ہی رہے گا۔ انڈہ، مچھلی اور گوشت کا گیارہ دن تک پرہیز رہے گا۔

نقش یہ ہے۔

٧٨٦

١٧٢٥٨	١٧٢٥١	١٧٢٦٣	١٧٢٥٦
١٧٢٥٥	١٧٢٦٤	١٧٢٥٠	١٧٢٦١
١٧٢٥٢	١٧٢٥٩	١٧٢٥٧	١٧٢٦٢
الحب فلاں ابن فلاں علیٰ حب فلاں ابن فلاں	١٧٢٥٤	١٧٢٦٠	١٧٢٥١

اس نقش کی چال یہ ہے۔

٩	٤	١٤	٧
٦	١٥	١	١٢
٣	١٠	٨	١٣
١٦	٥	١١	٢

کسی بھی مہم کے لئے

کسی بھی مہم میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے چار رکعت بعد نماز عشاء اس طرح ادا کرے کہ اس کی پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد یا اللہ سو مرتبہ، دوسری رکعت میں یا رحمٰن سو مرتبہ، تیسری رکعت میں یا رحیم سو مرتبہ اور چوتھی رکعت میں یا ودود سو مرتبہ پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد دعا کرے۔ انشاء اللہ مہم کوئی بھی ہو کامیابی ملے گی۔

برائے دفع سفلی سحر

اگر کوئی شخص سفلی سحر کا شکار ہو تو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل نقش اپنے گلے میں ڈالے اور روزانہ اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر گلاب و زعفران سے لکھ کر تازہ پانی سے دھو کر پئے لگا تار گیارہ دن تک، اگر گیارہ دن میں شفاء نہ ہو تو لگا تار ۲۱ دن تک پئے۔ انشاء اللہ گیارہ دن میں یا ۲۱ دن میں سفلی سحر سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

١	٢٥٩٤٧	٢٥٩٤٤	٨
٢٥٩٤٥	٧	٢	٢٥٩٤٦
٦	٢٥٩٤٢	٢٥٩٤٩	٣
٢٥٩٤٨	٤	٥	٢٥٩٤٣

برائے زندگی اولاد

بعض عورتوں کے بچے پیدا ہوتے ہی مرجاتے ہیں۔ ایسی عورتوں کو چاہئے کہ پیدائش کے فوراً بعد مندرجہ ذیل نقش بچے کے گلے میں ڈالدیں انشاء اللہ اس نقش کی برکت سے بچہ زندہ رہے گا اور عمر طبعی کو پہنچے گا۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

معہ ج	وملہ	سمع
سحب	مطراو	رحمہ

سوکھے کا علاج

اگر بچہ سوکھ رہا ہو اور اس کو سوکھے کا مرض لاحق ہو تو مندرجہ ذیل نقش کو مرغی کے انڈے پر لکھ کر جہاں بچہ سوتا ہو اس کے نیچے زمین میں دبا دیں اگر یہ ممکن نہ ہو تو اسی نقش کو لوکی پر لکھ کر جہاں بچہ سوتا ہو وہاں لٹکا دیں۔ اگر لوکی بچے کے پلنگ کے اوپر رہے تو بہتر ہے۔

٧٨٦

عرود	وامی
رومی	حومی

برائے تعلیم وامتحان

امتحان میں کامیابی کیلئے اس نقش کو ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالیں اور اگر ذہن کشادہ کرنا ہو یا کند ذہنی کے مرض کو دور کرنا ہو تو اسی نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر ۲۱ روز تک روزانہ پئیں۔ انشاء اللہ ذہن روشن ہو جائے گا اور تعلیم کے معاملے میں راہیں کھل جائیں گی۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

١٦١٥	١٦٢٩	١٦٢٦	١٦٢٢
١٦٢٧	١٦٢١	١٦١٦	١٦٢٨
١٦٢٠	١٦٢٤	١٦٣١	١٦١٧
١٦٣٠	١٦١٨	١٦١٩	١٦٢٥

سردی سے چڑھنے والے بخار کے لئے

اگر کسی کو سردی سے بخار چڑھا ہو یا بخار کی حالت میں سردی چڑھتی ہو تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ بخار سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۵۰	۸۶۳	۸۶۰	۸۵۷
۸۶۱	۸۵۶	۸۵۱	۸۶۲
۸۵۵	۸۵۸	۸۶۵	۸۵۲
۸۶۴	۸۵۳	۸۵۴	۸۵۹

حفاظت بینائی کے لئے

اگر کسی کی بینائی کم ہوگئی ہو یا کوئی اپنی بینائی کی حفاظت چاہتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر فیروزی رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ اس نقش کی برکت سے بینائی محفوظ رہے گی اور اگر کم ہوگئی ہوگی تو بینائی انشاء اللہ بڑھ جائے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۸	۸۱	۷۸	۷۵
۷۹	۷۴	۶۹	۸۰
۷۳	۷۶	۸۳	۷۰
۸۲	۷۱	۷۲	۷۷

برائے بلڈ پریشر

جو شخص بلڈ پریشر کا مریض ہو وہ مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے اور یہ نقش زعفران سے لکھ کر روزانہ صبح کو نماز فجر کے بعد نہار منہ پئے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹	۹	۹	۹
۹	۹	۹	۹
۹	۹	۹	۹
۹	۹	۹	۹

ہائی بلڈ پریشر والوں کے لئے یہ نقش اس وقت ''مدد'' کرتا ہے جب اس کو ہری روشنائی سے لکھیں اور لو بلڈ پریشر والوں کے لئے یہ نقش اس وقت مفید ثابت ہوتا ہے جب اس کو لال روشنائی سے لکھیں۔

بعد نماز فجر ''یَاسَلَامُ یَامَالِکُ یَا قُدُّوسُ'' ۳۳ مرتبہ پڑھنے سے بلڈ پریشر کنٹرول میں رہتا ہے۔ مندرجہ ذیل نقش بھی بلڈ پریشر کو کنٹرول میں رکھنے کے لئے بفضل خدا مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ ایک نقش گلے میں ڈالیں اور چالیس نقش چالیس دن تک روزانہ عشاء کے بعد پئیں۔ انشاء اللہ بلڈ پریشر کنٹرول میں رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶


ش	ا	ن	ی
۸۱	۹	۳۰۱	۴
۸	۷۸	۳	۳۰۲
۲	۳۰۳	۷	۷۹

دفع سستی کے لئے

اگر کوئی شخص ہر وقت سست رہتا ہو اور کسی طرح اس کی سستی ختم نہ ہوتی ہو تو مندرجہ ذیل نقش اس کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ سستی سے نجات مل جائے گی۔

نقش یہ ہے۔

٧٨٦



برائے نکاحِ دختر

جس لڑکی کے پیغام نکاح نہ آتے ہوں اسکے گھر میں یہ نقش لکھ کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے ڈالیں۔ انشاءاللہ پیغام نکاح آنے لگیں گے جب کوئی اچھا پیغام آجائے تو اس کو قبول کرنے میں دیر نہ کریں۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

ك	ر	ع	ط	ص
ف	ح	ط	ص	ك
ع	ط	ص	ك	ق
ع	ص	ی	ف	ح
ع	ع	ی	ف	ط

برائے رہائی

اگر کوئی شخص گرفتار ہو اور کسی بھی طرح اس کی رہائی نہ ہو رہی ہو تو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں اور قیدی کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ چلتے پھرتے اور اٹھتے بیٹھتے درود شریف پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ جلد ہی اس کی رہائی کا فیصلہ ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

٧٨٦

د	م	ح	م
٩٢	٩٢	٩٢	٩٢
٩٢	٩٢	٩٢	٩٢
٩٢	٩٢	٩٢	٩٢

مکان خالی کرانے کا عمل

اگر کسی شخص نے کسی کے مکان پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہو تو مندرجہ ذیل نقش کو منگل کے دن پہلی ساعت میں لکھ کر مکان کی دیوار کے کسی سوراخ میں گھسا دیں۔ ورنہ مکان کی دہلیز پر دبا دیں۔ انشاءاللہ کچھ ہی دنوں کے بعد وہ مکان چھوڑ دے گا۔

یہ بات یاد رکھیں کہ خواہ مخواہ کسی کو پریشان نہ کریں اگر شریعت اس طرح کے کام کی اجازت دے تو کریں ورنہ ہرگز ہرگز اس طرح کے عمل نہ کریں۔ کیونکہ بے وجہ کسی کو پریشان کرنے میں آخرت کا نقصان ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۰۵	۷۱۸	۷۱۵	۷۱۲
۷۱۶	۷۱۱	۷۰۶	۷۱۷
۷۱۰	۷۱۳	۷۲۰	۷۰۷
۷۱۹	۷۰۸	۷۰۹	۷۱۴

مالک مکان، مکان خالی نہ کرائے

اگر کوئی مالک مکان خواہ مخواہ بلا ضرورت مکان خالی کرانے کا تقاضہ کرتا ہو اور کرائے دار کو پریشان کرتا ہو تو اس صورت میں کرائے دار کو روزانہ بعد نماز عشاء ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ پڑھنی چاہئے۔

اس عمل کو ۲۱ روز تک کرنا چاہئے۔ انشاء اللہ مکان کا مالک اپنی زبان بند کر لے گا۔ لیکن یہ واضح رہے کہ کسی کے مکان پر قبضہ جمائے رکھنا بھی شرعاً ناجائز ہے۔ کرائے دار کا فرض ہے کہ وہ دلچسپی کے ساتھ مکان تلاش کرتا رہے اور دوسرا مکان ملتے ہی مکان چھوڑ دے۔

بال لمبے کرنے کے لئے

۱۲۱ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر کسی بھی تیل پر دم کر کے وہ تیل بالوں میں لگائیں۔ انشاء اللہ ۲۱ روز یہ تیل لگانے سے بال لمبے ہو جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ۝

ترقی رزق و کاروبار کا عمل

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق و کاروبار میں خیر و برکت ہو اور اس کا کاروبار بڑھتا چلا جائے تو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل نقش کو جمعرات کے دن پہلی ساعت میں لکھ کر ہرے رنگ

کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالے اور پابندی کے ساتھ نماز فجر کے بعد سورۂ یٰسین اور نماز مغرب کے بعد سورۂ واقعہ کی تلاوت کرے۔ انشاء اللہ کاروبار اس قدر بڑھ جائے گا کہ عقل حیران ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۱۵۶۴	۲۶۱۵۷۷	۲۶۱۵۷۴	۲۶۱۵۷۱
۲۶۱۵۷۵	۲۶۱۵۷۰	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۶
۲۶۱۵۶۹	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۶۶
۲۶۱۵۷۸	۲۶۱۵۶۷	۲۶۱۵۶۸	۲۶۱۵۷۳

روزگار میں اضافے کا نقش

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے روزگار میں زبردست اضافہ ہو جائے تو اس کو چاہئے مندرجہ ذیل نقش اتوار کے دن پہلی ساعت میں عروج ماہ میں دو عدد تیار کرے، ایک گھر میں فریم کر کے لگا دے اور ایک نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ کچھ ہی روز میں وہ محسوس کرے گا کہ اس کے روزگار میں اضافہ ہو رہا ہے۔ خوب مال بڑھے گا اور خوب خیر و برکت ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۵۴	۴۶۸	۴۶۵	۴۶۱
۴۶۶	۴۶۰	۴۵۵	۴۶۷
۴۵۹	۴۶۳	۴۷۰	۴۵۶
۴۶۹	۴۵۷	۴۵۸	۴۶۴

غیبی امداد کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ دنیا کے رنج و غم سے اس کو نجات مل جائے اور غیبی امداد اسے میسر آئے تو اس کو چاہئے کہ وہ آیت کریمہ کا عمل کرے۔

طریقہ عمل یہ ہے کہ مندرجہ ذیل نقش ساعت سعید میں لکھ کر محفوظ کرے۔ پھر روزانہ ایک تعویذ لکھتا رہے۔ پہلے دن جو تعویذ لکھے اس کو سامنے رکھ کر اگلے دن دوسرا تعویذ لکھے۔ پچھلا تعویذ آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالتا رہے۔ روزانہ نقش کو سامنے رکھ کر ۲۳۷۵ مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ پڑھتا رہے۔ ۴۱ ویں دن جو تعویذ لکھے اس کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ چلے کے بعد روزانہ عشاء کے بعد آیت کریمہ کا ورد ۳۳ مرتبہ کرتا رہے۔ انشاء اللہ زیادہ عرصہ نہیں گزرے گا کہ غیبی امداد کا سلسلہ شروع ہوگا اور دنیا کے رنج و غم سے نجات ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۳	۵۹۶	۶۰۰	۵۸۶
۵۹۹	۵۸۷	۵۹۲	۵۹۷
۵۸۸	۶۰۲	۵۹۴	۵۹۱
۵۹۵	۵۹۰	۵۸۹	۶۰۱

ماں کا دودھ بڑھانے کا عمل

بچے کو دودھ پلانے سے پہلے "یا مغنی" گیارہ مرتبہ پڑھ کر ماں کو چاہئے کہ اپنے دونوں پستانوں پر دم کرلے۔ انشاء اللہ دودھ خوب اترے گا اور بچے کا پیٹ بھر جائے گا۔

تسخیر خلائق کے لئے

ایک کاغذ پر زعفران سے ۷۰ مرتبہ "ذال" لکھ کر نیچے اپنا نام اور اپنی والدہ کا نام لکھیں۔ انشاء اللہ تسخیر کی دولت حاصل ہوگی۔

ہر مرض سے شفایابی کے لئے

مندرجہ ذیل نقش زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر ۲۱ روز تک مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ ہر بیماری سے نجات ملے گی۔

۷۸۶

م	لا	س
س	م	لا
لا	س	م


امتحان میں کامیابی کے لئے

باوضو "اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْس" کو تین سو مرتبہ پڑھیں، آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر سجدے میں جا کر امتحان میں کامیابی کی دعا کریں۔ انشاء اللہ زبردست کامیابی ملے گی۔

دماغ کی کمزوری کو دور کرنے کے لئے

دماغی کمزوری دور کرنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش کو باریک کاغذ پر لکھ کر شہد میں ڈال دیں اور اس شہد کو صبح نہار منہ ایک چمچہ استعمال کریں۔ انشاء اللہ دماغی کمزوری سے نجات ملے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم



مقبولیت حاصل کرنے کے لئے

ایک کاغذ پر ۳۰ مرتبہ "ل" لکھ کر نیچے اپنا نام اور اپنی والدہ کا نام لکھ لیں، پھر اس کو تعویذ بنا کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈال لیں۔ انشاءاللہ مقبولیت ملنی شروع ہوگی۔

نحوست دور کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل نقش اپنے بدن پر مل کر جلا دیں۔ اس عمل کو لگاتار ۱۳ دن تک کریں۔ انشاءاللہ نحوست سے نجات ملے گی۔



مکان خالی کرانے کا عمل

نصف رات کے بعد ۱۹ مرتبہ سورۃ تَبَّتْ یَدَا پڑھ کر سجدے میں جا کر مکان خالی ہونے کی دعا کریں اور اس عمل کو لگاتار ۵ دن تک کریں۔ انشاءاللہ کچھ دنوں میں مکان خالی ہو جائیگا۔

دشمن کے شر سے بچاؤ کے لئے

اگر کوئی دشمن کے شر سے محفوظ رہنا چاہتا ہو تو حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد تین سو مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

بے روزگاری سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص بے روزگاری سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو روزانہ نماز ظہر کے بعد "یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ" گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاءاللہ چالیس دن کے اندر اندر ملازمت مل جائے گی۔

چور کی شناخت کے لئے

اگر گھر میں چوری ہو جائے اور یہ معلوم نہ ہو چوری کس نے کی ہے تو چور معلوم کرنے کے لئے پہلے وضو کر کے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر یہ نقش لکھے۔

۷۸۶

۲۰۸	۲۰۲	۲۱۰
۲۰۹	۲۰۷	۲۰۴
۲۰۳	۲۱۱	۲۰۶

اس نقش کو تازہ پانی میں گھول کر مشتبہ حضرات کو پلائے۔ انشاءاللہ جو بھی چور ہوگا وہ سات دن کے اندر اندر ضرور بیمار ہو جائے گا یا گھبرا کر چوری کا اعتراف کرے گا۔

شہرت حاصل کرنے کے لئے

نماز فجر کے بعد مندرجہ ذیل آیت کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق چالیس دن تک پڑھیں۔ انشاءاللہ زبردست شہرت حاصل ہوگی۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

مرگی سے بے ہوشی کا علاج

اگر کسی شخص کو مرگی کا دورہ پڑ جانے کے بعد بے ہوشی ہو گئی ہو، اس کو ہوش میں لانے کے لئے ایک پیالہ پانی پر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور ایک مرتبہ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھ کر مریض کے چہرے پر چھینٹیں دیں۔ انشاءاللہ چند منٹ میں مریض ہوش میں آ جائے گا۔

نظر بد کا علاج

نظر بد کو رفع کرنے کے لئے یا نظر بد سے محفوظ رہنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۶۰۳	۶۱۷	۶۱۳	۶۱۱
۶۱۵	۶۱۰	۶۰۵	۶۱۶
۶۰۹	۶۱۲	۶۱۹	۶۰۶
۶۱۸	۶۰۷	۶۰۸	۶۱۳

دانت آسانی سے نکلنے کے لئے

بچوں کے دانت نکلتے وقت بچے بہت کمزور ہو جاتے ہیں اور اس سے تکلیف بھی ہوتی ہے۔ بچوں کے دانت آسانی سے نکل آئیں، اس کے لئے اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۷۹	۸۹۸	۱۲	۹
۱۳	ح	ف	۸۹۷
۷	ی	ظ	۸۱
۸۹۹	۸۲	۶	۱۱

اگر بچہ بے وجہ روتا ہو

اگر کوئی بچہ بے وجہ روتا ہو تو یہ نقش لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۱	۲۲	۱۹	۸
۲۰	۷	۲	۲۱
۶	۱۷	۲۴	۳
۲۳	۴	۵	۱۸

اس نقش کو بچے کے سرہانے رکھ دیں۔

۷۸۶

ص	لا	ع	ع
۴	ع	۱۷	۹
۳	۶	۷	ع
۱	۲	۲۴	۱۵

دفع جادو کے لئے

جادو سفلی ہو یا جناتی اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں اور نقش گلاب و زعفران سے لکھ کر روزانہ ایک نقش کا پانی مریض کو دن میں تین مرتبہ پلائیں۔ انشاء اللہ سات روز میں ہی آرام ملے گا اگر آرام نہ ملے تو مزید سات روز اس عمل کو جاری رکھیں۔

۷۸۶

۵۸۶	۵۹۹	۵۹۶	۵۹۳
۵۹۷	۵۹۲	۵۸۷	۵۹۸
۵۹۱	۵۹۴	۶۰۱	۵۸۸
۶۰۰	۵۸۹	۵۹۰	۵۹۵

سحر اتارنے کا عمل

۴۱ اگربتی لیں اور ہر ایک اگربتی پر وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ صبح شام ایک اگربتی مریض کے سرہانے جلائیں اور ایک بوتل پانی پر اسی آیت کو سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں۔ جس وقت اگربتی ختم ہو جائے اس وقت مریض کو تین گھونٹ اس پانی کے پلا دیں۔ اگربتی کی راکھ کسی کونڈے میں جمع کرتے رہیں۔ ۲۱ ویں دن مریض کے بدن پر اس راکھ کو مل دیں۔ پیشاب پاخانہ کی جگہ چھوڑ دیں۔ زیادہ راکھ سینے پر اور دل پر لگائیں پھر مریض کو پانچ منٹ کے بعد غسل کرا دیں اور یہ تعویذ مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ سحر سے نجات مل جائے گی۔

٧٨٦

٦١١	٦٢٥	٦٢٢	٦١٨
٦٢٣	٦١٧	٦١٢	٦٢٤
٦١٦	٦٢٠	٦٢٧	٦١٣
٦٢٦	٦١٤	٦١٥	٦٢١

لوگوں پر رعب طاری کرنے کا نقش

اگر کوئی شخص اپنا رعب لوگوں پر قائم کرنا چاہے تو اس نقش کو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ چند ماہ کے بعد اس نقش کا اثر شروع ہوگا۔

٧٨٦

١٥٣٠٥	١٥٣١٩	١٥٣١٦	١٥٣١٣
١٥٣١٧	١٥٣١٢	١٥٣٠٦	١٥٣١٨
١٥٣١١	١٥٣١٤	١٥٣٢١	١٥٣٠٧
١٥٣٢٠	١٥٣٠٨	١٥٣١٠	١٥٣١٥

قوت حافظہ کے لئے

اگر کسی طالب علم کی قوت حافظہ کمزور ہو اور اس کو سبق یاد نہ رہتا ہو تو اس کو چاہئے روزانہ طشتری پر زعفران سے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر تازہ پانی سے دھو کر نہار منہ پی لیا کرے۔ اس عمل کو ۲۱ روز تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ قوت حافظہ بڑھ جائے گی۔

یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ
والقران الحکیم

اگر کوئی بچہ رات کو روتا ہو

اگر کوئی بچہ رات کو روتا ہو تو اس کا رونا بند کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

٧٨٦

صٓ صٓ صٓ صٓ

کسی کو اپنی طرف راغب کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص کسی کو اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو اس کے لئے ایک قیمتی عمل درج کیا جاتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے کوئی بھی شخص اپنے مطلوب کی محبت حاصل کر سکتا ہے۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں آدھی رات کو چھ رکعت نفل نماز پڑھنی ہے۔ ہر ایک رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۴۵۰ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھنا ہے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد ۹۵۰ مرتبہ اسی آیت کو پڑھیں۔ اس کے بعد سات سات مرتبہ مندرجہ ذیل آیات کو پڑھیں۔ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ط وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّا اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ۝ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ۝ اس کے بعد حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کو مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق مطلوب کا تصور کر کے پڑھیں اور اس نقش کو

اپنے گلے میں ڈال لیں۔ اس عمل کو تین راتوں تک جاری رکھیں انشاءاللہ مطلوب کے دل میں محبت کی بے قراری پیدا ہوگی۔

۷۸۶

۱۱۲	۱۱۵	۱۱۸	۱۰۵
۱۱۷	۱۰۶	۱۱۱	۱۱۶
۱۰۷	۱۲۰	۱۱۳	۱۱۰
۱۱۴	۱۰۹	۱۰۸	۱۱۹

الحب فلاں ابن فلاں علیٰ حب فلاں ابن فلاں

جلد شادی کے لئے

اگر کسی کی بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو، کسی جگہ سے رشتہ نہ آتا ہو اور وہ اس سلسلے میں پریشان ہو تو اس کو چاہئے کہ کسی بھی جمعرات کو پہلی ساعت میں مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اپنی بیٹی کے گلے میں ڈلوا دے۔ انشاءاللہ بہت جلد رشتہ طے ہو جائے گا۔

۷۸۶

۱۱۳۱	۱۱۱۶	۱۱۳۸
۱۱۳۵	۱۱۲۸	۱۱۲۲
۱۱۱۹	۱۱۴۱	۱۱۲۵

دائمی مرض کا علاج

اگر کوئی شخص ایسی بیماری میں مبتلا ہو کہ کسی بھی صورت اس سے نجات نہ حاصل ہو رہی ہو تو مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر کالے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ چند ہی روز میں فائدہ محسوس ہوگا۔

۷۸۶

۱۱۳۵	۱۱۲۸	۱۱۳۱	۱
۱۱۳۰	۲	۱۱۲۴	۱۱۲۹
۳	۱۱۳۳	۱۱۲۶	۱۱۲۳
۱۱۲۷	۱۱۲۲	۴	۱۱۳۲

گھر کی حفاظت کے لئے

گھر کی ہر طرح حفاظت کے لئے چوری سے نظر بد سے امراض جسمانی اور روحانی سے ان کے علاوہ ہر طرح کی آفتوں اور مصیبتوں سے محفوظ رہنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر فریم میں فٹ کر کے گھر میں آویزاں کریں۔ انشاء اللہ گھر مصائب وحوادث سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶


-۸۴۵	۸۵۱	۸۵۸	۸۳۱
۸۵۶	۸۳۳	۸۴۳	۸۵۳
۸۳۵	۸۶۲	۸۴۷	۸۴۱
۸۴۹	۸۳۹	۸۳۷	۸۶۰

بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے

اگر کسی کا بچہ یا کسی عورت کا شوہر گھر سے فرار اور اس کے بارے میں کسی بھی طرح کی اطلاع نہ ہو کہ وہ کہاں ہے اور کس حال میں ہے تو مندرجہ ذیل نقش کو ساعت سعید میں لکھ کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے کسی درخت پر لٹکا دیں۔ نقش لٹکانے کے بعد اسی درخت کے نیچے کھڑے ہو کر گیارہ سو مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھیں اور سوا کلو چینی پر دم کر کے وہ چینی اسی درخت کے

پیچھے پھیلا کر آجائیں۔ اس دوران بھاگے ہوئے کی واپسی کا خیال رکھیں۔ انشاء اللہ چند ہی روز کے بعد یا تو وہ خود ہی آجائے گا یا اس کی اطلاع ملے گی۔

۷۸۶



دل کی دھڑکن کو کنٹرول کرنے کا علاج

اگر کسی سے دل کی دھڑکن حد سے زیادہ بڑھ جائے اور اٹیک کا خطرہ پیدا ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل تعویذ کالے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ دل کی دھڑکن کنٹرول میں آجائے گی۔ یہ تعویذ دل کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳	۱۶	۱۹	۲
۱۸	۷	۱۲	۱۷
۸	۲۱	۱۴	۱۱
۱۵	۱۰	۹	۲۰

نکسیر کا علاج

نکسیر سے نجات پانے کے لئے مندرجہ ذیل ۸ نقش لکھیں۔ ایک گلے میں ڈالیں اور سات نقش روزانہ ایک نقش کے حساب سے سات روز تک لگاتار پلائیں۔ انشاء اللہ نکسیر کے مرض سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

۷۸۶

لوطا	لوطا	لوطا
لوطا	لوطا	لوطا
لوطا	لوطا	لوطا

ان اللہ یمسک السموٰت والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکھما من احد من بعدہ انہ کان حلیما غفورا

نقش لکھتے وقت زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔

تنگ دستی دور کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص غربت افلاس اور تنگ دستی سے نجات حاصل کرنا چاہے تو اس کو چاہئے کہ ۱۲ رکعت روزانہ چاشت کی ادا کرے۔ تقریباً نو اور دس کے درمیان صبح کو اور نفلوں سے فراغت کے بعد پانچ سو مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، يَاغَنِيُّ يَامُغْنِيُّ۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ چالیس دن عمل کرنے سے غربت اور تنگ دستی سے نجات مل جائے گی۔

ناف کو درست کرنے کے لئے

اگر کسی کی ناف ٹل جائے تو اس کو صحیح جگہ پر لانے کے لئے مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر بائیں ہاتھ پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ ناف صحیح جگہ پر آجائے گی۔ نقش یہ ہے۔



مرض میں افاقہ کے لئے

مرض کوئی سا بھی ہو اس میں کمی پیدا کرنے کے لئے اور اس سے نجات پانے کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۱	۱۲۶۹	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۲۶۸
۶	۹	۱۲۷۱	۳
۱۲۷۰	۴	۵	۱۰

شوہر کی توجہ اور محبت کے لئے

اگر شوہر بیوی سے بیزار ہو اور بیوی اس کی بیزاری اور عدم توجہ کی وجہ سے پریشان ہو تو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر بیوی اپنی چٹیا میں باندھ لے۔ انشاءاللہ شوہر کی محبت حاصل ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یاجامع	یاوھاب	یاوھاب	یاسلام
یااللہ	یارحیم	یاجامع	یامجیب
یامحی	یاباعث	یاواسع	یاحمید
یامجیب	یامجیب	یامجیب	یاجامع

اس نقش کو موم جامہ کرنے کے بعد ہرے کپڑے میں پیک کرلیں۔ اس کے بعد بیوی اپنی چٹیا میں باندھ لے۔

بچے کے دانت آسانی سے نکلنے کے لئے

جب بچوں کے دانت نکلتے ہیں انہیں مختلف قسم کی بیماریاں ہوجاتی ہیں اور بچے کمزور ہوجاتے ہیں۔ آسانی سے دانت نکلنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔

۷۸۶

۷۹	۸۹۸	۱۲	۹
۱۳	ح	ف	۸۹۷
۷	ی	ظ	۸۱
۸۹۹	۸۲	۶	۱۱

بچوں کا ضد کرنا اور رونا

جو بچے بے وجہ ضد کرتے ہوں یا بے وجہ روتے رہتے ہوں ان کے گلے میں مندرجہ ذیل تعویذ ڈالیں۔ انشاءاللہ ان کا رونا بھی بند ہوگا اور وہ ضد کرنے سے بھی باز آئیں گے۔

۷۸۶

۱	۲۲	۱۹	۸
۲۰	۷	۲	۲۱
۶	۱۷	۲۴	۳
۲۳	۴	۵	۱۸

ایسے بچوں کے تکیہ میں یہ نقش رکھ دیں۔ یہ نقش اصولی طور پر غلط ہے لیکن اسی طرح لکھیں۔

۷۸۶

ص	لا	ع	ع
۴	ع	۱۷	۹
۳	۶	۷	ع
۱	۲	۲۴	۱۵

جادو کا تیر بہدف علاج

اگر کسی شخص پر جادو کر دیا جائے تو اس کو جادو سے نجات دلانے کے لئے سو مرتبہ روزانہ سورہ فلق اور سو مرتبہ سورہ ناس پڑھیں۔ لگاتار ۴۰ دن تک یہ دونوں سورتیں قرآن حکیم کی آخری سورتیں ہیں اور یہ اس وقت نازل ہوئی تھیں جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک یہودی نے جادو کر دیا تھا اور اس جادو سے متاثر ہو کر آپ علیل ہو گئے تھے اس وقت فرشتوں نے باذن اللہ صحیح رہنمائی کی تھی اور اس جادو کا توڑ بتایا تھا اور اس رہنمائی سے فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو سحر سے نجات مل گئی تھی۔ اس بات سے اندازہ ہوتا ہے کہ جب فخر انبیاء سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کیا جا سکتا ہے تو کسی بھی انسان پر جادو کر دینا آسان ہے۔

اگر مذکورہ سورتوں کا روزانہ سو مرتبہ پڑھنا ممکن نہ ہو تو پھر ان دونوں سورتوں کو تین سو مرتبہ پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے رکھ لیں اور روزانہ اس پانی کو دن میں دو بار مریض کو پلاتے رہیں صبح شام۔ ایک ہفتے کے بعد پھر اسی طرح بوتل تیار کر لیں اس طرح چھ بوتلوں پر دم کر کے چھ ہفتوں تک پلاتے رہیں اور کوئی سا بھی ایک نقش مریض کے گلے میں ڈالیں۔ ان نقوش کی تاثیر الگ الگ ظاہر ہوتی ہے۔

سورہ فلق کا نقش حرفی یہ ہے۔ زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔

۷۸۶

قل اعوذ	برب الفلق	من شر ماخلق	ومن شر
غاسق	اذا	وقب	ومن
شر	النفثت	فی العقد	ومن
شر	حاسد	اذا	حسد

نقش عددی یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱۶۱	۲۱۷۵	۲۱۷۲	۲۱۶۸
۲۱۷۳	۲۱۶۷	۲۱۶۲	۲۱۷۴
۲۱۶۶	۲۱۷۰	۲۱۷۷	۲۱۶۳
۲۱۷۶	۲۱۶۴	۲۱۶۵	۲۱۷۱

یہ دونوں نقش خصوصیت کے ساتھ اسی جادو میں اثر انداز ہوتے ہیں جو سفلی ہو۔ سورۂ کا نقش حرفی یہ ہے۔ زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔

۷۸۶

قل اعوذ برب الناس	ملک الناس	اله الناس	من شر الوسواس الخناس
ملک الناس	اله الناس	من شر الوسواس الخناس	الذی یوسوس
اله الناس	من شر الوسواس الخناس	الذی یوسوس	فی صدور الناس
من شر الوسواس الخناس	الذی یوسوس	فی صدور الناس	من الجنة والناس

سورۂ ناس کا عددی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۲۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

یہ نقش خاص طور سے ان مریضوں کے لئے مفید ہے جو جناتی جادو کا شکار ہوں۔ دونوں سورتوں کے مشترکہ نقوش یہ ہیں۔ نقش حرفی یہ ہے۔

۷۸۶

اذا حسد	الٰہ الناس	فی صدور الناس	قل اعوذ برب الفلق
الذی یوسوس	من شر ماخلق	حاسد	من شر الوسواس الخناس
ومن شر غاسق اذا وقب	والناس	قل اعوذ برب الناس	ومن شر
ملک الناس	فی العقد	ومن شر النفثت	من الجنۃ

دونوں سورتوں کا نقش عددی یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴۹۳	۳۴۹۶	۳۴۹۹	۳۴۸۵
۳۴۹۸	۳۴۸۶	۳۴۹۲	۳۴۹۷
۳۴۸۷	۳۵۰۱	۳۴۹۴	۳۴۹۱
۳۴۹۵	۳۴۹۰	۳۴۸۸	۳۵۰۰

پینے کے لئے مریض کو یہ نقش دیں۔

۷۸۶

۳۶۴۹	۳۶۴۳	۳۶۵۱
۳۶۵۰	۳۶۴۸	۳۶۴۵
۳۶۴۴	۳۶۵۲	۳۶۴۷

ماہرین روحانی عملیات کا ایک معمول یہ بھی رہا ہے کہ انہوں نے سحر زدہ یا آسیب زدہ لوگوں کا علاج ان دونوں سورتوں سے اس طرح بھی کیا ہے کہ سورۂ فلق کا نقش دائیں بازو پر بندھوایا ہے اور سورۂ ناس کا نقش بائیں بازو پر اور دونوں سورتوں کا مشترکہ نقش مریض کے گلے میں ڈلوایا ہے۔ پینے کیلئے ۴۰ تعویذ دونوں سورتوں کا مشترکہ نقش دیا ہے جو مثلث اوپر بنایا گیا ہے۔

بعض تجربہ کار عاملین کا طریقہ کار یہ رہا ہے کہ وہ اپنے مریضوں کو معوذتین کے نقوش مریضوں کے عنصر کے اعتبار سے دیا کرتے تھے۔ اس سے بھی زبردست فائدہ سامنے آتا ہے۔ یعنی اگر مریض کا مزاج خاکی ہو تو اس کو خاکی چال سے نقش بنا کر دینا چاہئے اور اگر مریض کا مزاج آبی ہے تو اس کو آبی چال سے نقش دینا چاہئے۔ لیکن راقم الحروف کا اپنا تجربہ یہ ہے کہ آتشی چال سے لکھے گئے نقوش بھی طرح کے لوگوں کے لئے مفید ثابت ہوتے ہیں۔

سفلی جادو توڑنے کے لئے

اگر کوئی شخص سفلی جادو کا شکار ہو تو اس کے لئے یہ عمل مفید ثابت ہوگا کنوئیں کے پانی پر ۲۱ مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو ۲۱ روز تک مریض کو صبح شام پلاتے رہیں اگر پانی بڑھانا ہے تو کنوئیں کا پانی ہی اس میں ڈالیں۔ اور اسی عزیمت کو سرسوں کے تیل پر ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کردیں اور تیل کو رات کو مریض کے پورے جسم پر ملیں۔ انشاء اللہ ۲۱ دن میں سحر سے نجات ملے گی۔ عزیمت یہ ہے۔ "موسیٰ و ہارون کی لاٹھی ٹونا کرنیوالے کی ٹوٹے پائی ساحر پڑے موت کی کھائی کعبہ کی نظر بیکار ہوا جادو کا اثر بسم اللہ اللہ اکبر لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم"

زبردست جادو سے نجات

اگر کسی پر کسی نے زبردست جادو کرادیا ہو یا سفلی عمل کے ذریعہ بالکل ہی مفلوج کر دیا ہو یا ایسی گرڑت کردی ہو کہ جس کی نشاندہی نہ ہو رہی ہو اور اس کی وجہ سے وہ شخص اپنی زندگی سے مایوس ہو گیا ہو۔ تو اس کے لئے ایک مجرب ترین عمل یہ ہے۔ انشاء اللہ اس عمل کے ذریعہ اس پر کیا گیا جادو بے اثر ہو جائے گا اور گندے عمل اور گرڑت وغیرہ کی بالکل کاٹ ہو جائے گی اور چالیس دن میں مریض جادو کی لپیٹ سے انشاء اللہ پوری طرح نجات پالے گا۔ •

سب سے پہلے رائی اور اجوائن تقریباً ڈھائی سو گرام لے کر اس میں دو سو گرام اجوائن ہو اور ۵۰ گرام رائی پھر ان دونوں کو ملائیں اور ان پر سات مرتبہ یہ عزیمت پڑھ کر دم کر دیں۔

• جِنلُوْنَسَ ، فِیلُوْنَسَ ، یَرمُوْنَ جِیُوْنَ سَلمُوْنَسَ مَرطُوْنَسَ مِیلُوْمَانَ یَا دَرسُوْ وَسَرذُوْ بِھَا حُوْنَ۔ اس کے بعد سفید کاغذ پر چار نقش لکھیں اور اس کے فتیلے بنائیں۔ پھر چار کورے چراغوں میں تلوں کا تیل ڈالیں اور ان میں ان فتیلوں کو روئی میں لپیٹ کر مریض کے دائیں بائیں اور آگے پیچھے جلائیں اور جب تک فتیلے جل نہ جائیں چراغ بجھنے نہ دیں۔ چراغوں کے جلتے وقت مریض کے پاس انگیٹھی جلا کر رکھ لیں اور تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد اجوائن اور رائی اس میں ڈال کر مریض کو دھونی دیتے رہیں۔ اس دوران ڈھائی سو گرام اجوائن اور پچاس گرام رائی سے زیادہ استعمال نہ کریں۔ وہ چاروں نقش یہ ہیں۔

٧٨٦

ااا ھے ھو [+] اا اا ھ و		
٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢
فلاں ابن فلاں ہر قسم کے سحر سے نجات پالے		

اس فتیلے کو مریض کے دائیں طرف جلائیں۔

٧٨٦

ر و س ح ر ع ل و ی د س ف ل ی		
٢	٩	٤
٧	٥	٣
٦	١	٨

فلاں ابن فلاں ہر قسم کے سحر سے نجات پالے

٧٨٦

اس فتیلے کو مریض کی پشت پر جلائیں۔

ااا ح ھ [+] اا اا ھ		
٨	٣	٤
١	٥	٩
٦	٧	٢
فلاں ابن فلاں ہر قسم کے سحر سے نجات پالے		

٧٨٦

اس فتیلے کو مریض کے بائیں طرف جلائیں۔

ااا ح ھ [+] اا اا		
٢	٧	٦
٩	٥	١
٤	٣	٨
فلاں ابن فلاں ہر قسم کے سحر سے نجات پالے		

فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض اور اسکی ماں کا نام لکھیں۔ یہ فتیلے جلانے والا عمل صرف ایک

دن کرنا ہے اسکے بعد مندرجہ ذیل نقش ۴۰ عدد لکھیں۔ روزانہ ایک نقش مٹی کی ہنڈیا میں یا مٹی کے شکورے میں نماز فجر کے بعد گھول دیں اور شام کو عصر اور مغرب کے درمیان اسکا پانی مریض کو صرف ایک بار پلادیں۔ پانی ایک گلاس کے برابر ہو۔ نقش کا کاغذ کسی کیاری یا گملے میں دبادیں۔ انشاء اللہ چالیس دن میں ہر طرح کے سفلی جادو سے نجات ملے گی۔ پلانے والا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۳۴	۱۰۳۹	۱۰۳۲
۱۰۳۳	۱۰۳۵	۱۰۳۷
۱۰۳۸	۱۰۳۱	۱۰۳۶
یاالٰہی اس مریض کو جادو سے نجات دے		

سورۂ فاتحہ سے ہر بیماری کا علاج

سورۂ فاتحہ کا نقش ہر طرح کے امراض میں اللہ کے حکم سے تیر کی طرح کام کرتا ہے۔ مرض کوئی بھی ہو سورۂ فاتحہ کا نقش شفا کا ذریعہ بنتا ہے۔ اگر مریض کے عنصر اور مزاج کے اعتبار سے نقش کی رفتار ملحوظ رکھیں تو بہتر ہے۔ ورنہ آتشی چال کو اہمیت دیں۔ سورۂ فاتحہ کے نقش چاروں چالوں سے حسب ذیل ہیں۔ مربع باندھنے کے لئے۔

چال آتشی

۷۸۶

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

مثلث پینے کے لئے

۷۸۶

۳۱۵۵	۳۶۴۹	۳۱۵۷
۳۱۵۶	۳۱۵۴	۳۱۵۱
۳۶۵۰	۳۱۵۸	۳۱۵۳

چال بادی

۷۸۶

۲۳۶۰	۲۳۶۶	۲۳۶۴	۲۳۷۱
۲۳۷۲	۲۳۶۳	۲۳۶۹	۲۳۵۷
۲۳۶۷	۲۳۵۹	۲۳۷۰	۲۳۶۵
۲۳۶۲	۲۳۷۳	۲۳۵۸	۲۳۶۸

۷۸۶

۳۱۵۰	۳۱۵۶	۳۱۵۵
۳۱۵۸	۳۱۵۴	۳۱۴۹
۳۱۰۲	۳۱۵۱	۳۱۵۷

چال آبی

۷۸۶

۲۳۷۱	۲۳۵۷	۲۳۶۵	۲۳۶۸
۲۳۶۴	۲۳۶۹	۲۳۷۰	۲۳۵۸
۲۳۶۶	۲۳۶۳	۲۳۵۹	۲۳۷۳
۲۳۶۰	۲۳۷۲	۲۳۶۷	۲۳۶۲

۷۸۶

۳۱۵۵	۳۶۵۶	۳۱۵۰
۳۱۴۹	۳۶۵۴	۳۱۵۸
۳۶۵۷	۳۶۵۱	۳۱۵۳

چال خاکی

۷۸۶

۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۳	۲۳۶۹
۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷

۷۸۶

۳۱۵۳	۳۱۵۸	۳۱۵۰
۳۱۵۱	۳۱۵۴	۳۱۵۶
۳۱۵۷	۳۱۴۹	۳۱۵۵

ان تمام نقوش کو باوضو لکھا جائے اور پینے والے نقوش کو گلاب وزعفران سے لکھیں اور اس میں آب زمزم بھی ڈال لیں یقین رکھیں کہ یہ اللہ کا کلام ہے اور اس کی برکت سے ہر طرح کے امراض سے نجات ملتی ہے۔

گلے میں ڈالنے والے نقش کالی روشنائی سے لکھ سکتے ہیں۔ اگر انہیں بھی زعفران سے لکھیں تو سونے پر سہاگہ ہے۔

ہر مقصد کے لئے حزب البحر کا نقش

حزب البحر کے نقش کو ہر مقصد کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے اس کو ضرورت مند کے دائیں بازو پر ہرے کپڑے میں پیک کرا کر بندھوائیں اور ہری پینسل سے اس کو لکھیں۔

۲۶۱۵۷۱	۲۶۱۵۷۴	۲۶۱۵۷۷	۲۶۱۵۶۴
۲۶۱۵۷۶	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۰	۲۶۱۵۷۵
۲۶۱۵۶۶	۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۶۹
۲۶۱۵۷۳	۲۶۱۵۶۸	۲۶۱۵۶۷	۲۶۱۵۷۸

اگر ناف اپنی جگہ سے ٹل جائے

اگر ناف اپنی جگہ سے ٹل جائے تو اس نقش کو لکھ کر ناف کے اوپر باندھ لیں۔ انشاء اللہ تھوڑی دیر کے بعد ناف اپنی صحیح جگہ پر آجائے گی۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ذٰلك تخفيف من ربكم ورحمة

درد سر کے لئے

اگر سر میں شدید درد ہو تو ان حروف کو لکھ کر سر میں باندھ لے۔ انشاء اللہ سر کا درد فوراً ٹھیک ہوگا۔ ا ح ا ک ک ح ع ح ا م

عورت کا بانجھ پن دور کرنے کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اس کے بچے نہ ہوتا ہو تو ان حروف کو کاغذ پر لکھ کر روزانہ عورت کو پانی میں گھول کر گیارہ دن تک پلائے۔ کسی بھی طرح کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔ انشاءاللہ تھوڑے دن میں حمل قرار پائے گا۔ حروف یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ا ل ل و ر ح م ن

اگر کوئی زہریلا جانور کاٹ لے

اگر کسی کے کوئی زہریلا جانور کاٹ لے تو فوری طور پر ایک طشتری پر زعفران سے لکھ کر پھر پانی سے دھو کر اس کو پلا دیں۔ انشاءاللہ زہر نہیں چڑھے گا۔

۷۸۶

ی اا ل الا ی ا ر ح م ن ی ا د ح ی م
ی ا د ھ م ا ی ا ن د ی و م ی ا س ا ق ی
ی ن ا ی ی ا ن الا و ی ا خ ی غ ر

مرگی سے نجات حاصل کرنے کے لئے

اگر کسی کو مرگی ہو تو اسکے گلے میں مندرجہ ذیل نقش مرغ کے خون سے لکھ کر ڈال دیں۔ انشاءاللہ مرگی سے نجات ملے گی۔

۷۸۶

ف	س	ی	ک
۱۱	۱۹	۸۱	۵۹
۱۸	۸	۹۳	۸۴

دفع دردسر کے لئے

کسی کے سر میں درد ہو یا مسلسل درد رہتا ہو، خواہ اس کی وجہ کچھ بھی ہو تو درج ذیل تعویذ گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ درد سے نجات ملے گی۔

۷۸۶

۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳	۱۹۸
۹۹	۲۰۲	۱۸۹	۱۹۶
۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰	۲۰۱
۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴	۱۹۱

اس نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۵	۴	۱۵	۱۰
۱۱	۱۴	۱	۸
۲	۷	۱۲	۱۳
۱۶	۹	۶	۳

برائے فتوحات

روزانہ بعد نماز عشاء سو مرتبہ یہ وظیفہ پڑھیں۔ آگے پیچھے تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاءاللہ فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

"یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبِ الْخَیرِ یَا بَدِیعُ"

عورت کا بانجھ پن دور کرنے کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اس کے بچہ نہ ہوتا ہو تو ان حروف کو کاغذ پر لکھ کر روزانہ عورت کو پانی میں گھول کر لگاتار تین ماہ تک پلائے۔ کسی بھی طرح کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔ انشاء اللہ نوے دن میں حمل قرار پائے گا۔ حروف یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ا ل ل ہ ر ح م ن

اگر کوئی زہریلا جانور کاٹ لے

اگر کسی کے کوئی زہریلا جانور کاٹ لے تو فوری طور پر ایک طشتری پر زعفران سے لکھ کر پھر پانی سے دھو کر اس کو پلا دیں۔ انشاء اللہ زہر نہیں چڑھے گا۔

۷۸۶

ی ا ل ا ا ل ا ی ا ر ح م ن ی ا ر ح ی م
ی ا ر ھ م ا ی ا ن د ی و م ی ا س ا ق ی
ی ن ا ی ی ا ن ا ل ا و ی ا خ ی خ ر

مرگی سے نجات حاصل کرنے کے لئے

اگر کسی کو مرگی ہو تو اسکے گلے میں مندرجہ ذیل نقش مرغ کے خون سے لکھ کر ڈال دیں۔ انشاء اللہ مرگی سے نجات ملے گی۔

۷۸۶

ک	ی	س	ف
۵۹	۸۱	۱۹	۱۱
۸۲	۶۲	۸	۱۸

دفع دردِ سر کے لئے

کسی کے سر میں درد ہو یا مسلسل درد رہتا ہو، خواہ اس کی وجہ کچھ بھی ہو تو درج ذیل تعویذ گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ درد سے نجات ملے گی۔

۷۸۶

۱۹۸	۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳
۱۹۶	۱۸۹	۲۰۲	۹۹
۲۰۱	۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰
۱۹۱	۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴

اس نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰	۱۵	۴	۵
۸	۱	۱۴	۱۱
۱۳	۱۲	۷	۲
۳	۶	۹	۱۶

برائے فتوحات

روزانہ بعد نماز عشاء سو مرتبہ یہ وظیفہ پڑھیں۔ آگے پیچھے تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

"یَابَدِیعَ الْعَجَائِبِ الْخَیْرِ یَا بَدِیعُ"

دشمن کو ذلیل کرنے کے لئے

اگر دشمن کم ظرف ہو اور اس کی کم ظرفی کی وجہ سے پریشان ہوں تو عصر کی نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ دشمن کا تصور کرتے ہوئے "یَا خَافِضُ" پڑھیں، اس عمل میں آگے پیچھے درود شریف نہ پڑھیں۔

برائے قضائے حاجات

تمام جائز خواہشات کے لئے مندرجہ ذیل عمل لگاتار تین ماہ تک کریں۔ انشاء اللہ خواہشات پوری ہوں گی۔ عمل اس ترتیب سے کریں۔

اس عمل کو بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اور خدا کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

شب اتوار۔ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ۔

شب پیر۔ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ۔

شب منگل۔ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ۔

شب بدھ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

شب جمعرات۔ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔

شب جمعہ۔ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

شب ہفتہ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

اس عمل میں روزانہ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور عمل باوضو کریں۔ دوران عمل اگر کسی طرح کی خوشبو جلالیں تو بہتر ہے۔ ورنہ اپنے کپڑوں میں عطر لگا کر عمل شروع کریں۔ انشاء اللہ حیرتناک کامیابی ملے گی۔

قرض سے نجات کے لئے

عشاء کی نماز کے بعد مندرجہ ذیل عمل کریں۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد تین

مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ "یَا فَتَّاحُ" پڑھیں اور کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں۔

اس عمل کو لگاتار ۹۰ راتوں تک کریں۔ انشاء اللہ غیب سے قرض کی ادائیگی کا بندوبست ہو جائے گا۔

قرض کی ادائیگی کا دوسرا عمل

مغرب کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے چہرے پر مل لیں اور سجدے میں جا کر گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

بُری عادتیں چھڑانے کے لئے

جب بری عادتوں والا سو جائے تو سورۂ یٰسین پڑھ کر اس کے دونوں کانوں میں دم کر دیں۔ انشاء اللہ لگاتار گیارہ دن عمل کرنے سے بری عادتوں سے نجات مل جائے گی۔

بری عادتوں سے نجات کے لئے دوسرا عمل

اگر کوئی شخص بری عادتوں میں مبتلا ہو تو جب وہ سو جائے تو اس کے ایک گز کے فاصلے پر کھڑے ہو کر اس کی طرف دیکھتے ہوئے "اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ" ستر مرتبہ پڑھیں۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ بری عادتوں سے نجات مل جائے گی
اس عمل کو کرنے کے بعد ایک گلاس پانی پر دم کر لیں۔ اور صبح کو وہ پانی اس شخص کو پلا دیں جس کیلئے عمل کیا گیا ہے۔ اس عمل کو بھی گیارہ دن تک کریں۔

بھوک لگنے کا عمل

اگر کسی کو بھوک نہ لگتی ہو تو کسی بھی کھانے کی چیز پر ۱۵ مرتبہ "تمازجہنم" پڑھ کر کھالیں

لگا تار تین دن اس عمل کو کریں۔ انشاء اللہ بھوک کھل جائے گی۔

بدخوابی سے بچنے کے لئے

اگر کسی شخص کو برے اور ڈراؤنے خواب آتے ہوں تو اس تعویذ کو لکھ کر تکیہ میں سی لیں۔ انشاء اللہ بُرے خوابوں سے نجات ملے گی۔

۷۸۶

ث ث ث ث ث ث ث
ث ث ث ث ث ث

اگر کسی شخص کی شہوت ختم ہو گئی ہو تو اس کو چاہیے اس تعویذ کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ کچھ دنوں کے بعد شہوت کھل جائے گی۔ نقش کے نیچے مریض کا نام مع والدہ کے لکھنا چاہیے۔

۷۸۶

ز ز ز ز ز ز ز
ز ز ز ز ز ز ز

فلاں ابن فلاں

نحوست دور کرنے کا عمل

مندرجہ ذیل نقش مریض کے بدن پر مَل کر جلا دیں۔ اور اس عمل کو ۱۳ دن تک کریں۔ انشاء اللہ نحوست سے نجات ملے گی۔ گویا کہ ۱۳ نقش ۱۳ دنوں میں جلانے ہوں گے۔



شادی کے لئے

اگر لڑکا لڑکی شادی کرنا چاہتے ہوں اور ان کے گھر والوں کی مرضی نہ ہو تو اپنے اپنے گھر والوں کو راضی کرنے کے لئے ۴۰ روز تک عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک مرتبہ سجدے میں جا کر اس آیت کو پڑھیں۔

اَلَا اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ۔ درمیان میں اگر نماز کا وقفہ ہو جائے تو لڑکی اس عمل کو بعد میں پورا کرے۔

جادو ختم کرنے کا عمل

مریض کے سر سے پیر کے انگوٹھے تک نیلے دھاگے گیارہ عدد لے لیں۔ ان کی چار تہہ کر لیں۔ اور ان دھاگوں پر گیارہ گرہیں لگائیں اور ہر گرہ کے دائرے میں گیارہ گیارہ مرتبہ معوذتین پڑھ کر گرہ لگائیں اس کے بعد اس ڈورے کو جلتے ہوئے کوئلوں پر ڈال دیں۔ گیارہ دن تک اس عمل کو کریں انشاء اللہ سحر سے نجات ملے گی۔

گھر سے جادو کے اثرات ختم کرنے کے لئے

اگر کوئی گھر جادو کی لپیٹ میں ہو تو لوبان کو ہاون دستہ میں کوٹ کر یا کسی بھی طرح باریک کر کے اس پر قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ اور تین دن تک اس لوبان کو پورے گھر میں جلا کر دھونی دیں۔ انشاء اللہ جادو سے نجات ملے گی۔

کاروبار میں بندش ختم کرنے کا عمل

کاروبار کی جگہ پر طلوع آفتاب سے پہلے پہنچیں۔ ایک مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھ کر دکان کے دروازے پر دم کر دیں۔ پھر پانچ قدم پیچھے لوٹ کر دونوں جوتے اُتار لیں۔ اور جوتوں کو ہاتھ میں لے کر تین بار اس طرح جھاڑیں کہ دونوں جوتوں کے تکوے ایک

دوسرے سے ٹکرائیں۔ اس عمل کو لگاتار سات دن تک کریں۔ انشاء اللہ بندش سے نجات ملے گی۔

احساس کمتری دور کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص احساس کمتری میں مبتلا ہو تو اسکو چاہئے کہ مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لیں۔ اور ان اسماء کو تین تین بار پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے چہرے پر روزانہ نماز فجر کے بعد ملے۔ انشاء اللہ احساس کمتری سے نجات ملے گی۔


۷۸۶

یانافع	یانافع	یانافع
یامانع	امانع	یامانع
یادافع	یادافع	یادافع

مفرور کی واپسی کے لئے

اگر کوئی شخص گھر سے فرار ہو گیا ہو تو اس نقش کو لکھ کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے گھر میں لٹکا لیں۔ انشاء اللہ دس دن کے اندر اندر واپس آجائے گا۔

۷۸۶



گریختہ فلاں ابن فلاں باز آید

درد عرق النساء

چمٹا لے کر اس پر مندرجہ ذیل عمل سات مرتبہ پڑھ کر دم کرلیں۔ پھر چمٹے کو درد کی جگہ اوپر سے نیچے کی طرف لائیں اور درد کی جگہ سے جب نیچے چمٹا آجائے تو اس کو تین بار زمین پر جھاڑیں۔ اس طرح ایک وقت میں سات بار اس عمل کو کریں اور لگاتار سات روز تک کریں۔ انشاء اللہ درد عرق النساء سے نجات ملے گی۔

عمل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ ۔ آدم صفی اللہ

لا الہ الا اللہ موسیٰ کلیم اللہ

لا الہ الا اللہ عیسیٰ روح اللہ

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

درد پسلی

اگر کسی کی پسلی میں درد ہو تو سرسوں کے تیل پر ۴۱ مرتبہ قرآن حکیم کی یہ آیت پڑھ کر دم کرلیں اور رات کو روزانہ اس تیل سے ہلکی ہلکی پسلی پر مالش کریں۔ انشاء اللہ درد سے نجات ملے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ۝

لو بلڈ پریشر کے لئے

اگر کوئی شخص لو بلڈ پریشر کے مرض میں مبتلا ہو تو وہ یہ نقش لگاتار ۴۰ روز تک صبح شام پئے صبح کو نقش پانی میں گھول دے اور اس کا پانی دن میں دو بار صبح شام پئے انشاء اللہ مرض سے نجات مل جائے گی۔

۷۸۶

ش	ا	ف	ی
ا	ف	ی	ش
ف	ی	ش	ا
ی	ش	ا	ف

ہائی بلڈ پریشر کے لئے

اس آیت کو ایک سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ پھر اس پانی کو دن میں تین بار صبح دوپہر شام پابندی کے ساتھ ۴۰ دن تک پئیں۔ انشاء اللہ مرض سے نجات مل جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ

من پسند ملازمت کے لئے

اگر کوئی من پسند ملازمت کی تلاش میں ہو تو مندرجہ ذیل نقش گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔ اور روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ان اسماء الٰہی کو جو نقش میں ہیں سو سو مرتبہ پابندی سے اس وقت تک پڑھتا رہے جب تک ملازمت نہ مل جائے۔ انشاء اللہ تین ماہ کے اندر اندر ملازمت مل جائے گی۔

۷۸۶

یاقادر	یاقدیر	یامقتدر
یاقادر	یاقدیر	یامقتدر
یاقادر	یاقدیر	یامقتدر

قید سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص ناحق گرفتار کر لیا گیا ہو تو مندرجہ ذیل نقش قیدی کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ بہت جلد ضمانت ہو جائے گی۔

۷۸۶

م	ح	م	د
۹۲	۹۲	۹۲	۹۲
۹۲	۹۲	۹۲	۹۲
۹۲	۹۲	۹۲	۹۲

بچہ ضد نہ کرے

جو بچہ ضد کرتا ہو اس کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بچہ ضد چھوڑ دے گا۔ اس نقش کو کالے کپڑے میں رکھ کر پیک کریں۔

۷۸۶

مـ	مـ	مـ
ما	ما	ما
مـہ	مـہ	مـہ

بچہ جلد چلنا اور بولنا سیکھے

اگر اس نقش کو بچے کے گلے میں ڈال دیں تو بچہ بہت جلد چلنا اور بولنا سیکھ جائے گا۔

۷۸۶

م	ت	ی	ن
۴۰	۴۰۰	۱۰	۵۰
۴۰۰	۱۰	۵۰	۴۰
۱۰	۵۰	۴۰	۴۰۰
۵۰	۴۰	۴۰۰	۱۰

چکر آنے کا مرض

اگر کسی کو چکر آنے کا مرض ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر روزانہ ۲۱ روز تک پئیں۔ انشاءاللہ چکروں سے نجات مل جائیگی۔

ہو	ہو	ہو	ہو	ہو
ہو		ہو		ہو
ہو		ہو		ہو
ہو		×		ہو
ہو		×		ہو
ہو		×		ہو
ہو	ہو	ہو	ہو	ہو

ناف کو صحیح جگہ پر لانے کے لئے

اگر کسی کی ناف ٹل جائے تو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر ناف پر باندھیں انشاءاللہ ناف صحیح جگہ پر آجائے گی۔

۷۸۶

س	و	ن	ی
ن	ض	ت	ن
و	ب	ض	و
س	و	ن	ی

حیا پیدا کرنے کے لئے

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی بے شرم ہو گئی ہو تو ان کے اندر حیا پیدا کرنے کے لئے قرآن حکیم کی اس آیت کو ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں۔ انشاءاللہ سات دن کھلانے سے بے حیائی سے نجات ملے گی۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ


بیوی کی زبان درازی ختم کرنے کے لئے

اگر بیوی زبان دراز ہو اور گھر میں جھگڑے فساد کرتی رہتی ہو تو اس عورت کے ساتھ بال لے کر ان میں سات گرہ لگائیں اور ہر گرہ میں ۲۷ مرتبہ یہ عمل پڑھ کر پھونک دیں۔ پھر ان بالوں کو بہتے پانی میں چھوڑ دیں۔ انشاءاللہ بیوی کی زبان درازی سے نجات ملے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ یَاوَدُوْدُ یَاحَافِظُ یَابُدُّوْحُ۔

درد کمر کے لئے

اگر کمر میں درد رہتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر کمر میں باندھ لیں۔ انشاءاللہ درد کمر سے نجات مل جائے گی۔



الرجی سے نجات کے لئے

کسی بھی میٹھی چیز کے لئے الرجی ہوتی ہو تو اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے اس نقش کو جمعہ کے دن پہلی ساعت میں لکھ کر۔ گلے میں ڈالیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

م	ی	ح	ر
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ			
م	ی	ح	ر

لیکوریا کا علاج

اکثر عورتوں کو لیکوریا کی بیماری ہو جاتی ہے اس میں سفید پانی فرج سے بہتا ہے جو عورت کی ہڈیوں کو گلا کر رکھ دیتا ہے۔ اس مرض سے نجات حاصل کرنے کے لئے چھالیوں کو باریک پیس لیں اور ان پر پانچ سو مرتبہ یہ عمل پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں۔ پھر ان پسی ہوئی چھالیوں کو عورت چالیس دن تک روزانہ کھائے۔ انشاء اللہ لیکوریا سے نجات مل جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اِشْفِ عَبْدِکَ بِصِدْقِ رَسُوْلِکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ۔

آتشک کی بیماری


اگر کسی کو آتشک کی بیماری لگ گئی ہو تو اس کو دفع کرنے کیلئے چینی کی پلیٹ پر یہ نقش لکھ کر تازہ پانی سے دھو کر پئے لگا تار ۴۰ دن تک انشاء اللہ آتشک سے نجات ملے گی۔



اگر پھیپھڑوں میں پسلیوں میں یا رحم میں پانی بھر جائے

اگر جسم کے اندرونی حصوں میں پھیپھڑوں، پسلیوں میں یا رحم میں پانی بھر جائے تو اس نقش کو مریض یا مریضہ کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ پانی خشک ہو جائے گا۔

۷۸۶



دفع دشمن کے لئے

مندرجہ ذیل نقش کو گلاب و زعفران سے دو عدد لکھیں۔ ایک اپنے گلے میں ڈال لیں اور ایک اپنے گھر کی چوکھٹ پر لگا دیں۔ اور ایک ہفتے تک مندرجہ ذیل عمل کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر لوبان پر دم کر کے اس لوبان کی دھونی گھر میں دیں اور لگا تار ایک ماہ تک چلتے پھرتے لاتعداد مرتبہ "یَا خَافِضُ" پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ دشمن دفع ہو گا یا پھر اپنی شرارتوں سے باز آ جائیگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

H	ض	ف	ا	خ	H
×	خ	ض	ف	ر	×
m	ا	خ	ض	ف	E
∩	ف	ا	خ	ض	∩

پڑھنے والا عمل یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ شَرَّ فلاں ابن فلاں اَبَدًا اَبَدًا اَبَدًا بِحَقِّ

یَاخَافِضُ یَاخَافِضُ یَاخَافِضُ یَامُغِیْثُ اَغِثْنِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

فلاں ابن فلاں کی جگہ دشمن اور اس کی ماں یا باپ کا نام لیں۔

ہر حاجت کے لئے

ذیل کے نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور نقش کے نیچے کی عبارت اپنے نام کے مجموعی اعداد کے برابر پڑھ کر سجدے میں جا کر دعا کریں۔ اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک کریں۔ انشاء اللہ جو بھی مقصد ہوگا وہ پورا ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۱۷	۴۲۱	۴۲۴	۴۱۰
۴۲۳	۴۱۱	۴۱۶	۴۲۲
۴۱۲	۴۲۶	۴۱۹	۴۱۵
۴۲۰	۴۱۴	۴۱۳	۴۲۵

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ قَاضِیُ الْحَاجَات

افسر اور حاکم کو مہربان کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل نقش کو ساعت سعید میں لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔

عزرائیل ۷۸۶ جبرائیل

۳۲	۳۵	۳۸	۲۳	ف	ی	ط	ل
۳۷	۲۵	۳۱	۳۶	ل	ط	ی	ف
۲۶	۴۰	۳۳	۳۰	ی	ف	ل	ط
۳۴	۲۹	۲۷	۳۹	ط	ل	ف	ی

اسرافیل — میکائیل

فلاں ابن فلاں برائے (یہاں مقصد لکھیں)

لگاتار ۴۰ دن تک "یَا لَطِیْفُ" ۱۲۹ مرتبہ صبح شام پڑھیں۔

چلتے چلتے رک جانے والے کاروبار کے لئے

اگر کسی کا کاروبار چلتے چلتے رک جائے اور بندش کا شبہ ہونے لگے تو مندرجہ ذیل نقش گلاب و زعفران سے نوچندی اتوار کو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔

عزرائیل ۷۸۶ جبرائیل

۱۲۲	۱۲۵	۱۲۸	۱۱۴	ح	ا	ت	ف
۱۲۷	۱۱۵	۱۲۱	۱۲۶	ف	ت	ا	ح
۱۲۱	۱۳۰	۲۳	۲۰	ا	ح	ف	ت
۱۲۴	۱۱۹	۱۱۷	۱۲۹	ت	ف	ح	ا

اسرافیل — میکائیل

فلاں ابن فلاں برائے (یہاں مقصد لکھیں)

اور لگاتار ۴۰ دن تک "یا فتاح" ۴۸۹ مرتبہ پڑھیں۔

مفرور کو واپس بلانے کے لئے

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ گیا ہو تو اس کو واپس بلانے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اس گھر میں کسی وزن کے نیچے دبا دیں۔ انشاء اللہ سات روز کے اندر اندر واپس آ جائے گا۔

بستم راہ مغرب فلاں ابن فلاں

ع	یامعید	م
یامعید	یااللہ	یامعید
د	یامعید	ی

بستم راہ شمال فلاں ابن فلاں — بستم راہ جنوب فلاں ابن فلاں

قرض کی ادائیگی کا عمل

مندرجہ ذیل نقش کو گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے سامنے رکھیں اور سورۂ اخلاص کی آیت "اَللّٰهُ الصَّمَدُ" ۲۲۱ مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور نقش پر دم کر دیں پھر اس نقش کو اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں اور نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد سو مرتبہ "اَللّٰهُ الصَّمَدُ" پڑھتے رہیں لگاتار ۴۰ دن تک انشاء اللہ قرض کی ادائیگی کی کوئی سبیل پیدا ہو گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۷	۶۰	۶۴	۵۰
۶۳	۵۱	۵۶	۶۱
۵۲	۶۶	۵۸	۵۵
۵۹	۵۴	۵۳	۶۵

اللہ الصمد

اللہ الصمد

اللہ الصمد

سوتے ہوئے پیشاب نکل جانے کا علاج

جب بچہ رات کو سو جائے تو اس کے سرہانے کھڑے ہو کر ۷ مرتبہ سورۂ بقرہ کی ابتدائی آیات یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ تک ۲۱ روز تک پڑھیں۔ انشاء اللہ اس مرض سے نجات مل جائے گی۔

کسی مرحوم کو خواب میں دیکھنے کا عمل

بعد نماز عشاء دو رکعت نماز ادا کریں۔ سورۂ فاتحہ کے بعد پہلی رکعت میں سات مرتبہ سورۂ وَالشَّمْس پڑھیں اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۂ وَاللَّیْل پڑھیں۔ (

یہ دونوں سورتیں تیسویں سپارے میں ہیں)

نماز سے فارغ ہونے کے بعد جتنا بھی شرح صدر کے ساتھ پڑھ سکیں۔ کوئی سا بھی درود شریف پڑھیں۔ پھر ذیل کے نقش کو تکیہ میں رکھ کر سو جائیں۔ انشاء اللہ پہلی رات میں یا پھر تیسری رات میں زیارت ہو جائے گی۔ جس کو خواب میں دیکھنا چاہیں اس کا تصور رکھیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ل	ا	ص

یاالٰہی فلاں ابن فلاں کا مجھے دیدار ہو جائے اِغْثِنِیْ اِغْثِنِیْ اِغْثِنِیْ

اس نقش کی چال یہ ہے۔

۴	۳	۲	۱
۸	۷	۶	۵
۱۲	۱۱	۱۰	۹
۱۶	۱۵	۱۴	۱۳

رعشہ کا علاج

اگر کوئی شخص رعشہ میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر اکثر و بیشتر اس کو دیکھتا رہے۔ انشاء اللہ کچھ دنوں کے بعد رعشہ ختم ہو جائے گا۔

٧٨٦

٣١٧	٣٣١	٣٢٨	٣٢۴
٣٢٩	٣٢٣	٣١٨	٣٣٠
٣٢٢	٣٢٦	٣٣٣	٣١٩
٣٣٢	٣٢٠	٣٢١	٣٢٧

ولادت میں آسانی کے لئے

مندرجہ ذیل حروف کسی کاغذ پر لکھ کر عورت کے ہاتھ میں دے دیں بوقت ولادت وہ انہیں دیکھتی رہے۔ انشاء اللہ جلد ولادت سے فارغ ہوگی۔

٧٨٦

ج ح خ ط ظ ع غ ق ق ی ے ل م
ششم ۵۵۵ اسوک ل و

دشمنوں پر غلبہ اور فتح پانے

دشمنوں پر غلبہ اور فتح پانے کے لئے اس نقش کو سنہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔

٧٨٦

حسبنا	الله	ونعم	الوکیل
الوکیل	ونعم	الله	حسبنا
الله	حسبنا	الوکیل	ونعم
ونعم	الوکیل	حسبنا	الله

چیچک سے حفاظت کے لئے

چیچک سے محفوظ رہنے کے لئے اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈال لیں۔ انشاء اللہ چیچک نہیں نکلے گی۔

٧٨٦

سلی	سلی	والقرعة
السر	السر	ہاوس
الفرس		این

کسی بھی مشکل سے نجات کے لئے

اگر کوئی ایسی مشکل درپیش ہو کہ جس کی وجہ سے زندگی اجیرن بن کر رہ گئی ہو اور اس سے نجات حاصل کرنے میں کسی بھی طرح کامیابی نہ مل رہی ہو تو نماز فجر کے بعد پانچ سو مرتبہ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ اور نماز عشاء کے بعد پانچ سو مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھنا چاہئے اور اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری رکھنا چاہئے۔ انشاء اللہ مشکلوں سے نجات مل جائے گی۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا نہ بھولیں۔

دوسرا عمل: کسی بھی مشکل سے نجات پانے کے لئے نماز فجر کے بعد ۲۱ مرتبہ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل بھی تیر بہدف ہے اور مشکلات سے نجات دلاتا ہے۔ اس عمل کو بھی چالیس دن کی نیت سے شروع کریں اور درمیان میں ناغہ نہ کریں۔

اگر بخار شدید ہو

اگر کسی بچے یا بڑے آدمی کو شدید بخار ہو اور کسی طرح کم نہ ہو رہا ہو تو پیپل کے درخت کے پتے پر یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر مریض کو

بلادیں۔اس عمل کو ایک دن میں تین بار کرلیں۔انشاء اللہ زیادہ سے زیادہ تین دنوں میں بخار سے نجات مل جائے۔

دفینے کی نشاندہی کے لئے

حرف "را" ۸۰۰ مرتبہ پڑھ کر سفید مرغ کے دونوں کانوں میں دم کردیں اور اس مرغ کو اس گھر میں چھوڑدیں جہاں دفینے کا گمان ہو۔مرغ جس جگہ جاکر اپنی چونچ مارے یا اپنے پنجوں سے زمین کھودے تو سمجھ لیں دفینہ اسی جگہ ہے اس کے بعد کسی معتبر عامل سے بقیہ کارروائی کرائیں۔

موذی جانوروں سے محفوظ رہنے کے لئے

اگر حرف "نون" کو ایک سو پچاس مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لیں تو موذی جانوروں کے کاٹنے سے محفوظ رہیں۔

بدخواہوں کی زبان بندی کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے بدخواہوں کی زبان بند کرنا چاہے تو حرف "ی" ۱۰۰ مرتبہ لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔انشاء اللہ اس کے بدخواہوں اور دشمنوں کی زبان بند ہوجائے گی۔

تمام آفات وحادثات اور اثرات سے نجات کیلئے

کسی بھی طرح کے اثرات ہوں اور کسی بھی طرح کی آفات ہوں ان سے نجات حاصل کرنے کے لئے اصحاب کہف کا یہ نقش گلے میں ڈالیں یا گھر میں لٹکائیں۔

اس نقش کو لکھنے کے بعد ذیل کی عبارت ۲۱ مرتبہ پڑھ کر نقش پر دم کردیں اس کے بعد نقش کو بند کریں۔انشاء اللہ تمام آفات، حادثات اور اثرات سے حفاظت بھی رہے گا اور نجات بھی ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۹۰	۸۹۳	۸۹۷	۸۸۳
۸۹۶	۸۸۴	۸۸۹	۸۹۴
۸۸۵	۸۹۹	۸۹۱	۸۸۸
۸۹۲	۸۸۷	۸۸۶	۸۹۸

عبارت یہ ہے۔ الٰہی بحرمت یَمْلِیْخَا، مَکْسَلْمِیْنَا، کَشْفُوْطَط، اَذَرْفَطْیُوْنَس، کَشَا فَطْیُوْنَس، تَبْیُوْنَس یُوَانِس بُوْس وَ کَلْبُھُمْ قِطْمِیْر ۔ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَائِرٌ وَلَوْ شَآءَ لَھَدٰکُمْ اَجْمَعِیْنَ ٥ احفظ ھذا عن الحرق والغرقِ والسرقِ جمیع الآفات من السمآء والارض برحمتك وفضلك یا ارحم الراحمین۔

دشمنوں کی زبان بندی کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے بدخواہوں اور دشمنوں کی زبان بند ہوجائے اور وہ اس کی مخالفت سے باز آجائیں تو اس کو چاہئے کہ سورۂ عصر ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھے لگاتار ۱۳ دن تک۔ انشاء اللہ عجیب وغریب تاثیر ظاہر ہوگی اور سب کی زبان بند ہوجائے گی۔

خارش کا علاج

سورۂ قدر سات سات مرتبہ پانی پر دم کرکے سات دن تک صبح شام پلانے سے خارش بالکل ختم ہوجاتی ہے۔

اگر ناف ٹل جائے

اگر کسی کی ناف ٹل جائے تو یہ نقش لکھ کر کمر پر باندھیں۔نقش کمر پر رہے اور گرہ پیٹ پر بندھے۔انشاء اللہ ناف اپنی صحیح جگہ پر آجائے گی۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۳۶	۳۲	۸
۳۳	۷	۲	۳۵
۶	۳۰	۳۸	۳
۳۷	۴	۵	۳۱

احتلام سے بچنے کے لئے

احتلام سے بچنے کے لئے یہ نقش لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱۵	۲۲۸	۲۲۵	۲۲۲
۲۲۶	۲۲۱	۲۱۶	۲۱۷
۲۲۰	۲۲۳	۲۳۰	۲۱۷
۲۲۹	۲۱۸	۲۱۹	۲۲۴

قضائے حاجت کے لئے

اگر کوئی شخص کوئی حاجت رکھتا ہو یا کسی مشکل میں گرفتار ہو اور اس سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو یا اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں پھنسا ہوا ہو یا جیل میں ہو غرضیکہ کسی بھی افلاس، غربت، تنگ دستی یا کسی آفت ومصیبت کا شکار ہو تو اس کو تین راتوں تک یہ نماز پڑھنی چاہئے۔ انشاء اللہ بہت جلد اس کو تمام آفات ومصائب سے نجات مل جائے گی۔ اس نماز کو منگل گزر کر جو رات آتی ہے اس سے شروع کریں اور لگاتار تین راتوں تک جاری رکھیں۔

طریقہ یہ ہے کہ چار رکعت کی نیت باندھیں۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد یہ آیت سو مرتبہ پڑھے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ

وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ سو بار پڑھے، تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ سو مرتبہ پڑھے، چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ سو مرتبہ پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد کھڑا ہو جائے اور تین قدم آگے بڑھ کر سات سو مرتبہ کھڑے کھڑے اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے۔ اس کے بعد تین قدم پیچھے ہٹ جائے اور سجدے میں جا کر اپنی حاجات اپنے رب کے حضور رکھے۔ نماز شروع کرنے سے پہلے اور سجدے میں جا کر دعا کے بعد ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ دعا قبول ہوگی اور مشکلات سے نجات مل جائے گی۔

حصول روزگار کے لئے

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور روزگار کی تلاش میں ہو تو اس کو چاہئے کہ نوچندی اتوار کو پہلی ساعت میں تین سو بہتر مرتبہ "یَا بَاسِطُ" پڑھے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے اور روزانہ ۷۲ مرتبہ "یَا بَاسِطُ" نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ روزگار مل جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ب	ا	س	ط
۱۰	۵۹	۲	۱
۳	۴	۷	۵۸
۵۷	۸	۳	۴

اس نقش کی رفتار یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۱۲	۷	۲	۱۳
۳	۱۶	۹	۶
۵	۱۰	۱۵	۴

حاسدوں کے حسد سے بچنے کے لئے

اگر کوئی شخص حاسدوں میں گھرا ہوا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ حاسدوں کے حسد اور بغض کی نحوستوں سے وہ محفوظ رہے تو "اسم محمد" صلی اللہ علیہ وسلم کا نقش لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ چند ہفتوں ہی میں حاسدوں کے حسد سے اور ان کے بغض وعناد سے اور نحس حسرات سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

م	ح	م	د
د	م	ح	م
ح	م	د	م
م	د	م	ح

دنیا کی نظروں میں محبوب ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص دنیا کی نظروں میں محبوب ہونا چاہے تو اس کو چاہئے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ محترمہ کا اسم گرامی لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ واضح رہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کے نام میں اختلاف ہے۔ بعض حضرات نے "یوخانذ" لکھا ہے اور بعض حضرات نے "یوحانذ" ہماری رائے یہ ہے کہ کاغذ کے پرزے پر دونوں ہی نام لکھ لینے چاہئیں۔ ان ناموں کو

اپنے پاس رکھنے سے محبوبیت حاصل ہوتی ہے۔ اگر ان ناموں کو بوقت ولادت عورت کی بائیں ران پر باندھ دیا جائے تو آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو جاتا ہے۔

ہر قسم کی پریشانی سے نجات کے لئے

ذیل کے نقش کو چاندی کی لوح پر کندہ کرا کے چاندی ہی کی ڈبیا میں ڈال کر اپنے گلے میں ڈالیں پھر ان اسماء الٰہی کو جو نقش کے اندر موجود ہیں روزانہ بعد نماز عشاء سجدے میں جا کر اپنی پریشانیوں کا تصور کرتے ہوئے لاتعداد مرتبہ پڑھیں۔ جب دل پر رقت طاری ہو جائے سجدے سے سر اٹھا کر درود شریف پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کریں اور اپنے چہرے پر پھیر لیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم		
یااللہ	یارحمن	یارحیم
یاالٰہی کرم کن بحق یااللہ یارحمن یارحیم یامغیث اغثنی اغثنی اغثنی		

کامیابی حاصل کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل نقش کو گلاب وزعفران سے لکھیں، اس نقش کو ہرے کپڑے میں تعویذ بنالیں اور خوشبو سے معطر کر کے اپنے گلے میں ڈالیں۔ اس کے بعد گیارہ روز تک "اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا" نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ۱۲۳۳ مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ انشاء اللہ بہت جلد مقاصد حسنہ میں کامیابی ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

انا فتحنا لك فتحا مبينا

۴۱۲	۴۰۷	۴۱۴
۴۱۳	۴۱۱	۴۰۹
۴۰۸	۴۱۵	۴۱۰

[illegible]

انا فتحنا لك فتحا مبينا

انا فتحنا لك فتحا مبينا

کسی بھی مرض کو رفع کرنے کے لئے

کوئی بھی مرض ہو ڈاکٹری علاج کے ساتھ یہ عمل بھی جاری رکھیں۔ انشاء اللہ بہت جلد شفا نصیب ہوگی۔ آب جاری بوتل میں بھر کر ایک سو ایک مرتبہ سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ بِحَقِّ یَا شَافِی پڑھ کر دم کر دیں اور یہ پانی صبح شام دن میں ۲ بار مریض کو پلا دیں۔ اس طرح تین بوتلیں تین ہفتوں میں تیار کر کے ۲۱ دن تک پلا دیں۔ انشاء اللہ کیسا بھی مرض ہوگا اس سے نجات مل جائے گی۔

زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے عمل

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ خواب میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھے تو اس کو چاہئے کہ نماز عشاء کے بعد مندرجہ ذیل درود شریف تین ہزار تین سو مرتبہ پڑھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ زیارت سے مشرف ہوگا۔

کپڑے پاک صاف ہوں، عطر سے معطر ہوں اور عمل کے بعد کسی سے بات چیت نہ کرے۔ انشاء اللہ پہلی رات ورنہ تیسری رات زیارت نصیب ہوگی۔

درود پاک یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

شادی کے لئے خاص عمل

ذیل کے عمل کو روزانہ بعد نماز عشاء پانچ سو مرتبہ سجدے میں جا کر پڑھیں۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

عمل یہ ہے۔ بسم الله الرحمن الرحيم۔ اِغْنِنِیْ اِغْنِنِیْ اِغْنِنِیْ اِغْنِنِیْ یَامُغِیْثُ۔

شادی کے لئے دوسرا عمل

شادی کے لئے ایک عمل یہ بھی ہے کہ سورۂ احزاب کا نقش لکھ کر لکڑی کے ڈبے میں رکھ دیں اور اس میں تالا لگا دیں۔ پھر روزانہ سورۂ احزاب کی تلاوت کر کے اس لکڑی کے ڈبے پر دم کرتے رہیں لگاتار ۴۰ دن تک انشاء اللہ اس دوران کسی جگہ سے بات پکی ہو جائے گی، شادی ہو جانے کے بعد لکڑی کے ڈبے کو دریا میں ڈال دیں یا کوئی پتھر وغیرہ اس کے ساتھ باندھ کر اس کو کسی بڑے تالاب میں ڈال دیں۔ سورۂ احزاب کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۸۸۰۷	۸۸۸۲۰	۸۸۸۱۷	۸۸۸۱۴
۸۸۸۱۸	۸۸۸۱۳	۸۸۸۰۸	۸۸۸۱۹
۸۸۸۱۲	۸۸۸۱۵	۸۸۸۲۲	۸۸۸۰۹
۸۸۸۲۱	۸۸۸۱۰	۸۸۸۱۱	۸۸۸۱۶

کسی کو خواب میں دیکھنے کا عمل

اگر کوئی شخص کسی مردہ یا زندہ انسان کو خواب میں دیکھنا چاہے تو اس کو چاہئے کہ عشاء کی نماز کے دو گھنٹے کے بعد غسل کرے اور دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۂ والشمس اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ واللیل

پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد جب تک آنکھ نہ لگ جائے یہ درود پڑھتا رہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ اور مندرجہ ذیل نقش اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ خواب میں مطلوبہ انسان سے ملاقات ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ص	م	ل	ا
ا	ل	م	ص
م	ص	ا	ل
ل	ا	ص	م

یاالٰہی فلاں ابن فلاں کا مجھے دیدار ہو جائے۔ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ

اس نقش کی رفتار یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ڈراؤنے خوابوں سے حفاظت

اگر کسی کو ڈراؤنے خواب آتے ہوں تو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل اسماء الٰہی کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے اور یہ عمل بستر پر لیٹنے کے بعد کرے۔ اسماء الٰہی یہ ہیں۔

یَااَللّٰہُ یَاحَفِیْظُ یَاوَکِیْلُ یَاحَافِظُ یَانَافِعُ یَاوَکِیْلُ یَاکَرِیْمُ یَارَحْمٰنُ یَاوَکِیْلُ اور مندرجہ ذیل نقش تکیہ کے اندر سی لے یا تکیہ کے نیچے رکھ لیں۔

۷۸۶

یاوکیل	یاحفیظ	یااللہ
یارحیم	یانافع	یاحفیظ
یارقیب	یارحمن	یاکریم

بستم بستم بستم فلاں ابن فلاں کے ڈراؤنے خواب بحق یااللہ یاحفیظ یاوکیل یاحافظ یانافع یارحیم یاکریم یارحمن یارقیب

فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض کا نام لکھ دیں اس نقش کی رفتار یہ ہے۔

۴	۳	۹
۸	۶	۱
۲	۷	۵

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

مندرجہ ذیل نقش گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے سامنے رکھیں اور سورۂ اخلاص آیت اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۲۱۳ مرتبہ پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد نقش پر دم کر دیں اور نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں اور جو بھی اپنا مقصد ہو اسکو دل میں رکھیں انشاء اللہ بھرپور کامیابی ملے گی۔

۷۸۶

اللہ الصمد

۵۷	۶۰	۶۴	۵۰
۶۳	۵۱	۵۶	۶۱
۵۲	۶۶	۵۸	۵۵
۵۹	۵۴	۵۳	۶۵

اللہ الصمد

اللہ الصمد

سوتے وقت پیشاب نکل جانا

بعض بچوں کو یہ مرض ہوتا ہے کہ سوتے وقت ان کا پیشاب نکل جاتا ہے ان کا علاج یہ ہے کہ بچہ سوجائے تو سورہ بقرہ کی آیات بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰ الٓمّٓ ۰ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَارَیْبَ فِیْہِ ۰ ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ سات مرتبہ پڑھیں اور اول و آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس عمل کو ۲۱ روز تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ مرض سے نجات مل جائے گی۔

دفع بے روزگاری کا عمل

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو یا ملازمت سے برطرف کردیا گیا ہو یا باہر جانا چاہتا ہو اور رکاوٹیں سفر میں مانع ہوں تو اس کو چاہئے کہ عشاء کی نماز کے بعد "یَاسَمِیْعُ" ۱۸۰ مرتبہ "یَاوَاسِعُ" ۱۳۷ مرتبہ اور "یَارَزَّاقُ" ۳۰۸ مرتبہ پڑھا کرے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

اگر بچہ روتا ہو

بعض بچے اکثر روتے رہتے ہیں بالخصوص رات کو ان کا رونا ماں باپ کے لئے مصیبت بن کر رہ جاتا ہے۔ ایسے بچوں کے لئے یہ نقش مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس کو کالی روشنائی سے لکھ کر کالے کپڑے میں پیک کرکے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ رونا موقوف ہوگا۔

۷۸۶

ظ	ی	ف	ح
ح	ف	ی	ظ
ی	ظ	ح	ف
ف	ح	ظ	ی

درد بدن کا علاج

کسی شخص کے اگر جسم کے کسی حصے میں درد ہو یا پورے جسم میں درد ہو اور کسی بھی علاج سے افاقہ نہ ہو رہا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ چند دنوں ہی میں مکمل آرام ملے گا۔

۷۸۶

۳۰۴۰۳	۳۰۴۰۶	۳۰۴۰۹	۳۰۳۹۶
۳۰۴۰۸	۳۰۳۹۷	۳۰۴۰۲	۳۰۴۰۷
۳۰۳۹۸	۳۰۴۱۱	۳۰۴۰۴	۳۰۴۰۱
۳۰۴۰۵	۳۰۴۰۰	۳۰۳۹۹	۳۰۴۱۰

یرقان کا علاج

اگر کسی کو یرقان "پیلیا" ہوجائے تو ایک بوتل پانی پر سورۂ بینہ (سپارہ ۳۰) ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں اور دن میں کئی بار پیئیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتے کے اندر یرقان سے نجات مل جائے گی۔

ذہن کی کشادگی کے لئے

اگر تین روز تک مسلسل طلوع آفتاب کے وقت بسم اللہ ۷۸۶ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پیئیں تو ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہوگا۔ بچوں کے لئے یہ عمل ان کے ماں باپ بھی کرسکتے ہیں عمل کرکے پانی پر دم کرکے بچوں کو پلا سکتے ہیں۔

دولت میں اضافہ کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی دولت میں اضافہ ہو تو اس کو چاہئے کہ عشاء کی نماز کے

بعد ۴۱ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھنے کا معمول بنائے اور سورۂ فاتحہ کا نقش اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ انشاءاللہ مال و دولت میں مسلسل اضافہ ہوتا رہے گا۔

سورۂ فاتحہ کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

عزت و رفعت کے لئے

کچھ لوگ اس بات کے خواہش مند ہوتے ہیں کہ معاشرے میں ان کی عزت و وقعت ہو یا پھر اگر عزت و وقعت پہلے ہی سے ہے تو وہ برقرار رہے ایسے لوگوں کو چاہئے کہ وہ سورۂ انفال کا نقش اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور چلتے پھرتے لاتعداد مرتبہ "یَاقَوِیُّ" پڑھتے رہیں۔ انشاءاللہ جو بھی دیکھے گا وہ عزت کرنے پر مجبور ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۳۰۹۳	۱۰۳۰۹۶	۱۰۳۱۰۰	۱۰۳۰۸۶
۱۰۳۰۹۹	۱۰۳۰۸۷	۱۰۳۰۹۲	۱۰۳۰۹۷
۱۰۳۰۸۸	۱۰۳۱۰۲	۱۰۳۰۹۴	۱۰۳۰۹۱
۱۰۳۰۹۵	۱۰۳۰۹۰	۱۰۳۰۸۹	۱۰۳۱۰۱

عورت پر قادر ہونے کے لئے

بعض لوگوں کو بذریعہ سحر باندھ دیا جاتا ہے اور وہ اپنی بیوی کے ساتھ خلوت نہیں کرپاتے۔ ایسے لوگوں کے لئے بہترین علاج یہ ہے کہ سورۂ بنی اسرائیل کی آیت ۸۱ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا لکھ کر کمر میں باندھ دیں۔ اور اس کو چاہئے کہ وہ خلوت سے پہلے ۹ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے پھر نو نو مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے اس کے بعد خلوت کرے۔ انشاءاللہ سحر کا اثر باطل ہوجائے گا اور اس مرد کے اندر اہلیت پیدا ہوگی۔ چند بار ایسا کرنے سے پوری طرح بندش سے نجات مل جائے گی۔

خوش حالی کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے گھر میں خوش حالی رہے تو اس کو چاہئے کہ سورۂ مریم گلاب و زعفران سے لکھ کر اس کو ایک بوتل میں رکھے اور اسمیں پانی نہ ڈالے۔ انشاءاللہ رفتہ رفتہ گھر میں عجیب طرح کی خوشحالی آئے گی۔ بندشوں اور رکاوٹوں سے نجات ملے گی اور تمام آفات خواہ وہ ارضی ہوں یا سماوی ختم ہوجائیں گی۔

لڑکیوں کے پیغامات کے لئے

اگر لڑکیوں کے شادی کے پیغامات موصول نہ ہو رہے ہوں تو ہر بدھ کو بعد نماز عصر سورۂ احزاب کی تلاوت گھر میں کریں۔ اور دعا کریں۔ اگر لڑکی خود پڑھے تو صرف نیت کافی ہے دعا کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ انشاءاللہ چند ہفتوں کے عمل سے پیغامات آنے شروع ہوں گے۔ اگر اس سورۃ کو زعفران سے لکھ کر اس لڑکی کے بکس میں رکھ دیا جائے جس کی شادی نہ ہو رہی ہو تو بہت جلد اس کی شادی ہوجاتی ہے۔ ہزاروں بار کا آزمودہ عمل ہے۔

دفع یرقان کے لئے

یرقان (پیلیا) اگر کسی کو ہو جائے تو اس کے گلے میں یہ نقش ڈالیں انشاء اللہ تین چار دن میں یرقان سے چھٹکارا ملے گا۔ اس نقش کو کالی روشنائی سے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۳۳۷۴	۸۳۳۷۵	۸۳۳۷۰
۸۳۳۶۹	۸۳۳۷۳	۸۳۳۷۷
۸۳۳۷۶	۸۳۳۷۱	۸۳۳۷۲

اس نقش کی رفتار یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں محبت پیدا کرانی ہو تو جمعہ کے دن پہلی ساعت میں اس نقش کو طشتری پر زعفران سے لکھ کر دھو کر دونوں کو پلائیں اور اس عمل کو لگا تار سات جمعوں تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ دونوں کے درمیان زبردست محبت پیدا ہوگی۔ نقش اس طرح لکھیں۔

۷۸۶

۸۸۸
۹۹۹
۸۸۸

اگر بخار نہ اترتا ہو

اگر کسی شخص کو بخار ہو اور کسی طرح اترنے کا نام نہ لیتا ہو تو ایک کٹورے میں پانی بھر کر اس پر سورۂ فاتحہ ۴۰ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر اس پانی میں سفید رنگ کا کپڑا بھگو کر مریض کی پیشانی پر رکھیں۔ انشاء اللہ بخار اتر جائے گا۔

خارش سے نجات کے لئے

۲۱ روز تک یہ عمل کریں کہ روزانہ ۲۱ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ خارش سے نجات ملے گی۔ آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَأْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝

ٹی بی اور کینسر کے مریض کے لئے

اگر کوئی شخص ٹی بی یا کینسر میں مبتلا ہو تو اس کیلئے یہ عمل کریں کہ نماز فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان ۴۱ مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ کے میم کو سورۂ فاتحہ کے ال میں ملا کر پڑھیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ پھر اس گلاس میں پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں۔ اس عمل کو لگا تار ۴۰ دن تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ حیرتناک فوائد ظاہر ہونگے اور مریض آہستہ آہستہ مذکورہ امراض سے نجات پالے گا۔

بلڈ پریشر سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد مندرجہ ذیل آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر اپنے دل پر دم کر لے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں بلڈ پریشر سے نجات مل جائے گی۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝

جوڑوں کے درد کے لئے

اگر کوئی شخص جوڑوں کے درد میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ ۲۱ روز تک اس عمل کو کرے۔ طلوع آفتاب سے پہلے نماز فجر کے بعد سورۂ علق سات مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد سجدۂ تلاوت میں سات مرتبہ یہ پڑھیں حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر ۰ انشاء اللہ جوڑوں کے درد سے نجات مل جائے گی۔

حصول دولت کے لئے

نوچندی اتوار کو اس نقش کو تین عدد لکھیں، ایک نقش اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔ ایک نقش اپنے تکیہ میں رکھیں اور ایک نقش آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ اس کے بعد ۴۰ دن تک بعد نماز عشاء اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْز ۰ ۱۲۸۷ مرتبہ پڑھیں۔ جس دن چلہ پورا ہو جائے اس دن تکیہ والے نقش کو بھی آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ اس کے بعد روزانہ نماز فجر کے بعد مذکورہ آیت کو سو مرتبہ اور ظہر کی نماز کے بعد "یَا اَللّٰہ" ۶۶ مرتبہ عصر کی نماز کے بعد "یَا لَطِیْفُ" ۱۲۹ مرتبہ مغرب کی نماز کے بعد "یَا قَوِیُّ" ۱۱۶ مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد "یَا عَزِیْزُ" ۹۴ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے مال و دولت میں زبردست اضافہ ہوگا۔

ادائیگی قرض کے لئے

اگر کوئی شخص مقروض ہو اور قرضوں سے کسی طرح نجات نہ مل پا رہی ہو تو اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے اور روزانہ مغرب کے بعد ایک مرتبہ سورۂ واقعہ کی تلاوت کرے۔

سورۂ واقعہ ۲۷ ویں سپارہ میں ہے۔ انشاء اللہ بہت جلد قرضوں سے نجات مل جائے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۵	۱۱۸	۱۱۵	۱۱۲
۱۱۶	۱۱۱	۱۰۶	۱۱۷
۱۱۰	۱۱۳	۱۲۰	۱۰۷
۱۱۹	۱۰۸	۱۰۹	۱۱۴

پھل کو میٹھا کرنے کے لئے

حسب ذیل آیت کو پڑھ کر پھل کو تراشے۔ انشاء اللہ وہ میٹھا ہوگا۔ آیت یہ ہے۔
فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ ج وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم ۰

حصول ملازمت کے لئے

نوچندی جمعہ سے یہ عمل شروع کرے۔ بعد نماز مغرب حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل ۰ ۱۱ مرتبہ پڑھے اور بعد نماز جمعہ اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے۔ اس عمل کو لگاتار ۱۱ جمعوں تک کرے انشاء اللہ اس دوران ملازمت مل جائے گی۔ آیت یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰ وَلَقَدْ مَکَّنّٰکُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَکُمْ فِیْھَا مَعَایِشَ ط قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَ ۰

حاجت پوری کرنے کے لئے

کوئی بھی حاجت ہو بعد نماز مغرب دو نفلیں بہ نیت قضاء حاجت پڑھ کر آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے ہاتھ اٹھا کر دس منٹ تک (اندازاً) یَا رَبِّ یَا رَبِّ کہتا رہے۔ اس عمل کو لگاتار سات روز تک کرے انشاء اللہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

دفع شر کے لئے

اگر کسی شہر میں کوئی فتنہ یا شر پھیل رہا ہو اور اس سے محفوظ رہنا مقصود ہو تو سورۂ قریش نماز

فجر اور نماز عشاء کے بعد ۴۰ مرتبہ پڑھنی چاہیے۔

دعا کی مقبولیت کے لئے

ان آیات کو گیارہ گیارہ مرتبہ بالترتیب پڑھ کر جو دعا کی جائے گی۔ انشاء اللہ قبول ہوگی۔ اس عمل کو مغرب کے بعد کریں۔

(۱) لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

(۲) رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

(۳) وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

(۴) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ ۝

(۵) رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی کے درمیان ناچاقی رہتی ہو اور دونوں کے تعلقات ٹوٹ جانے کا اندیشہ ہو تو اس نقش کو لکھ کر ان کے گھر میں لٹکوادیں۔ اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کرلیں۔ انشاء اللہ دونوں کے درمیان محبت پیدا ہوگی اور ہر وقت کا اختلاف ختم ہوجائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۴۳	۸۶۴	۸۸۵	۷۹۳
۸۷۸	۸۰۰	۸۳۶	۸۷۱
۸۰۷	۸۹۹	۸۵۰	۸۲۹
۸۵۷	۸۲۲	۸۱۴	۸۹۲

برائے محبت فلاں ابن فلاں وفلاں بنت فلاں

دائم المرض کے لئے

کچھ لوگ ہمیشہ بیمار رہتے ہیں اور ہر وقت وہ دوائیں کھاتے نظر آتے ہیں ایسے لوگوں کے لئے یہ نقش بہت کارآمد ثابت ہوتا ہے اس کو کالی روشنائی سے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ چند دنوں کے بعد وہ رو بہ صحت ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۳۵	۱۱۲۸	۱۱۳۱	۱
۱۱۳۰	۲	۱۱۳۴	۱۱۲۹
۳	۱۱۳۳	۱۱۲۶	۱۱۲۳
۱۱۲۷	۱۱۲۲	۴	۱۱۳۲

مقدمہ میں کامیابی کے لئے

مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے اس نقش کو بدھ کے دن پہلی ساعت میں لکھ کر اس کو اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ مقدمہ میں کامیابی ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۳۳۶۴	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۳۳۶۳
۳	۱۶	۳۳۶۰	۶
۳۳۶۱	۵	۴	۱۵

نظر بد کا علاج

بعض بچوں کو سخت نظر ہوتی ہے اس لئے اکثر وہ بیمار رہتے ہیں یا پھر ہر وقت روتے رہتے

ہیں جس سے ماں باپ کو بہت پریشانی ہوتی ہے۔ایسے بچوں کو نظر بد سے نجات دلانے کے لئے اس نقش کو ان کے گلے میں ڈالیں۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ھا ھا ھا ھا ھا
اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

ہسٹریا کے دوروں سے نجات

اگر کسی لڑکی کو ہسٹریا کے دورے پڑتے ہوں تو اس کے گلے میں یہ تعویذ ڈالیں۔انشاء اللہ دوروں سے نجات ملے گی۔

۷۸۶

لاالہ	الااللہ	محمد	رسول	اللہ
یااللہ	یارحمن	یارحیم	یاستار	یاغفار
یاکریم	یاوہاب	یابدوح	یاغفور	یاشکور

حاجات اور فتوحات کے لئے

سورۂ مزمل کا یہ عمل فتوحات اور حاجات کے لئے تیر بہدف ہے اس عمل میں کبھی ناکامی نہیں ہوتی اور اللہ کے فضل وکرم سے یہ عمل ہمیشہ کامیاب ہوجاتا ہے۔طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد سورۂ مزمل تین مرتبہ پڑھیں اور جب اس آیت پر پہنچیں۔رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھیں اور مندرجہ ذیل نقش کو سامنے رکھ کر ۴۵۰ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھیں۔سورۂ مزمل پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور سجدے میں جا کر اپنی حاجات و

خواہشات اور فتوحات کے لئے دعا کریں۔اس عمل کو لگاتار ۱۱ دن تک کرنے کے بعد نقش کو تعویذ بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔انشاء اللہ کامیابیوں کے دروازے کھل جائیں گے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۵	۱۱۸	۱۱۵	۱۱۲
۱۱۶	۱۱۱	۱۰۶	۱۱۷
۱۱۰	۱۱۳	۱۲۰	۱۰۷
۱۱۹	۱۰۸	۱۰۹	۱۱۴

حاجات وخواہشات کا ایک اور عمل

کسی بھی طرح کی جائز خواہش ہو اس کو پورا کرنے کے لئے یہ عمل کریں اور قدرت خداوندی کا کرشمہ دیکھیں۔عروج ماہ میں بعد نماز عشاء ۱۲۱ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں اور زعفران سے بسم اللہ کے دو نقش لکھیں۔ایک حرفی اور ایک عددی۔

نقش حرفی یہ ہے۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
الرحیم	الرحمن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمن
الرحمن	الرحیم	بسم	اللہ

نقش عددی یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

اگلے دن نماز فجر کے بعد ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ پڑھے۔ اس کے بعد اشراق کی نماز پڑھے اور دونوں تعویذ ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ فتوحات کے دروازے کھل جائینگے اور تمام جائز خواہشات پوری ہوں گی۔

حل مشکلات کے لئے

جب کوئی مشکل پیش آئے تو وضو کر کے مکمل تنہائی میں دو رکعت نماز نفل پڑھ کر ۲۱۹ مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ پھر سجدے میں جا کر دعا کرے۔ انشاء اللہ کیسی بھی مشکل ہوگی اس سے نجات مل جائے گی۔

دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَا ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَافَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ اَرْکَانَ عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّذِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ کُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا غِیَاثُ اَغِثْنِیْ یَا غِیَاثُ اَغِثْنِیْ یَامُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَامُغِیْثُ اَغِثْنِیْ۔

بند حیض جاری کرنے کے لئے

اگر کسی عورت کا حیض بند ہو جائے تو مندرجہ ذیل دو نقش تیار کئے جائیں، ایک نقش عورت کے گلے میں ڈالیں اور ایک نقش بوتل میں ڈال کر تین روز تک پلائیں۔ انشاء اللہ حیض جاری ہو جائے گا۔

۷۸۶

الامان	الامان	الامان	الامان
الامان	الامان	الامان	الامان
الامان	الامان	الامان	الامان
الامان	الامان	الامان	الامان

قوت امساک کے لئے

اگر کسی شخص کو انزال جلد ہو جاتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو اپنی کمر میں بوقت مباشرت باندھ لے۔ انشاء اللہ زبردست قوت امساک پیدا ہوگی اور شوہر اپنی بیوی کے سامنے شرمندگی سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

اا اا اا م ااا و ااا عاا ع ع ۱۹۱۹ ع
۹۹ط اا عم اا و لے اا م ولالا ااا عم ااا و اا ھم
۱۹ اا ۲۱۵ ۱۱۲ ۹ و اا ۵
ع اا ام اا م ح اط ۳ ط و ا ھ اا اا ی او ع

مفرور کو واپس بلانے کا عمل

یہ نقش استعمال کریں۔

۷۸۶

بستم راہ مغرب فلاں ابن فلاں

بستم راہ شمال فلاں ابن فلاں

ب	بدوح	د
بدوح	بدوح	بدوح
ح و	بدوح	ح د

بستم راہ جنوب فلاں ابن فلاں

بستم راہ مشرق فلاں ابن فلاں

فلاں ابن فلاں کی جگہ بھاگے ہوئے کا نام لکھ کر اس نقش کو کسی پھل دار درخت پر لٹکا دیں ۔ انشاء اللہ مفرور واپس آجائے گا اور جہاں ہو گا وہاں سے اِدھر اُدھر نہیں ہو سکے گا۔

چوری کے مال کی واپسی کے لئے

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو تو اس نقش کو لکھ کر ایسی جگہ چسپاں کر دیں جہاں نقش پر دھوپ پڑتی ہو۔ انشاء اللہ تین دن کے اندر اندر چوری کا مال واپس ہو گا۔

۳۰	۴۴	۴۱	۳۸
۴۲	۳۷	۳۱	۴۳
۳۶	۳۹	سارق حال مسروقہ بیارد	۳۲
۴۵	۳۳	۳۵	۴۰

والسارق والسارقة فاقطعوا
ایدیھما جزاء بما کسبا

پیشاب کھولنے کے لئے

اگر کسی کا پیشاب بند ہو جائے تو اس کو کھولنے کیلئے اس نقش کو پانی میں گھول کر پلائیں۔ انشاء اللہ ایک گھنٹے کے اندر اندر پیشاب کھل جائے گا۔

۷۸۶

لو	ب	ح	ع
د	م	د	ح
ب	و	و	۲
ی	۲	۲	۱

سمجھ میں نہ آنے والی بیماری

جو بیماری سمجھ میں نہ آئے اس کو دفع کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ اگر دورے پڑتے ہوں اور وجہ سمجھ میں نہ آتی ہو تو اسی نقش کو بوتل میں ڈال کر سات دن تک پلائیں۔

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۵
۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴

چوری کی عادت چھڑانے کے لئے

اگر کسی کو چوری کرنے کی عادت پڑ گئی ہو تو اس کو چھڑانے کیلئے یہ لکھ کر روئی کے بیچ میں رکھ کر تکیہ میں سی دیں اور اس تکیہ کو دوسرا استعمال نہ کرے انشاء اللہ چند ہفتوں میں چوری کی عادت چھوٹ جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ یاحفیظ ۵ بار یا ودود ۵ بار

یرقان کے لئے

یرقان کے لئے یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

ک	ش	ر	س
ت	ل	ع	ق
ت	ف	م	خ
ض	د	ص	ن

اداسی سے نجات پانے کے لئے

اگر کوئی شخص اداس اور افسردہ رہتا ہو تو اس کو اس بیماری سے نجات دلانے کے لئے یہ نقش لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔

۵۵۵۵۵۵۵۵۵۵۵۵

شوگر سے نجات پانے کیلئے

اگر کوئی شخص شوگر سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر تینوں وقت کھانا کھانے سے ۱۵ منٹ پہلے پانی میں گھول کر پی لے۔

۷۸۶

ح	م	ص	ع
ق	ر	ا	ع
ت	ل	ک	ا
ی	ا	ت	ل

کینسر سے نجات پانے کے لئے

جس کمرے میں مریض کا قیام ہے اس کی دیواریں اور پردے سرخ کرا دیں۔ پلنگ کی چادریں اور تکیوں کے غلاف بھی سرخ کرا دیں۔ حتیٰ کہ مریض کے کپڑے بھی سرخ کر دیئے جائیں اور کھانے کا سرخ رنگ پانی میں گھول کر مندرجہ ذیل نقش ۴۱ عدد لکھیں۔ ایک نقش گلے میں ڈالیں اس کو موم جامہ کر کے سرخ رنگ کے کپڑے میں پیک کر لیں۔

۴۰ نقوش روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر اس کا پانی دن میں ۲ بار صبح شام مریض کو پلائیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱

ابرار الجاح

ص والقلم ص والقلم ص والقلم

گردے کے جملہ امراض کے لئے

گردے میں پتھری ہو، سوجن ہو یا کسی قسم کا درد ہو یہ نقش انشاء اللہ فائدہ کرے گا۔ گردے میں اگر پتھری ہوگی تو ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے سے باہر آجائے گی۔

۷۸۶

ک ن م ق

والملک القدوس الرحمٰن الرحیم

۷۹۵ ۷۹۵ ۷۹۵

منہ کی بدبو

جب بھی پانی پئیں "مرکونی مرکونی مرکرنی" تین مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پئیں اور کسی بھی دن ایک پاؤ شہد پر مذکورہ تسبیح پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور نہار منہ یہ شہد استعمال کر لیا کریں۔ دانتوں کو برش یا مسواک سے صاف رکھیں۔ انشاء اللہ منہ کی بدبو سے نجات ملے گی۔

لکنت

اگر کسی کو لکنت ہو تو رات کو سونے سے پہلے آئینہ کے سامنے کھڑے ہو کر ۱۰۰ مرتبہ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ پڑھیں۔ پھر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے چہرے پر مل کر کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں۔

اس عمل کو لگاتار نوے دن تک کریں۔ انشاء اللہ لکنت ٹھیک ہو جائے گی۔ اگر دو چار دن کا ناغہ ہو جائے تو نوے کی تعداد پوری کریں۔

یرقان (پیلیا)

اگر کسی کو یرقان یعنی پیلیا کی بیماری ہو جائے تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ یرقان سے نجات ملے گی۔

۷۸۶

ک	ش	ر	س
ت	ل	ع	ق
ت	ف	م	خ
ض	د	ص	ن

گھر میں سب بیمار

اگر کسی گھر میں سب لوگ بیمار ہوں تو یہ نقش لکھ کر گھر میں لٹکا دیں۔ انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائیں گے۔

۷۸۶

△۲۲۳۱۹۶۱۲۱۱۹۱۰۳◉

ک ل ک ای ل

رعشہ بدن

اگر کسی کو رعشہ کی بیماری ہو اس کے ہاتھ پیر کانپتے ہوں تو مندرجہ ذیل دو نقش بنائیں۔ ایک مریض کے گلے میں لٹکا دیں اور ایک مریض کو روزانہ صبح شام دکھاتے رہیں۔ انشاء اللہ چند ہفتوں میں مریض کو رعشہ سے نجات مل جائے گی۔

۷۸۶

۳۱۷	۳۳۱	۳۲۸	۳۲۴
۳۲۹	۳۲۳	۳۱۸	۳۳۰
۳۲۲	۳۲۶	۳۳۳	۳۱۹
۳۳۱	۳۲۰	۳۲۱	۳۲۷

اگر ناف ٹل جائے

اگر کسی کی ناف ٹل جائے تو یہ نقش لکھ کر ناف کی جگہ پر باندھیں۔ انشاء اللہ ناف صحیح جگہ پر آجائے گی۔ جہاں فلاں لکھا ہوا ہے وہاں مریض کا نام لکھ دیں۔ ماں کا نام لکھنے کی ضرورت نہیں۔

۷۸۶

۱	۳۵	۳۲	۸
۳۳	۷	۲	۳۴
۶	۳۰	فلاں	۳
۳۶	۴	۵	۳۱

درد پیٹ

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو مندرجہ ذیل آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر نمک کی ڈلی پر دم کر کے مریض کو چٹائیں۔ انشاء اللہ تھوڑی دیر میں درد ٹھیک ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ وَاللّٰہُ اَخْرَجَکُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّھٰتِکُمْ ۝

بھوک کی کمی

اگر کسی کو بھوک کم لگتی ہو تو ایک روٹی پر ۴۱ مرتبہ "ھُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ" پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ اس عمل کو لگاتار تین دن تک کریں۔ انشاء اللہ بھوک کھل جائے گی۔

پیشاب کی زیادتی

اس آیت کو سات مرتبہ طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں۔ روزانہ اس عمل کو لگاتار گیارہ دن تک کریں۔ انشاء اللہ پیشاب کی زیادتی سے نجات ملے گی۔

آیت یہ ہے۔ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ

وَقُضِیَ الْاَمْرُ ہ

برص کے نشانات

اگر کسی کے بدن پر برص کے نشانات ہوں تو اس کو چاہئے کہ ایام بیض کے روزے رکھے۔ یعنی چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ کو اور افطار کے وقت روزانہ سو مرتبہ "یَامَجِیْدُ" پڑھے۔ انشاء اللہ برص سے نجات ملے گی۔


ہر طرح کے بخار کے لئے

بخار کسی بھی طرح کا ہو اس آیت کو طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلانا چاہئے تین دن تک۔ انشاء اللہ تین دن میں بخار سے چھٹکارا ملے گا۔

آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہ قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ ہ

بخار سے نجات کے لئے

بخار کی شدت اگر کم نہ ہوتی ہو تو تین دن تک یہ نقوش کاغذ پر بنا کر بالترتیب تین دن تک مریض کو دھونی دیں۔ کاغذ کو جلا کر دھواں مریض کے چہرے سے گزاریں۔ انشاء اللہ تین دن میں بخار کی شدت ختم ہو جائے گی۔



بخار اگر ٹھہر جاتا ہے تو اس سے ٹی بی کا اندیشہ پیدا ہو جاتا ہے۔ ٹھہرے ہوئے بخار کو ختم کرنے کے لئے تھوڑی سی روئی لے کر اس پر گیارہ مرتبہ درود شریف اور سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کے دائیں کان میں لگا دیں۔ پھر روئی کا دوسرا ٹکڑا لے کر اس پر سورۃ فاتحہ تین مرتبہ پڑھ کر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کے بائیں کان میں

لگا دیں۔ ۲۴ گھنٹے کے اندر اندر بخار ختم ہو جائے گا انشاء اللہ۔

خواب بندی کے لئے

اگر کسی کو بُرے خواب آتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ بُرے خوابوں سے نجات ملے گی۔


۷۸۶

۲۴۶	۲۶۰	۲۵۷	۲۵۴
۲۵۸	۲۵۳	۲۴۷	۲۵۹
۲۵۲	۲۵۵	۲۶۲	۲۴۸
۲۶۱	۲۴۹	۲۵۱	۲۵۶

مرگی سے نجات کیلئے

اگر کسی کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶



اگر بچہ سوکھ رہا ہو

اگر کسی بچے کو سوکھیا کا مرض ہو تو مندرجہ ذیل نقش مرغی کے انڈے پر لکھ کر اپنے ہی گھر میں دفن کریں۔ بچہ کا نام اس نقش پر ضرور لکھیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶


وائی	عررو
حومحر	رو
فلاں ابن فلاں	

کوئی بھی مایوس کن مرض ہو

کسی کو کوئی بھی مایوس کن یا مہلک بیماری ہو اس سے نجات پانے کے لئے مٹی کے برتن میں سوا کلو گیہوں یا جوار ڈالیں اور اس میں گیارہ روپے کے سکے بھی رکھیں پھر مریض کے دونوں ہاتھ اس کونڈے یا مٹی کے برتن میں کھول کر رکھوائیں۔ اس طرح کہ انگلیاں ایک دوسرے سے جدا جدا رہیں گھڑی میں دیکھ کر ۵ منٹ تک۔ اس کے بعد یہ تینوں چیزیں خیرات کر دیں۔ مٹی کا برتن بھی، اناج بھی اور ۱۱ روپے بھی۔ پھر مندرجہ ذیل دو نقش تیار کریں۔ دونوں نقش زعفران سے لکھیں۔ ایک نقش کو بوتل میں ڈال کر سات روز تک پلائیں دن میں دو بار اور ایک نقش مریض کے گلے میں کالے کپڑے میں پیک کر کے ڈالیں۔ اگر ضرورت ہو تو اس نقش کو مزید لکھ کر ہر ہفتے بوتل میں ڈال کر پلاتے رہیں۔ کونڈے والا عمل صرف ایک ہی بار ہوگا۔ اور گلے والا تعویذ بھی صرف ایک ہی بار تیار ہوگا۔ پینے والے تعویذ ہر ہفتے مزید تیار کئے جا سکتے ہیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶



اس نقش کو لکھتے وقت آیات قرآنی پر زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔

قید سے رہائی کیلئے

قیدی کو چاہئے کہ کسی جگہ سے پاک صاف مٹی اٹھا کر اپنے پاس رکھے پھر جمعہ کی پہلی ساعت میں یعنی سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹے کے اندر اندر اس مٹی کو سجدے کی جگہ بچھا کر دو رکعت نماز پڑھے اور سجدہ اسی مٹی پر کرے پھر اس مٹی کو اٹھا کر اپنے تکیہ میں رکھ لے اور اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ قید سے بہت جلد رہائی نصیب ہوگی۔

۷۸۶

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

لوگوں پر ہیبت طاری کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ لوگوں پر اس کا رعب اور ہیبت طاری ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو منگل کی پہلی ساعت میں لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

۱۵۳۱۳	۱۵۳۱۶	۱۵۳۱۹	۱۵۳۰۵
۱۵۳۱۸	۱۵۳۰۶	۱۵۳۱۲	۱۵۳۱۷
۱۵۳۰۷	۱۵۳۲۱	۱۵۳۱۴	۱۵۳۱۱
۱۵۳۱۵	۱۵۳۰۱۰	۱۵۳۰۸	۱۵۳۲۰

غیر مسلم حضرات کے لئے

کوئی بھی مرض ہو غیر مسلم بھائیوں کو پینے کے لئے اور گلے میں ڈالنے کے لئے یہ نقش دیا جا سکتا ہے۔ انشاء اللہ ایک ہفتے میں ہر مرض سے نجات ملے گی۔


٧٨٦

٩١	١١	١٨٨	٣	ح	٨	١١٠
333	ϟ	▭	ع	١١		
صع صع م	٦ لم	ع	١١			
١١٨	١١٢	١١	١١	١		
⧗	π	م	≈	١١	١١ طلاقـــہ	

خواب میں کچھ معلوم کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص خواب میں کچھ معلوم کرنا چاہے تو ۴ تعویذ بنائے اور پلنگ کے یا تخت کے چاروں پاؤں کے نیچے انہیں رکھ دے۔ اور ۴۱ بار یہ پڑھ کر سو جائے۔

کالی چیز دی بس بھری اَنْتَ فِیْ اَمْرِیْ ۴۱ بار پڑھنے کے بعد تین بار یہ کہہ دے کہ اے ہمزاد اگر تو نے فلاں مسئلے میں مجھے آگاہ نہ کیا تو میں بروز محشر تیرا گریبان پکڑوں گا۔ نقش اس طرح بنائے۔



حاسدوں کے حسد سے بچنے کے لئے

عشاء کی نماز کے بعد سجدے میں جا کر ۵۷ مرتبہ یَا مُذِلُّ جَلَّ جَلَالُہٗ پڑھے۔ انشاءاللہ حاسدوں کے حسد سے اور حسد کے اثرات سے نجات ملے گی۔

پاگل پن کا علاج

اگر مندرجہ ذیل نقش کسی مادر زاد پاگل کو بھی ۴۰ دن تک پلائیں گے تو پاگل پن سے نجات پالے گا۔

٧٨٦

ط اااا ء ۴ ااا ع ع ع ط

بواسیر کیلئے

اس نقش کو لکھ کر اس پر چاندی کا تار لپیٹ کر پھر موم جامہ کریں اور کالے کپڑے میں سی کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ بواسیر سے نجات ملے گی۔

٧٨٦

١٩٨	١٩١	١٩٦
١٩٣	١٩٥	١٩٧
١٩٤	١٩٩	١٩٢

اگر بھینس دودھ کم دیتی ہو

اگر کسی کی بھینس دودھ کم دیتی ہو تو اس نقش کو بھینس کے گلے میں ڈالیں۔

٧٨٦

۱۱۰۰۱۱ ۴ع ۹۱ ۱۲ عدم ل ۱۱ ااام
۱۷۹۸ عدل ی

زبان دراز شوہر کے لئے

اگر کسی عورت کا شوہر غصہ کرتا ہو اور فول بکتا ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو کچی زمین میں

دبا کر روزانہ اس پر جوتے مارے۔ انشاء اللہ شوہر کی بکواس اور گالیوں سے نجات پائے گی۔

نقش یہ ہے۔

ا ج ھ ز ط

۷	۲	۳۵۰	۳۴۳
۳۴۶	۳۴۷	۳	۶
۱	۸	۳۴۴	۳۴۹
۳۴۸	۳۴۵	۵	۴

بچوں کے امراض
اور ان کا روحانی علاج

نظر بد

معصوم بچوں کو نظر لگ جائے تو یہ نقش گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

یامیت یامیت
یامیت
یامیت یامیت

رونے والے بچوں کے لئے

جو بچے روتے ہوں اور ضد کرتے ہوں ان کے لئے یہ تین نقش بہت مؤثر ہیں۔ کوئی سا بھی لکھ کر ان کے گلے میں ڈالیں۔

نمبر:(۱)

ھی ھی ھی
ھی ھی ھی
ھی

نمبر:(۲) ۷۸۶

۴۷۱۸	۴۷۳۲	۴۷۲۸	۴۷۲۵
۴۷۲۹	۴۷۲۴	۴۷۱۹	۴۷۳۱
۴۷۲۳	۴۷۲۶	۴۷۳۴	۴۷۲۰
۴۷۳۳	۴۷۲۱	۴۷۲۲	۴۷۲۷

نمبر:(۳) ۷۸۶

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷
ط ط ط ط ط ط ط
ھی ھی ھی ھی ھی ھی ھی

جو بچے دن میں ٹھیک رہتے ہوں اور رات کو روتے ہوں انکے گلے میں یہ نقش ڈالیں۔ انشاء اللہ ان کا رونا بند ہوگا۔

۷۸۶

م	ح	ی	ط
ط	ی	ح	م
ح	م	ط	ی
ی	ط	م	ح

دودھ نہ پینے والے بچوں کے لئے

جو بچے دودھ نہ پیتے ہوں ان کو طشتری پر زعفران سے لگاتار سات دن تک یہ آیت

کریہ لکھ کر پلائیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔اِنَّ اللّٰہَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی ۰

(ایضاً) آب دریا سے دھو کر یہ نقش پلائیں لگاتار ۱۱ دن تک۔ انشاء اللہ اس کے بعد بچہ دودھ پینا نہیں چھوڑے گا۔ ق دم کے دہانے کھلے رکھیں۔

۷۸۶

قیوم	قیوم	قیوم	قیوم
قیوم	قیوم	قیوم	قیوم

اگر پسلی چلتی ہو

اگر کسی بچے کی پسلی چلتی ہو تو مندرجہ ذیل دونوں نقش ایک ہی کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ نمبر ایک نقش کاغذ کی ایک سائڈ پر، نمبر دو نقش کاغذ کی دوسری سائڈ پر لکھ دیں۔ کالی روشنائی سے نقش لکھیں۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں بچے کی پسلی چلنی بند ہوگی۔

الٹی اور دست

اگر بچہ روتا ہو، الٹی کرتا ہو پیلے یا ہرے دست کرتا ہو تو دو نقش مندرجہ ذیل بنائیں ایک بچے کے گلے میں ڈالیں اور ایک بوتل میں ڈال کر تین دن تک پلائیں۔ انشاء اللہ ان بیماریوں سے نجات ملے گی اور بچے کا رونا موقوف ہوگا۔

۷۸۶

۴۳۹	۴۵۳	۴۵۰	۴۴۶
۴۵۱	۴۴۵	۴۴۰	۴۵۲
۴۴۳	۴۴۸	۴۵۵	۴۴۱
۴۵۴	۴۴۲	۴۴۳	۴۴۹

برائے میٹھا

اگر کسی بچے کو میٹھے کی بیماری ہو، سانس چلتا ہو تو یہ نقش گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

سلام	مومن	حفیظ	شافی
۱۳۷	۳۹۰	۱۳۲	۹۹۷
۳۸۹	۱۳۴	۴۰۰	۱۳۳
۹۹۹	۱۳۴	۳۸۸	۱۳۵

دنیا کی محبت دل سے نکالنے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے دل سے محبت نکل جائے تو اس کو چاہئے کہ طشتری پر حق تعالیٰ کے ان صفاتی ناموں کو زعفران سے لکھے جن پر حرف 'ی' موجود ہو مثلاً کریم، حفیظ، رحیم، قدیر وغیرہ لکھنے کے بعد ان اسماء الٰہی کو نہار منہ زبان سے چاٹے، اس عمل کو لگاتار چالیس دن تک کرے اور طشتری چاٹنے کے دوران دنیا کی محبت دل سے نکل جانے کی نیت رکھے۔

اطاعت خداوندی کے لئے

ہرے رنگ کے ریشمی کپڑے پر "یَاوَدُوْدُ" محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں اور جمعہ کے دن نماز فجر کے بعد سو مرتبہ "یاودود" پڑھیں اور جمعہ کی نماز کے بعد سو مرتبہ درود شریف جو بھی یاد ہو پڑھیں۔ انشاء اللہ طبیعت اطاعت خداوندی کی طرف راغب ہوگی۔

عزت وتوقیر کے لئے

جو شخص چاہتا ہو کہ دنیا والے اس کی عزت کریں اور ہر جگہ اس کا اعزاز واکرام ہو تو اس کو

چاہئے کہ مندرجہ ذیل عزیمت کو نماز فجر کے بعد دوزانو ہو کر ۲۷۲ مرتبہ پڑھے اگر دوران عمل احرام باندھ لے اور دو خوشبودار پھولوں کے گجرے ایک ایک گجرے میں کم سے کم گیارہ پھول ہوں اپنے سامنے رکھ لے اور دوران عمل اگربتی بھی جلائے، عمل کے بعد ان پھولوں کے گجرے کو بہتے ہوئے پانی میں ڈال دے، اس عمل کو لگاتار گیارہ روز تک جاری رکھے، عمل کی شروعات نوچندی اتوار سے کرے۔ انشاء اللہ دنیا بھر میں عزت و توقیر ہوگی اور دنیا احترام کرنے پر مجبور ہوگی۔ عزیمت یہ ہے۔ ''یَاعَزِیْزُ عِزِّزْنِی فِی اَعْیُنِ النَّاسِ''

مہلک مرض سے نجات کے لئے

کیسی بھی معیبت ہو اور کیسی بھی خطرناک بیماری ہو اس کو دفع کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت شریفہ کا عمل کامیابی سے ہمکنار کرتا ہے اور عاملین کو مصائب و امراض سے نجات دلاتا ہے۔ اگر زندگی ہے تو بہت جلد شفاء نصیب ہو جاتی ہے اور اگر موت مقدر ہو تو بآسانی مریض رخصت ہو جاتا ہے اور خاتمہ ایمان پر ہوتا ہے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ ۝

اس آیت کو سوا لاکھ مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھنا چاہئے اس ختم کے لئے پانچ، سات، نو یا گیارہ آدمی ہونے چاہئیں۔ اس سے زائد نہ ہوں۔ ختم کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف چالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ اگر کسی گھر کے افراد مصائب کا شکار ہوں تو اس پانی کو اس گھر کے تمام گوشوں میں چھڑکیں۔ انشاء اللہ مصائب و امراض سے نجات ملے گی۔

حاضرات کا ایک مؤثر ترین طریقہ

مندرجہ ذیل نقش پر حاضری کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب کسی سحر زدہ یا آسیب زدہ کے بارے میں تحقیق کرنی ہو تو مریض کے سامنے اس نقش کو رکھیں اور مریض کو تاکید کریں کہ وہ اس نقش کی طرف دیکھے۔ انشاء اللہ پانچ منٹ میں حاضری ہوگی، نقش کے مؤکل اس آسیب کو یا

اس سحر کرنے والے کو لا کھڑا کر دیں گے جو اذیت پہنچا رہے ہیں اور ان کو دفع کرنے میں عامل کی مدد کریں گے اور مریض کو اذیت دینے والوں سے نجات دلانے کی بفضل خدا کوشش کرینگے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳۵۱۰	۳۳۵۰۳	۳۳۵۰۸
۳۳۵۰۵	[redacted]	۳۳۵۰۹
۳۳۵۰۶	۳۳۵۱۱	۳۳۵۰۴

اس نقش کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ کل ۱۰۰۱ نقش لکھ کر دریا میں ڈالے، انار کی لکڑی کے قلم سے ۲۵ نقش روزانہ لکھے، لگاتار ۴۰ دن تک۔ آخری دن ۲۶ نقش لکھے، نقش روزانہ مشتری کی ساعت میں لکھنے چاہئیں۔ گولیاں روزانہ بنائیں، دریا میں اکٹھے بھی ڈال سکتے ہیں۔ روزانہ بھی ڈال سکتے ہیں اور ہر دسویں روز بھی ڈالے جا سکتے ہیں۔ آخری دن سات بچوں کو شیرینی تقسیم کر دیں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی اور عمل کارگر ہو جائے گا۔

تسخیر خلائق کے لئے

نوچندی جمعہ کو پہلی ساعت میں مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔ انشاء اللہ مخلوق تابع ہوگی۔

۷۸۶

اللہ اللہ اللہ

۱۰۰۳	۱۰۱۰	۱۰۰۵
۱۰۰۸	۱۰۰۶	۱۰۰۴
۱۰۰۷	۱۰۰۲	۱۰۰۹

اللہ اللہ اللہ

اللہ اللہ اللہ

اللہ اللہ اللہ

دکان کی ترقی کے لئے عمل

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو تو اس آیت کو دو کاغذوں پر لکھ لیں، ایک کاغذ کو فریم میں کرا کر دکان میں آویزاں کر لیں۔ دوسرے کاغذ کو تعویذ بنا کر موم جامہ کرنے کے بعد ہرے کپڑے میں پیک کر کے دکان کے گلے میں رکھ لیں۔ انشاء اللہ خریداروں کا تانتا بندھے گا اور خوب فروختگی ہوگی۔ آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ وَهُوَ الَّذِىْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِىَ وَاَنْهٰرًا وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

ہر جائز مقصد میں کامیابی کے لئے

مندرجہ ذیل دعا کو ایک کاغذ پر لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے اور اسی دن سے عصر کے بعد اس دعا کو کاغذ پر لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر سات روز تک ماہ جاری میں ڈالے۔ انشاء اللہ مقصد میں کامیابی ملے گی۔ دعا یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یاحنان یامنان یاسلطان یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کے لئے

اگر کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنی ہو تو اس کے دائیں پاؤں کے نیچے کی مٹی لے لیں اور کسی پھل دار درخت کی جڑ میں سے مٹی کھود کر ان دونوں کو ملا لیں۔ پھر اس مٹی پر آیت کریمہ ۴۱ ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ ۴۱ ہزار کی تعداد تین دن میں یا سات دن میں یا ۱۱ دن میں پوری کریں اس کے بعد الحب فلاں ابن فلاں علی حب فلاں ابن فلاں ایک کاغذ پر لکھ کر اس کاغذ کو اس مٹی کے ساتھ پھل دار درخت کی جڑ میں دبا دیں جہاں سے مٹی اٹھائی تھی۔ فلاں ابن فلاں کی جگہ اپنا اور اپنی مطلوبہ کا نام لکھیں۔ انشاء اللہ بہت جلد اس کے دل میں محبت کی آگ بھڑک اٹھے گی۔

جادو کروانے والے کا پتہ چلانا

اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ کس نے جادو کرایا ہے تو اس عمل کو لگاتار چالیس روز تک کریں۔ عمل اس طرح کریں کہ روزانہ بعد نماز عشاء پہلے دو نفلیں پڑھیں، ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پندرہ مرتبہ پڑھیں اور ایک بار آیت الکرسی پڑھیں، سلام پھیرنے کے بعد اسی حالت میں بیٹھے ہوئے اس عمل کو ۴۱ بار پڑھیں اور بغیر کسی سے بات کئے ہوئے سو جائیں۔ انشاء اللہ ۴۰ دن کے دوران جادو کرانے والا خواب میں نظر آئے گا۔ عمل یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یاعلیم تعلمت باالعلم والعلم فی علم علمك یاعلیم۔

عَلٰى مَكَانَتِهِمْ تین بار بائیں ہاتھ کی مٹھی بند کرکے اور مقہوری اعداد کا

خیال کرے۔ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ الْمُضِيَّ وَلَا الْمَجِيْءَ

اِلَيْنَا وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا

الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ○ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ

عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا

يَرْجِعُوْنَ ○ يٰسٓ ○ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ○ اِنَّكَ

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ○ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ

اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ○ لَقَدْ حَقَّ

الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ اِنَّا

جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِھِمْ اَغْلٰلًا فَھِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ
فَھُمْ مُّقْمَحُوْنَ ○ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ
سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ
لَا یُبْصِرُوْنَ ○ شَاھَتِ الْوُجُوْہُ (۳ بار) ہر دو دست
بروبر زمین زندہ مخذولی اعداء تصور کند وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ (۳ بار) لِلْحَیِّ
الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا (۳ بار) طٰسٓ
طٰسٓمٓ ○ دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ترتیب سے بند کرے۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ ○
دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ترتیب سے کھولے مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ
یَلْتَقِیٰنِ بَیْنَھُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ ○ حٰمٓ
حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ

چونکہ سات مرتبہ پڑھا جاتا ہے اس لیے سات جگہ لکھا گیا ہے۔ پہلی بار پڑھ کر داہنی طرف پھونک مارے اور دوسری بار پڑھ کر بائیں طرف تیسری بار پڑھ کر سامنے چوتھی بار پڑھ کر پیچھے، پانچویں بار پڑھ کر اوپر اور چھٹی بار پڑھ کر نیچے حٰم ہفتم پر دونوں ہاتھوں پر پڑھ کر اپنے چہرے اور بدن پر سر سے پاؤں تک لا دے حٰم ششم کے بعد دعائے مشہوری اعداد پڑھے واسطے مقہوری اعداء کے

حُمَّ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ فَعَلَیْنَا لَا یُنْصَرُوْنَ
حٰمٓ ○ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ
الْعَلِیْمِ ○ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ
شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا
ھُوَ اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ ○ بِسْمِ اللّٰہِ بَابُنَا تَبَارَکَ
حِیْطَانُنَا یٰسٓ سَقْفُنَا کٓھٰیٰعٓصٓ دائیں ہاتھ کی
انگلیاں ترتیب سے بند کریں۔ کِفَایَتُنَا حٰمٓ ○ عٓسٓقٓ ترتیب سے انگلیاں بائیں
ہاتھ کی کھولیں حِمَایَتُنَا فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ
السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ
عَلَیْنَا وَعَیْنُ اللّٰہِ نَاظِرَۃٌ اِلَیْنَا بِحَوْلِ اللّٰہِ لَا
یُقْدَرُ عَلَیْنَا ہفت بار وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَآئِھِمْ مُّحِیْطٌ ○
بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ لا فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ○ فَاللّٰہُ

خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ٥ سہ بار
اِنَّ وَلِيِّ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى
الصّٰلِحِيْنَ ٥ سہ بار حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ٥
ہفت بار بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ
شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ٥ سہ بار وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ٥ سہ بار وَصَلَّى اللّٰهُ
تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ
اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ٥ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ
الرّٰحِمِيْنَ ٥

پہلا عمل

یہ عمل دل کی ہر ایک مراد کے لئے کیا جا سکتا ہے بالخصوص اس عمل کو اس وقت کرنا چاہئے جب انسان کسی مقدمہ یا کسی مصیبت کا شکار ہو یا کسی خطرے میں گرفتار ہو۔

اس عمل کو از خود کرنے میں فائدہ ہے۔ عمل یہ ہے کہ یا اللہ انت ربی یا اللہ انت حسبی اس کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ تو ہی میرا رب ہے اور اے اللہ تو ہی مجھے کافی ہے۔ اس عزیمت کو روزانہ سات سو مرتبہ سات دن تک پڑھنا ہے۔

پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ قبلہ رو ہو کر پہلے پانچ سو مرتبہ کھڑے ہو کر پڑھے پھر سو مرتبہ بیٹھ کر اور پھر سو مرتبہ لیٹ کر۔ پرہیز کچھ نہیں۔ البتہ وقت اور جگہ کی پابندی کرنی چاہئے۔ عمل کے شروع اور آخیر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا چاہئے۔ عمل ہلکی روشنی میں کرنا چاہئے نہ تیز روشنی میں اور نہ بالکل اندھیرے میں۔ ۷؍دن میں ہی انشاء اللہ دل کی مراد پوری ہوگی اور مصائب سے نجات مل جائے گی۔

آخری دن اَنْتَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ٥ تک پڑھیں یعنی ساتوے دن۔

دوسرا عمل

یہ عمل استخارے کا عمل ہے۔ عزیمت یہ ہے۔

نَسْئَلُكَ الْعِصْمَةَ
فِي الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ وَالْكَلِمَاتِ
وَالْاِرَادَاتِ وَالْخَطَرَاتِ مِنَ الظُّنُوْنِ

وَالشُّكُوْكِ وَالْاَوْهَامِ السَّاتِرَةِ لِلْقُلُوْبِ عَنْ مُطَالَعَةِ الْغُيُوْبِ فَقَدِ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ

اس کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ ہم اپنے ارادوں اور اپنی تمام حرکات وسکنات میں تیری توجہ اور حفاظت کے طلب گار ہیں۔

اس عمل کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ سورج نکلنے کے بعد چاند کی پہلی تاریخ کو سو مرتبہ کھڑے ہو کر پڑھے اور اپنا رخ مشرق کی طرف رکھے۔ دوسرے دن سورج نکلنے کے بعد دو سو مرتبہ، تیسرے دن تین سو مرتبہ، چوتھے دن چار سو مرتبہ، پانچویں دین پانچ سو مرتبہ، چھٹے دن چھ سو مرتبہ، ساتوے دن سات سو مرتبہ، آٹھوے دن چھ سو مرتبہ۔ نوے دن پانچ سو مرتبہ، دسوے دن چار سو مرتبہ، گیارہوے دن تین سو مرتبہ، بارہوے دن دو سو مرتبہ، تیرہوے دن ایک سو مرتبہ۔

چاند کی پہلی تاریخ سے چاند کی ۱۳ ویں تاریخ تک یہ عمل بہ نیت زکوٰۃ پڑھا جاتا ہے۔ ان ۱۳ دنوں میں انڈا مچھلی، گوشت اور خلوت سے پرہیز رکھنا چاہئے۔

زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد دو رکعت نفل بہ نیت استخارہ پڑھ کر سلام پھیرنے کے بعد سات مرتبہ مذکورہ عزیمت پڑھے اور مقصد کا خیال دل میں رکھے۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات میں ورنہ دوسری یا تیسری رات میں خواب میں مکمل رہنمائی حاصل ہوگی۔

اس کے علاوہ اس عزیمت کو سات سو مرتبہ پڑھ کر عامل جس کام کے لئے بھی دعا

کرے گا، دعا قبول ہوگی۔

تیسرا عمل

یہ عمل دشمن کی تباہی کے لئے پڑھا جاتا ہے لیکن ہر عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ بہت مجبوری اور مظلومیت میں اس طرح کے عمل کو پڑھے اور ناحق کسی کو نہ ستائے ورنہ آخرت برباد ہوگی۔

عزیمت یہ ہے وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا یہ عزیمت آدھی رات کو کسی قبرستان میں پڑھی جاتی ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ دو پرانی قبروں کے درمیان عامل بیٹھ جائے اور اپنا رخ شمال کی طرف کرلے اور اس عمل کو چاند کی ۱۷ تاریخ کو شروع کر کے لگاتار ۱۱ روز تک کرے اور ۲۸ تاریخ کو ختم کردے۔

عمل کسی پھٹے ہوئے کمبل پر بیٹھ کر پڑھے اور عمل پڑھتے وقت دائیں طرف کسی مٹی کی پلیٹ میں چالیس لونگیں اور بائیں طرف چالیس اڑد کے دانے رکھ لے اور سامنے مٹی کے کسی برتن میں پانی رکھ لے اور عمل کو شروع اس طرح کرے کہ اپنا دایاں ہاتھ لونگوں کے اوپر رکھ کر سو مرتبہ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا پڑھے۔ سو مرتبہ کی تعداد پوری ہونے کے بعد ۷ مرتبہ زُلْزِلُوْا سات مرتبہ زِلْزَالًا اور سات مرتبہ شَدِيْدًا کی تکرار کریں۔ پھر اپنا بایاں ہاتھ اڑد کے دانوں پر رکھ کر سو مرتبہ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا پڑھیں۔ اس کے بعد سات مرتبہ زُلْزِلُوْا سات مرتبہ زِلْزَالًا اور سات مرتبہ شَدِيْدًا کی تکرار کریں، اس طرح روزانہ پانچ سو مرتبہ دایاں ہاتھ لونگوں پر رکھ کر بایاں ہاتھ اڑد پر رکھ کر پڑھیں اور ہر سو مرتبہ اور سات مرتبہ کی تکرار کے بعد

اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں سامنے رکھے ہوئے پانی میں ڈبودیں۔ گیارہ روز کے بعد یہ لونگیں، اڑد اور یہ پانی دشمن کے مکان میں ڈال دیں۔ دشمن تباہی اور بربادی میں مبتلا ہو جائے گا۔ آخری دن عمل ختم کرنے سے پہلے ۱۰۰ مرتبہ یہ بھی پڑھے۔

وَاِذْ

يَقُولُ الْمُنٰفِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَّرَضٌ

مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهٗ اِلَّا غُرُورًا ○

فَثَبِّتْنَا تین بار مطلب اپنا نگاہ رکھے وَانْصُرْنَا

یہ بات یاد رکھیں کہ اس طرح کے اعمال اسی وقت کرنے چاہئیں جب کسی نے بزور طاقت عامل پر ظلم کیا ہو اور عامل کسی اور طرح اس کو سزا دلانے کی یا اپنا بدلہ لینے کی پوزیشن میں نہ ہو اور ناحق کسی کو ستانے یا برباد کرنے کا مطلب یہ ہے کہ عامل اپنی دین و دنیا برباد کر رہا ہے۔ اگر محض کسی کو ستانے اور خواہ مخواہ کسی کو برباد کرنے کے لئے عمل کیا جائے تو اس میں رجعت کا خطرہ رہتا ہے اور رجعت انسان کو ہلاکت میں مبتلا کر دیتی ہے۔

چوتھا عمل

یہ عمل ذاتی تسخیر کے لئے ہے۔ ا[illegible]ے ذریعہ عامل اپنے لئے تسخیر کا عمل کر سکتا ہے۔ اگر اس عمل کو عامل دوسروں کے لئے کرے گا تو کارگر نہیں ہوگا۔ اس عمل کا ایک مؤکل ہے جو دوران عمل عامل کو صاف دکھائی دیتا ہے۔ بعض عاملوں کو وہ خواب

میں نظر آتا ہے اور بعض عاملوں کو صرف اس کی آواز ہی کانوں میں آتی ہے۔

اس عمل کا نصاب ۴۱ دن کا ہے لیکن اس میں ترک حیوانات ضروری ہے۔ بہتر تو یہ ہے کہ عامل ابلی ہوئی دالیں یا ابلی ہوئی سبزیاں جو کی روٹی کے ساتھ استعمال کرے۔ اگر عامل صحت کے اعتبار سے کمزور ہو تو تقویت پہنچانے والی ایک دو غذائیں بھی لے سکتا ہے لیکن ان غذاؤں کا تعلق حیوانات سے نہیں ہونا چاہئے۔ مثلاً دودھ، مکھن، گھی، دہی وغیرہ ترک حیوانات کے قبیل سے ہیں اس لئے ان سے اور ان جیسی چیزوں سے مکمل پرہیز کرنا چاہئے۔ اگر عامل پرہیز میں کوتاہی کرے گا تو اس عمل میں رجعت کا خطرہ ہوگا اور اس عمل کی رجعت عامل کو تباہ و برباد کر سکتی ہے۔

اس عمل کی شروعات چاند کی پہلی تاریخ سے چاند دیکھتے ہی شروع کر کے چالیس دن تک تکمیل کر لینی چاہئے۔ گویا کہ دوسرے ماہ کی دس گیارہ تک عمل مکمل ہوگا۔ نصاب کی تعداد سوا لاکھ ہے۔ اس لئے روزانہ کی تعداد ۳۱۲۵ مرتبہ ہوتی ہے۔ اس عمل میں دن رات کی کوئی قید نہیں۔ البتہ وقت اور جگہ ایک ہی ہونی چاہئے۔ مثلاً اگر عمل کی شروعات عشاء کے بعد کی گئی تو عمل کے اختتام تک عشاء کے بعد ہی پڑھنا چاہئے اور اگر عمل کی شروعات چاند دیکھ کر اگلے دن ظہر کے بعد کی گئی تو عمل کے اختتام تک ظہر کے بعد ہی پڑھنا چاہئے اور جگہ بھی ایک ہی ہونی چاہئے۔ دوران عمل لوگوں سے کم سے کم ملاقات کرے اور کم سے کم بولنے اور کم سے کم سونے کی عادت ڈالے۔ ہر وقت ذکر میں مبتلا رہے ورنہ خاموش رہے، اپنے خیالات کو فساد سے بچائے اور زیادہ وقت قرآن کی تلاوت یا درود شریف پڑھنے میں صرف کرے ورنہ سکوت اختیار کئے رکھے۔ عمل کے گیارہوے دن، اکیسوے دن، ورنہ اکتالیسوے دن مؤکل صاف طور پر نظر آتا ہے اور عامل سے کلام کرتا ہے۔ عامل کی عزت کرتا

ہے اور عامل کی مدد کرنے کا وعدہ کرتا ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس عمل کا موکل زیادہ تر عامل کی صورت ہی میں نظر آتا ہے۔ اس لئے عامل کو اس سے توحش نہیں ہوتا۔ بعض بزرگوں کی رائے یہ ہے کہ اس عمل کا موکل نظر تو آجاتا ہے لیکن کلام نہیں کرتا۔ نہ زبان سے کوئی وعدہ کرتا ہے۔ البتہ نظر آنے کے بعد عمل کامیاب ہو جاتا ہے اور عامل کی وقتاً فوقتاً رہنمائی کرتا ہے اور خواب میں ہمکلام بھی ہوتا ہے۔

اگر عامل کو موکل نظر نہ آئے۔ خواب میں بھی بات چیت نہ ہو اور کانوں میں بھی کسی طرح کی آواز نہ آئے تب بھی اس عمل کی تکمیل کے بعد عامل کی مقبولیت اور توقیر بہت زیادہ ہو جاتی ہے اور جو بھی دیکھتا ہے وہ عامل کا احترام کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔ اس عمل کا ایک فائدہ یہ بھی ہوتا ہے کہ عامل کو دست غیب عطا ہوتا ہے یعنی غائبانہ اس کی مالی مدد ہونے لگتی ہے اور دولت ایسی ایسی جگہوں سے ملتی ہے جو عامل کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتا۔ ایک فائدہ اس عمل کا یہ ہوتا ہے کہ عامل کی کمائی میں خیر و برکت خوب ہوتی ہے۔ آمدنی زیادہ ہوتی ہے اور گزارا کم میں ہو جاتا ہے۔ اس عمل کا عامل بہر صورت کامیاب رہتا ہے۔ اس لئے اس عمل کی اجازت ہر خاص و عام مسلمان کو دی جاتی ہے لیکن یہ درخواست کی جاتی ہے کہ کوئی بھی صاحب اس عمل کو ترک حیوانات کے بغیر نہ کریں ورنہ نقصان اور رجعت کا اندیشہ رہے گا۔ عمل یہ ہے۔

وَسَخِّرْ لَنَا هٰذَا الْبَحْرَ كَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِسَيِّدِنَا مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ

الْجِبَالَ وَالْحَدِيْدَ لِسَيِّدِنَا دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ الرِّيَاحَ وَالشَّيٰطِيْنَ وَالْجِنَّ لِسَيِّدِنَا سُلَيْمٰنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ بَحْرٍ هُوَ لَكَ فِي الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَالْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ وَبَحْرَ الدُّنْيَا وَبَحْرَ الْاٰخِرَةِ وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ شَيْءٍ يَّا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ

اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر چیز کو ہمارے تابع کر دے جس طرح تو نے مختلف چیزوں کو مختلف نبیوں کے تابع کیا تھا۔ اس کلمے کو ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھنے سے چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو جاتی ہے لیکن احتیاط اس میں ہے کہ اس عمل کو اکتالیس دن تک کریں۔

پانچواں عمل نقش تسخیر

حزب البحر کا پانچواں عمل تسخیر کا نقش ہے جو اپنے اندر زبردست تاثیر رکھتا ہے۔ اس نقش کی صورت یہ ہے۔

۷۸۶

زکریا	
ک ص	ہ ص
ی ص	ع ص
مریم	

دراصل یہ وہ حروف ہیں جو سورۂ مریم کے شروع میں آتے ہیں۔ کھیٰعٓصٓ۔
اس نقش کی چال یہ ہے کہ سب سے پہلے اوپر والے خانے میں زکریا اور نیچے والے خانے میں مریم لکھ دیں۔ اس کے بعد درمیان کے چار خانوں میں سے پہلے خانے میں ک اور ص لکھ دیں۔ پھر دوسرے خانے میں ہ اور ص لکھ دیں پھر تیسرے خانے میں ی اور ص لکھ دیں۔ پھر چوتھے خانے میں ع اور ص لکھ دیں۔

یہ نقش بغیر زکوۃ کے مؤثر نہیں ہوتا اور اس کی زکوۃ کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس دن میں سوا لاکھ نقش لکھ کر آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں۔ روزانہ کم و بیش کر سکتے ہیں لیکن چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو جانی ضروری ہے۔ زکوۃ کی ادائیگی کے بعد یہ نقش کسی کو برائے محبت اور برائے تسخیر لکھ کر دیا جا سکتا ہے۔ نقش گلاب و زعفران سے لکھ کر مطلوب کو کھلایا پلایا بھی جا سکتا ہے۔ نقش کے نیچے طالب و مطلوب کے نام اور ان کی ماؤں کے نام کے ساتھ حسب قاعدہ لکھ دینے چاہئیں۔ یہ نقش تاثیر کے اعتبار سے حیرت انگیز فارمولہ ہے۔ جو لوگ اس کی زکوۃ ادا کر دیتے ہیں وہ اس کی خوبیوں سے واقف ہیں کہ نقش استعمال کرتے ہی کس طرح طالب کو باذن اللہ کامیابی ملتی ہے اور اس کا مطلوب کس طرح اُن کی طرف آناً فاناً متوجہ ہو جاتا ہے۔ دورانِ زکوۃ کوئی پرہیز نہیں ہے۔ البتہ باوضو نقش لکھے جائیں تو افضل ہے۔ نقش لکھنے کے لئے جگہ اور وقت کی بھی کوئی قید نہیں ہے اور مقررہ تعداد بھی ضروری نہیں ہے کہ

روزانہ بس اتنے ہی لکھے جائیں۔ البتہ چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد ہو جانی ضروری ہے۔ زکوۃ کی ابتدا عروج ماہ کی کسی بھی جمعرات سے شروع کریں تو بہتر ہے۔

چھٹا عمل ردِّ بلا

اُنْصُرْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَ ٥

اس کا ترجمہ یہ ہے کہ (اے اللہ) ہماری مدد کر بے شک تو ہی بہتر مدد کرنے والا ہے۔ اس عمل کی کوئی زکوۃ نہیں ہے۔ جب کسی پر مصیبت آ جائے تو اس کے گھر والے اور وہ خود بھی شامل ہو کر گیارہ سو مرتبہ اس کو پڑھیں۔ یہ عمل بالکل اندھیرے میں پڑھا جائے۔ ہر شخص گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ پڑھنے والوں کی تعداد ۳، ۷، ۹، ۱۱ ہونی چاہئے ورنہ پھر انسان خود تنہا یہ عمل کرے۔ اس عمل کو لگاتار دن کریں۔ سات دن میں بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات مل جائے گی۔ انشاء اللہ۔

ساتواں عمل مقدمہ میں کامیابی کے لئے

وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ ٥

اس کا ترجمہ یہ ہے (اے اللہ) ہمارے لئے رحمت کے دروازے کھول دے۔ بے شک تو بہتر انداز سے رحمت کے دروازے کھولنے والا ہے۔ اس عمل کا ایک نصاب مقرر ہے، روزانہ صبح کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے تک ۱۲۳ مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ اس عمل میں تیئیس حروف ہیں۔ گیارہ حروف نقطے والے ہیں اور بارہ بغیر نقطے والے۔ جس دن عمل شروع ہو اس دن مشرق کی طرف رخ کر کے پڑھا جائے۔ تیسرے دن شمال کی طرف رخ کر کے پڑھا جائے۔ چوتھے دن جنوب کی طرف رخ کر کے پڑھا جائے۔ چار دن میں اس کا نصاب پورا ہو جاتا ہے۔ آخری

دن ایک پاؤ بھنے ہوئے چنے اور ایک پاؤ کشمش کم سن بچوں کو تقسیم کریں اور تھوڑی سی دونوں چیزیں عامل خود بھی کھالے۔ اس عمل کے بعد ایک ہفتے کے اندر اندر مقدمہ یا کسی بھی جنگ میں کامیابی کے آثار شروع ہو جاتے ہیں اور دیگر فتوحات کے دروازے بھی کھل جاتے ہیں۔ چار دن کے دوران کسی طرح کے پرہیز کی ضرورت نہیں ہے۔ جو لوگ مالی طور پر اور معاشی طور پر پریشان ہوں اُن کے لئے یہ عمل ترقیات کی کنجی ہے۔

آٹھواں عمل

وَاغْفِرْ لَنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ۝

اس کا مطلب یہ ہے کہ بخش دے ہم کو کیوں کہ تو بہترین بخشنے والا ہے۔

یہ عمل خاص طور پر اس وقت کرنا چاہئے کہ جب اپنی خطاؤں کی وجہ سے کوئی انسان یا کوئی گھرانہ کسی مصیبت کا شکار ہو گیا ہو، اس عمل کو لگاتار سات دن تک کریں، نو چندی جمعرات کو شروع کریں اور روزانہ اتنی مرتبہ مختلف لوگ مل کر پڑھیں کہ ساتھ دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو جائے۔ نو چندی جمعرات سے شروع کر کے بدھ کے دن تک پڑھے۔ اگر دن یا رات کے وقت زوال کے وقت سے پہلے پہلے پڑھیں تو بہتر ہے۔ پڑھنے والوں کی تعداد طاق ہونی چاہئے یعنی ۳ رافراد یا ۵ رافراد یا ۷ رافراد یا ۹ رافراد اور زیادہ سے زیادہ ۱۱ رافراد۔

نواں عمل

وَارْحَمْنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ۝

اس کا مطلب یہ ہے کہ اے رب ہم پر رحم کر کیوں کہ تو بہت رحم کرنے والا ہے۔

یہ عمل اس وقت کرنا چاہئے جب دوائیں اور دعائیں اور تعویذات کارگر نہ ہو رہے ہوں۔ گھر کے تین لوگ اس عمل کو اس طرح کریں کہ نماز عشاء کے بعد ہر فرد گیارہ سو مرتبہ پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر اجتماعی دعا مانگیں اور اللہ سے مدد چاہیں۔

دسواں عمل

وَارْزُقْنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ۝

اس کا ترجمہ یہ ہے کہ اے رب العالمین ہم کو روزی عطا کر اور تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

اس عمل کی زکوۃ مقرر ہے اور یہ عمل رزق کی ترقی اور غیبی ذرائع سے رزق کی فراہمی اور فراخی کے لئے کیا جاتا ہے اور یہ عمل تجارتی کاموں میں برکت و اضافے کے لئے بے حد مؤثر ہے۔

اس عمل کو ۲۱ روز تک لگاتار پڑھا جاتا ہے۔ اس عمل کو ۱۲۲ مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہئے۔ چاند کی پہلی تاریخ سے شروع کر کے ۲۱ تاریخ تک لگاتار پڑھنا چاہئے۔ کسی طرح کا کوئی پرہیز اور احتیاط اس عمل میں نہیں ہے۔ البتہ حلال روزی کی طرف توجہ رکھنی چاہئے۔ دوران عمل اپنی زبان کو لعن طعن، غیبت، تہمت، دل شکنی وغیرہ سے محفوظ رکھیں اور اپنے پیٹ کو مال حرام سے بچائیں اور کسی طرح کے پرہیز کی ضرورت نہیں۔

اس عمل کو آدمی تنہا بھی پڑھ سکتا ہے اور ایک ہی مجلس میں کئی لوگ بھی پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن ہر شخص کے پڑھنے کی تعداد ۱۲۲ ہی رہے گی اور دنوں کی تعداد ۲۱ دن تک

رہے گی۔ اگر کئی لوگ مل کر پڑھیں تو دوران عمل کسی طرح کی بات نہ کریں اور عمل کے اختتام پر رخصت ہو جائیں۔ خوامخواہ کی مجلس نہ جمائیں۔

اس عمل کی برکت سے رزق کے دروازے کھل جائیں گے ایسی ایسی جگہوں سے رزق ملنے لگے گا کہ جہاں جہاں سے توقع بھی نہیں ہوگی۔

گیارہواں عمل

وَاحْفَظْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ ۝

اے اللہ ہماری حفاظت فرما کیوں کہ تو بہترین حفاظت کرنے والا ہے۔

اگر کسی علاقہ میں چوریاں ہو رہی ہوں یا طاعون پھیلا ہوا ہو یا قتل و غارت گری کا بازار گرم ہو اس وقت یہ عمل کریں اور گھر کے مختلف افراد اس عمل کو روزانہ اس طرح پڑھیں کہ ہر فرد ۱۳۰۰ مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر ۱۳ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو لگاتار ۱۳ دنوں تک کریں۔

بارہواں عمل

یہ عمل اس وقت کے لئے مفید ہے جب کوئی انسان یا کوئی خاندان ظالموں اور فاسقوں کے ظلم و ستم کا شکار ہو اور اس کو اپنے جان و مال کے برباد ہو جانے کا خطرہ ہو۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ اس عمل کو خاندان کے کم سے کم ۱۳ افراد پڑھیں اور یہ ۱۳ افراد اپنے کپڑے الٹے پہن لیں۔ اس عمل کو منگل کی رات سے شروع کریں اور شب جمعرات تک ۳ دن تک کریں۔ اس عمل کو روزانہ فی شخص ۱۱۳ مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد سب کھڑے ہو کر دشمن کی تباہی اور ہلاکت کی یا اس کی اصلاح کی دعا کریں۔ اس عمل میں درود شریف نہ پڑھیں۔ عمل یہ ہے۔

وَاهْدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رِيْحًا طَيِّبَةً كَمَا هِيَ

فِيْ عِلْمِكَ وَانْشُرْهَا عَلَيْنَا مِنْ خَزَائِنِ

رَحْمَتِكَ نظر بسوئے آسمان کند وَاحْمِلْنَا بِهَا حَمْلَ

الْكَرَامَةِ مَعَ السَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِي

الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا ۳ بار تصور

مطلب خود بخاطر داشتہ مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَ

اَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا وَ

دُنْيَانَا وَكُنْ صَاحِبَنَا فِيْ سَفَرِنَا وَخَلِيْفَةً

فِيْ اَهْلِنَا وَاطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَائِنَا تین بار دائیں

ہاتھ کی مٹھی بند کر کے کھولے اور تمہوری امداد کا خیال کرے وَامْسَخْهُمْ

عَلٰى مَكَانَتِهِمْ تین بار بائیں ہاتھ کی مٹھی بند کرکے اور مقہوری اعداد کا خیال کرے۔ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ الْمُضِيَّ وَلَا الْمَجِيْءَ اِلَيْنَا وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ۝ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝

تیرھواں عمل

اس عمل سے دین و دنیا کے تمام کاموں میں زبردست فائدہ ہوتا ہے اور عامل کی زبان میں ایسی تاثیر پیدا ہوجاتی ہے کہ وہ حیران ہوجاتا ہے۔

طریقہ عمل یہ ہے کہ ستر بادام کے دانے یعنی بادام کی ستر گریاں منگا کر رکھ لیں۔ ہر ایک گیری پر ستر مرتبہ پڑھنا ہے اور ایک دن میں دس بادام کی گیریوں پر پڑھ کر دم کرنا ہے۔ لگاتار سات دن تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ جن گیریوں پر دم کریں ان کو الگ رکھتے جائیں۔ سات دن گزرنے کے بعد روزانہ ایک گیری پر ایک مرتبہ مذکورہ عمل پڑھ کر گیری پر دم کرکے کھالیں۔ ستر دنوں میں ان گیریوں کو اسی طرح نمٹا لیں۔ اس کے بعد ہمیشہ عشاء کے بعد مذکورہ عمل کو سات مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ عامل کی زبان میں زبردست تاثیر پیدا ہوجائے گی۔ عامل جو بھی کہہ دے گا پورا ہوگا۔

چودھواں عمل

شاہت الوجوہ، اس کا ترجمہ ہے دشمنوں کے چہرے ذلیل و خوار ہوں۔ یہ عمل دشمنوں کو مقہور اور مغلوب کرنے کے لئے ہے۔ اگر دشمن ایک سے زیادہ ہوں ہوتو زیادہ اثر ہوتا ہے مگر اس عمل میں کسی کو ناحق پریشان کرنے کی غلطی نہیں کرنی چاہئے۔ معمولی سی دشمنی پر اس طرح کے عمل کی اجازت نہیں ہے۔ اجازت صرف اُن دشمنوں کے لئے ہے جو حد سے زیادہ فاسق و ظالم ہوں۔ خوامخواہ کسی کو پریشان کرکے اپنی آخرت برباد نہیں کرنی چاہئے۔ اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ٹھیک زوال کے وقت جنگل میں جاکر جہاں لوگوں کی آمد و رفت نہ ہو کھڑے ہوکر پست نظروں کے ساتھ ایک سو ایک مرتبہ پڑھے۔ اس طرح کہ قبلہ رو ہوکر بیٹھ جائے اور اپنا دایاں ہاتھ الٹا کرکے زمین پر پانچ مرتبہ مارے اور ہر مرتبہ شاہت الوجوہ کہے اور دل میں دشمنوں کی ذلت و خواری کا خیال کرے۔ اس کے بعد اپنا بایاں ہاتھ الٹا کرکے زمین پر پانچ مرتبہ مارے اور ہر مرتبہ شاہت الوجوہ کہے اور دشمنوں کی ذلت و خواری کا خیال کرے۔ دس دن لگاتار اسی طرح اسی وقت کرنے سے زکوٰۃ ادا ہوگی۔ زکوٰۃ کی ادئیگی کے بعد جب بھی کئی دشمنوں کے لئے یہ عمل کریں اسی طرح اپنے گھر میں کھلے آسمان کے نیچے دس دن کریں۔ انشاء اللہ دشمن ذلیل و خوار ہوں گے۔ بہتر ہے عمل سے پہلے ہم سے اجازت لیں۔

پندرھواں عمل

یہ عمل بھی شاہت الوجوہ کا ہے۔ مگر اس کا نصاب بڑا ہے اور ذرا مشکل بھی ہے اور اس نصاب میں کافی محنت کرنی پڑتی ہے۔ یہ عمل چار چلّوں میں پڑھا جاتا ہے اور

لگاتار چار چلّے نہیں کئے جاتے بلکہ ایک چلّہ کر کے پھر چالیس دن تک عمل کو ترک کرنا پڑتا ہے۔ اس کے بعد دوسرا چلّہ کر کے پھر چالیس دن تک عمل ترک کرنا پڑتا ہے گویا کہ چالیس دن عمل پڑھیں۔ پھر چالیس دین تک خالی رہیں۔ اس طرح عمل کی تکمیل میں تقریباً ایک سال لگ جاتا ہے۔

عمل کی تکمیل کے بعد عامل کی زبان میں زبردست تاثیر پیدا ہو جاتی ہے اور کسی بھی معاملے میں اس کے صرف اشارہ کرنے کی دیر ہوتی ہے۔ اگر کسی جگہ گولیاں برس رہی ہوں اور چاروں طرف سے دشمن حملہ آور ہو رہے ہوں۔ اس کا عامل اگر دشمنوں کی طرف دیکھ کر اپنے دائیں ہاتھ کا اشارہ کر کے اپنی زبان سے شاہت الوجوہ کہہ دے تو سب ہتھیار بیکار ہو جائیں گے اور سب دشمن بھاگ جائیں گے۔ یہاں تک کہ اگر عامل آسمان پر اڑتے ہوئے چیل کوؤں کی طرف بھی اشارہ کرے گا اور زبان سے شاہت الوجوہ کہے گا تو وہ بھی بے دست و پا ہو کر زمین پر گر پڑیں گے۔ غرضیکہ عامل کی زبان میں ایسی تاثیر پیدا ہو جائے گی جو تمام دنیا والوں کے لئے باعث حیرت ہوگی۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی ۱۷ تاریخ سے (بشرطیکہ اس زمانہ میں چاند عقرب میں نہ ہو) پہلے چلّے کی شروعات کی جائے۔ چلّہ پورا کرنے کے بعد چالیس دن تک عمل سے رکے رہیں اور دوسرا چلّہ چاند کی ۱۸ تاریخ سے شروع کریں۔ اس کے بعد پھر چالیس دن تک عمل سے باز رہیں اور تیسرا چلّہ چاند کی ۱۹ تاریخ کو شروع کریں۔ پھر ۴۰ دن عمل سے رکے رہیں اور چوتھا چلّہ چاند کی ۲۰ تاریخ سے شروع کریں۔ پہلے چلّے میں قمر در عقرب کا لحاظ کرنا ہے۔ اس کے بعد اگر قمر عقرب میں بھی ہو تب بھی حسب پروگرام اپنے عمل کو جاری رکھیں۔ دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی اور ترک حیوانات کریں اور سورج غروب ہونے کے بعد سورج طلوع ہونے تک ہرگز

ہرگز کسی سے بات نہ کریں ورنہ عمل بے کار ہو جائے گا۔ چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کرنی ہوگی۔ چاروں چلّوں میں پڑھنے کی تعداد پانچ لاکھ ہوگی۔

یہ عمل اگرچہ بہت مشکل ہے لیکن اگر کوئی صاحب ہمت شخص اپنی زندگی کا ایک سال اس عمل کے لئے وقف کر دے تو پھر روحانی عملیات کا شہ سوار بن جاتا ہے اور اس کی قوت خیال زبردست ہو جاتی ہے۔ اس کے لئے تسخیر کواکب اور تسخیر جنات بھی آسان ہو جاتی ہے اور دنیا کی بے شمار اشیاء اس کے اشاروں پر ناچنے لگتی ہیں۔

اس عمل کے دوران عامل کے لئے ضروری ہے کہ روٹی اپنے ہاتھ سے پکائے اور ایک سال تک بغیر چھنے ہوئے آٹے کی روٹی استعمال کرے۔

اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی بھی بزرگ اور باضابطہ عامل سے اجازت ضرور حاصل کر لینی چاہئے تاکہ دوران عمل کسی کا دست شفقت عامل کے سر پر رہے اور عامل عمل کی نحوست سے محفوظ رہے۔


اس طرح کے عمل عوام سے چھپانے کی چیز ہیں لیکن چوں کہ ہم نے روحانی عملیات کے اہم رازوں سے پردے ہٹانے کی ٹھان رکھی ہے تاکہ شائقین خدمت خلق کے لئے تجربات کر سکیں۔ اس لئے ہم نے اس عمل کو ظاہر کر دیا ہے لیکن اس عمل کو کرنے سے پہلے عامل کو سنجیدگی کے ساتھ غور کر لینا چاہئے۔ منفی عملیات میں شرعی گنجائش کے بغیر بہت احتیاط برتنی چاہئے۔ دوسروں کو خواہ مخواہ پریشان کرنے والوں کی اپنی آخرت خطرے میں پڑتی ہے۔

سولہواں عمل

شاہت الوجوہ کا نقش بھی ظالموں اور فاسقوں کے لئے تیر کی طرح کام کرتا

ہے۔ اس نقش کو لکھنے کے بعد کالے کپڑے میں پیک کر کے بکرے کی کلیجی کے ساتھ اور اس میں چار چوراہوں سے اٹھائی بارہ کنکریاں بھی ڈال لینی چاہئیں۔ بہتر یہ ہے کہ کالے کپڑے کی ایک تھیلی سلوالیں۔ اس میں ایک بکرے کی مکمل کلیجی چالیس چوراہوں کی بارہ کنکریاں اور نقش ڈال کر اس کا منہ بند کردیں پھر اس تھیلی کو کسی تالاب کے کنارے دبادیں اور دباتے وقت دس مرتبہ دشمن کا نام لیں کہ بہت جلد وہ دشمن تباہ ہو جائے۔

واضح رہے کہ اس طرح کے عمل بہت مجبوری میں کریں۔ ورنہ آخرت برباد ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔



ستر ہواں عمل

شاہت الوجوہ کو کسی درخت کے پتوں پر الگ الگ لکھ دیا جائے یعنی پیپل کے درخت کے ہر ایک پتے پر شاہت الوجوہ لکھا جائے گا۔ لیکن درخت ایسا ہونا چاہئے کہ اگر ہوا چلے تو خاص طور سے اس درخت کی ہوا دشمن کے گھر تک جاسکے۔ ایک اندازے کے مطابق درخت دشمن کے گھر سے دس بیس قدم کے فاصلے پر ہونا چاہئے۔ اگر اس سے زیادہ دور ہو گا تو بات نہیں بنے گی۔

بعض حضرات نے پچاس قدم بھی لکھا ہے۔ یعنی زیادہ سے زیادہ پچاس قدم

کے فاصلے پر اگر درخت ہو گا تو بھی بات بننے کا امکان ہے۔ پتوں پر خفیہ انداز سے لکھیں۔ کسی بھی طرح دشمن کو اندازہ نہ ہو سکے کہ آپ اس کے خلاف عمل کر رہے ہیں۔ اس کو اگر صرف اندازہ بھی ہو گیا تب بھی عمل کے بیکار ہو جانے کا اندیشہ رہے گا اور اگر دشمن نے ان ہی پتوں کو جن پر شاہت الوجوہ لکھا ہو۔ توڑ کر کنوئیں میں ڈال دیا تو عامل کو بجائے خود زبردست نقصان پہنچ جائے گا۔

ہر ایک پتے پر شاہت الوجوہ لکھنے کے بعد دشمن کا صرف نام لکھ دینا کافی ہے۔ ماں باپ کے نام لکھنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن یہ عمل صرف وہی عامل کر سکتا ہے جس نے شاہت الوجوہ کا پہلا نصاب کر رکھا ہو۔ اگر اس نے نصاب نہیں کر رکھا تو اس عمل سے کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔

دشمن کا نام ایک بار لکھ دینا کافی ہے۔ البتہ ہر ایک پتے پر لکھتے وقت دشمن کا نام اپنی زبان سے دس بار لینا چاہئے اور تصور میں اس کی تباہی کا منظر رکھنا چاہئے۔

یہ بات واضح رہے کہ اس طرح کے عمل پیپل، بڑ یا پھر بیری کے پتوں پر کرنا ہی زیادہ موثر ثابت ہوتا ہے لیکن اس طرح کے عمل جو کسی کی ہلاکت اور تباہی سے تعلق رکھتے ہوں۔ بہت ہی ناگزیر حالات میں کرنے چاہئیں اور کسی مذہبی رہنما سے مشورے کے بعد کرنے چاہئیں کیوں کہ خواہ مخواہ کسی کو برباد کرنا یا بہت معمولی دشمنی پر کسی کو ہلاکت میں ڈالنا بہت بڑا گناہ ہے اور اس میں اپنی آخرت کی بربادی کا خطرہ ہے۔

کیوں کہ ہمیں کسی معاملے میں بھی کتمان حق نہیں کرنا ہے اس لئے ہم نے منفی اعمال بھی ظاہر کردئے ہیں لیکن اپنے تمام قارئین سے اس بات کی تاکید کی ہے کہ وہ حتی الامکان منفی اعمال سے خود کو بچائیں اور بہت اضطرار والی کیفیات میں منفی

اعمال کی طرف متوجہ ہوں۔

اٹھارہواں عمل

اگر کسی کے یہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا پیدا ہو کر زندہ نہ رہتی ہو تو اس عمل کی زکوٰۃ ادا کرے۔

حُمَّ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ
حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ
الْعَلِيْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ
شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ ۝ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝

یہ لگاتار ۹ روز تک عروج ماہ میں نماز مغرب کے بعد پڑھا جاتا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ اس عمل کو چاند کی پہلی تاریخ سے شروع کر دیں لیکن اس تاریخ میں شروع کرنے سے گریز کریں جس تاریخ میں چاند برج عقرب میں ہو لیکن اگر چاند برج عقرب میں درمیان عمل میں آئے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ عمل کو پڑھتے وقت ایک سیب سامنے رکھ لیا جائے اور نو سو مرتبہ عمل پڑھ کر سیب پر دم کر کے آدھا سیب شوہر کھالے اور آدھا سیب بیوی کھالے۔ اس طرح لگاتار نو دنوں تک دونوں میاں بیوی آدھا آدھا سیب کھاتے رہیں۔ سیب چھلکوں سمیت کھائیں، البتہ اس کے بیج

استعمال نہ کریں۔ اس دوران یہ نیت رکھیں کہ اگر اولاد نہ ہوتی ہو تو اولاد پیدا ہو اور اگر اولاد زندہ نہ رہتی ہو تو اولاد زندہ رہے۔ اگر لڑکا نہ ہوتا ہو تو لڑکا ہونے کی نیت سے یہ عمل کیا جائے۔ انشاء اللہ عمل رائیگاں نہیں جائے گا اور عامل کو اپنی نیت کے مطابق انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔

انیسواں عمل

دروازہ کی برکت، اگر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَابُنَا کسی دھات یا کاغذ پر لکھ کر اپنے گھر کے دروازے پر لگا دیا جائے تو گھر میں بہت برکت ہوگی اور رزق کی فراوانی کا دور شروع ہوگا اور گھر کی بلائیں اور مصیبتیں بھی انشاء اللہ ختم ہو جائیں گی۔ بیماریوں سے بھی نجات ملے گی اور گھر کی نحوست اور سستی بھی رفع ہوگی لیکن شرط یہ ہے کہ فقرہ اس شخص سے لکھوایا جائے جو حزب البحر کا عامل ہو اور جس نے باقاعدہ حزب البحر کی زکوٰۃ ادا کر رکھی ہو۔ ورنہ پھر یہ ہو کہ عامل کی اجازت سے کوئی لکھ دے اور اس کو عامل اپنے ہاتھوں سے مکان کے دروازے پر آویزاں کر دے۔ تب ہی اس کی برکات و ثمرات سامنے آئیں گی۔

بیسواں عمل

یہ عمل محبت کے لئے کیا جاتا ہے اور زبردست تاثیر اپنے اندر رکھتا ہے لیکن اس عمل کو جائز مقاصد میں کرنا چاہئے۔ یہ عمل اولاد کی محبت، میاں بیوی کی محبت، بہن بھائیوں کی محبت اور اسی طرح کی دوسری جائز محبتوں کے لئے کرنا بہتر ہے اور اس کے نتائج جلد برآمد ہوتے ہیں۔ اسی طرح من پسند لڑکی یا لڑکے سے شادی کے لئے بھی اس عمل کو کیا جا سکتا ہے۔ بشرطیکہ لو ہالاٹ قسم کے حوارج درمیان میں حائل نہ

ہوں اور شرعی مصلحت بھی کوئی درپیش نہ ہو۔ اس عمل کی زکوۃ لگاتار چالیس دن تک دینی پڑے گی اور سوالاکھ تعویذ بنا کر دریا میں ڈالنے پڑیں گے گویا کہ روزانہ ۳۱۲۵ تعویذ لکھنے ہوں گے۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو ۱۲۰ دن میں زکوۃ ادا کریں اور روزانہ ۱۰۴۲ تعویذ لکھ کر دریا میں ڈالیں۔ تعویذ روز کے روز بھی دریا میں ڈالے جا سکتے ہیں اور ایک ہفتے میں ایک ساتھ بھی۔

زکوۃ کی ادائیگی کے بعد جائز امور میں ان تعویذوں کا استعمال عامل کر سکتا ہے۔ اس تعویذ میں طالب و مطلوب کا نام لکھنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ جس وقت تعویذ کسی کے لئے بنایا جائے اس وقت اس طالب اور مطلوب کا تصور کرنا عامل کے لئے ضروری ہے۔ اگر عامل ان کی صورتوں سے ناواقف ہو تو پھر طالب و مطلوب اور ان کی ماؤں کے نام لکھ کر سامنے رکھ لے اور نقش لکھنے کے بعد ان ناموں کی طرف بہ نظر تسخیر دیکھے۔ انشاء اللہ نام نقش پر لکھنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ یہ حزب البحر کا ایسا تیر بہدف عمل ہے جس کو استعمال میں لا کر خود حیرت میں پڑ جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

اس نقش کی چال یہ ہے۔

عسق	س	ق	حم
حم	ق	حم	ع
حم	حم	ع	س

ھ۹۹۹

۲	۵	۶	۱
۳	۱۰	۱۱	۴
۷	۱۲	۸	۹

اکیسواں عمل

اگر کسی سحر زدہ انسان کا سحر اتارنا ہو تو اس کے لئے حزب البحر کا حصار کرنا چاہئے لیکن یہ حصار وہی شخص کر سکتا ہے جو حزب البحر کی حسب قاعدہ زکوۃ ادا کر چکا ہو۔ حصار کا طریقہ یہ ہے کہ سحر زدہ کو زمین پر چت لٹا دیا جائے۔ اس طرح لٹائیں کہ مریض کے پاؤں مشرق کی طرف ہوں اور اس کا سر مغرب کی طرف اور عامل اپنی پشت شمال کی طرف کر کے مریض کی طرف اپنا رخ کر کے بیٹھ جائے اور ایک مرتبہ حم کہہ کر مریض کے سر کی طرف اشارہ کرے پھر ایک مرتبہ حم کہہ کر مریض کے پیروں کی طرف اشارہ کرے پھر ایک مرتبہ حم کہہ کر مریض کے دائیں طرف اشارہ کرے اور پھر ایک مرتبہ حم کہہ کر مریض کے بائیں طرف اشارہ کرے، پھر ایک مرتبہ حم کہہ کر مریض کے جسم پر اشارہ کرتے ہوئے آسمان کی طرف اشارہ کرے۔ پھر ایک مرتبہ حم کہہ کر مریض کی طرف اشارہ کرتے ہوئے زمین کی طرف اشارہ کرے۔ پھر آخری بار یعنی ساتویں بار حم کہہ کر عامل تالی بجائے۔ یہ عمل لگاتار سات روز تک کیا جائے اور عامل اشارہ اپنی دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے کرے۔ انشاء اللہ سات روز میں جادو کتنا بھی شدید ہوگا اتر جائے گا لیکن اگر اس حصار کے ساتھ ساتھ عامل مریض کے گلے میں مندرجہ ذیل تعویذ بھی ڈال دے اور اس کے ساتھ روزانہ ایک نقش پلاتا رہے تو بہت بہتر ہے۔ گلے میں ڈالنے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔

٧٨٦

م	ح	م	ح
ح	م	ح	م
ح	م	ح	م
م	ح	م	ح

اور پینے کے لئے یہ نقش دے جائیں۔

٧٨٦

١٧	١٢	١٩
١٨	١٦	١٤
١٣	٢٠	١٥

بعض بزرگوں سے یہ طریقہ بھی منقول ہے کہ ختم اڑتالیس مرتبہ پڑھ کر نیم کی ایک تازہ ٹہنی پر دم کر کے مریض کو چت لٹا دیں اور سر سے پیر کی طرف کو سات مرتبہ پھیریں۔ پھر اس ٹہنی کو کسی دریا میں پھینک دیں۔ اس عمل کو بھی لگاتار سات روز تک کریں۔ انشاء اللہ سحر اتر جائے گا۔ گلے میں ڈالنے کے لئے اور پینے کے لئے مذکورہ نقش ہی مریض کو دے جائیں۔

عام طور پر یہ غلط فہمی پھیلی ہوئی ہے کہ سفلی جادو کا توڑ سفلی عمل ہی سے ممکن ہے علوی سے نہیں لیکن راقم الحروف کا تجربہ یہ ہے کہ عمل کتنا بھی گندا اور سفلی کیوں نہ ہو قرآن حکیم کی آیات سے وہ رفع ہو جاتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ علاج کرنے والا باقاعدہ آیاتِ قرآنی کا عامل ہو اور اس نے حسب قاعدہ زکوٰۃ عمل ادا کر رکھی ہو۔ جادو بذریعہ جنات ہو یا بذریعہ ارواحِ خبیثہ، جادو علوی یا سفلی حزب البحر کے مذکورہ عمل

سے ختم ہو جاتا ہے۔ شرط یہی ہے کہ علاج کرنے والا باقاعدہ حزب البحر کا عامل ہو اور حسن نیت اور جذبۂ خدمت کے ساتھ مریض کا علاج کر رہا ہو۔ انشاء اللہ سات روز میں سحر سے پوری طرح نجات مل جائے گی۔ دورانِ علاج مریض کو گوشت، انڈا اور مچھلی سے دور رکھیں اور کالا لباس پہننے کو منع کریں۔ اگر مریض شادی شدہ ہو عورت ہو یا مرد تو وظیفۂ زوجیت سے بھی پرہیز کی تاکید کر دیں اور اس بات کی بھی تاکید کر دیں کہ مریض زیادہ سے زیادہ پاک صاف اور باوضو رہے۔ اگر عورت کو ایام آ رہے ہوں تو اس علاج سے پرہیز کریں۔

بائیسواں عمل رفیقِ نسواں

یہ عمل عورتوں کے مخصوص ہے یعنی عورتوں کو اگر کسی قسم کی تکلیف پیش آئے تو وہ یہ عمل کریں خدا نے چاہا تو کامیابی ہوگی۔ مثلاً کسی عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے تکلیف ہے یا اپنے ماں باپ کی طرف سے تکلیف ہے یا سسرال میں ساس نندیں وغیرہ ستاتی ہیں یا اولاد کی طرف سے دکھ ہے یعنی اولاد نافرمان ہوگئی ہے یا خاوند کے مرجانے یا وارثوں کے اٹھ جانے کی وجہ سے کوئی تکلیف ہے تو یہ عمل مفید ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ

عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا

يُقْدَرُ عَلَيْنَا هفت بار وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۝

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ فَاللّٰهُ

خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

یہ عمل رات کو عشاء کی نماز کے بعد ایک سو دفعہ پڑھا جاتا ہے اور اکیس دن میں اس کا نصاب ادا ہو جاتا ہے بیچ میں ناغہ نہ ہونا چاہئے۔ اس واسطے ایسی تاریخوں میں شروع کیا جائے کہ نسوانی ایام نئے نئے ختم ہوئے ہوں تاکہ اکیس دن تک مسلسل پڑھا جا سکے کیوں کہ عورتوں کے لئے مہینہ میں اندازاً ایک ہفتہ ایسا ہوتا ہے جن میں وہ نماز بھی نہیں پڑھ سکتیں اور اس زمانہ میں یہ عمل بھی نہیں ہو سکے گا۔

دوران میں کھانے پینے کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔ صرف یہ پابندی ہے۔ وقت اور جگہ کی پابندی رکھیں اور مکمل تنہائی میں عمل کریں۔

تئیسواں عمل

یہ عمل بطور خاص اُن لوگوں کے لئے ہے جو کسی مصیبت کا شکار ہوں۔ مثلاً ان پر کسی نے ناحق مقدمہ کر رکھا ہے یا کسی ظالم افسر نے انہیں تنگ کر رکھا ہو یا معاشرے کے اوباش لوگ یا پولیس کے مخبر انہیں پریشان کرتے ہوں یا غلط اور بدکردار پڑوسیوں کی وجہ سے اُن کی نیندیں حرام ہوں۔ ایسے لوگوں کو چاہئے کہ نوچندی جمعرات سے اس عمل کو شروع کریں۔ نماز فجر سے عمل کی شروعات کریں۔ ہر فرض نماز کے بعد مندرجہ ذیل کلمات گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ نماز عشاء کے بعد بھی گیارہ مرتبہ پڑھیں پھر مکمل تنہائی میں بیٹھ کر گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد دعا کریں۔ دعا سے فارغ ہونے کے بعد پھر سجدہ میں چلے جائیں اور پھر اُن ہی کلمات کو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

اس عمل کو اسی طرح گیارہ دن تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ زبردست کامیابی ملے گی اور مصائب سے نجات ملے گی۔ دشمن ذلیل و خوار ہوں گے اور سازشیں کرنے والے خود ہی کسی مصیبت کا شکار ہو جائیں گے اور افسران کو معطلی کا وبال بھگتنا پڑے گا۔ عمل یہ ہے۔

إِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝ سو بار حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

چوبیسواں عمل

اگر کوئی شخص سفلی جادو کا شکار ہو یا کوئی شدید قسم کی نظر بد کا شکار ہو یا کوئی حسد کی مار میں مبتلا ہو تو مندرجہ ذیل کلمات ۳۱۳ مرتبہ پڑھ پانی پر دم کر کے رکھ دے پھر تین دن تین رات کی پندرہ نمازوں میں اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اس پانی پر دم کرتا رہے۔ اس کے بعد اس پانی کو تین دن تین رات تک ہر فرض نماز کے بعد پیتا رہے۔ انشاء اللہ جادو سے نظر بد سے حسد کی ابتلا سے نجات ملے گی۔

کلمات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

پچیسواں عمل

اگر کوئی زبردست قسم کے افلاس میں مبتلا ہو یا قرض کا طویل ترین بوجھ اس کے کاندھوں پر ہو اور بظاہر اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کا کوئی راستہ نہ ہو تو پھر نوچندی اتوار سے لگاتار پانچ راتوں تک یہ عمل کرے۔ شرط یہ ہے کہ ان پانچ راتوں میں چاند عقرب میں نہ ہو طریقہ عمل یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد ایک مرتبہ حزب البحر پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے پھر دو رکعت نماز نفل برائے قضاءِ حاجت پڑھے۔ نماز کی ہر رکعت

میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے، اسکے بعد کھڑے ہو کر سو مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ یَاعَظِیْمَ السُّلْطَانِ یَاقَدِیْمَ الْاِحْسَانِ یَادَائِمَ النِّعَمِ یَابَاسِطَ الرِّزْقِ یَا وَاسِعَ الْعَطَایَا، یَادَافِعَ الْبَلَایَا یَاسَامِعَ الدُّعَایَا یَاحَاضِرًا لَیْسَ بِغَائِبٍ یَامَوْجُوْدًا عِنْدَ الشَّدَائِدِ یَاخَفِیَّ اللُّطْفِ یَالَطِیْفَ الصُّنْعِ یَاحَلِیْمًا لَاتَعْجَلْ، یَاجَوَّادُ لَاتَبْخَلْ اِسْمَعْ دُعَائِیْ اِقْضِ حَاجَتِیْ بِخَصَائِصِ لُطْفِكَ۔ آمین، آمین، آمین

چھبیسواں عمل

اگر کوئی ناگہانی کسی آفت کا شکار ہو جائے اور اس کو اپنی جان کا خطرہ درپیش ہو یا اس کو اپنے عقائد کے خراب ہو جانے کا اندیشہ ہو تو اس کے لئے یہ عمل نجات کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ مغرب کی نماز کے بعد تین سو مرتبہ تین دن تک پڑھیں۔ دعا یہ ہے۔

یَارَبَّنَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الدُّنْیَا وَبَعْدَ الْمَمَاتِ یَاسَمِیْعُ یَاعَلِیْمُ یَاحَلِیْمُ یَاعَظِیْمُ یَاعَلِیُّ اِسْمَعْ دُعَائِیْ بِخَصَائِصِ لُطْفِكَ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ

تمت

آفتابِ عملیات (حصہ اوّل)

تحقیق و تجربات کی روشنی میں مرتب کی گئی اس کتاب میں تاثیر عمل، ابجات، مستعملات، طریقہ زکوٰۃ، عمل و نقوش، علم الآثار، علم الحروف، شناخت امراض، سوالات مع حل الجواب، اسم اعظم، اسم باری کی خصوصیات، رموز مؤکلات، علم النجوم، زائچہ و گن بنانے کا طریقہ، کشف قلوب، کشف قبور، حاضرات علوی و روحانی، موکلاتی، جناتی، استخارہ، دفع آسیب و جنات کے علاوہ چڑیل، پری، دیو اور جنات وغیرہ کو جلانا، کلام کرنا اور قید کرنے کے طریقے بھی موجود ہیں۔

آفتابِ عملیات (حصہ دوم)

اس کتاب میں سحر، جادو ٹونے کا توڑ اور اس سے نجات کی نہایت آسان و مجرب تدابیر موجود ہیں۔ علاوہ ازیں اُم الصبیان، مرد و عورت کا بانجھ پن، بندش خواب، دشمن سے بچاؤ اور اس کی تباہی کے عملیات، اسماء الحسنٰی کے فوائد و خواص، رزق حلال میں اضافے کے طریقے، تسخیر و فتوح کے مجرب عملیات، اولاد نرینہ کے حصول کے وظائف، حفاظت اطفال اور حفاظت حمل کے نادر و سریع الاثر نقوش کے علاوہ تسخیر سلاطین، تسخیر امراء و وزراء، تسخیر خلائق، تسخیر مرد و زن اور تسخیر زوجین کے آزمودہ عملیات بھی موجود ہیں۔

سورۂ فاتحہ اور آیت الکرسی کی عظمت و افادیت

قرآن و سنت کی روشنی میں دورِ حاضرہ کے سینکڑوں مصائب و الم، رنج و غم مثلاً مقدمہ میں کامیابی، کسی بھی طرح کی حاجت، معصیت سے نجات، اولاد کا حصول، روزگار کا حصول، قرض کی ادائیگی، باطنی صفائی، میاں بیوی کی باہمی محبت، دشمن کے شر سے بچاؤ، عبادت میں لطف حاصل کرنا، قوت حافظہ، لاعلاج امراض، ناراضگی دور کرنے، حاکم کی مہربانی اور آسیب دور کرنے کا آسانی و روحانی مستند حل۔

رُوحانی عملیاتِ وتعویذاتِ عظیمی

اس کتاب میں روحانی عملیات وتعویذات عظیمی کو بڑی عمیق تحقیق وتصحیح کے بعد مرتب کیا ہے جو عوام الناس کے لیے موجودہ حالات کے پیش نظر کامل رہنمائی کرے۔ مسلمانوں کی موجودہ اقتصادی تباہی کا خاص طور پر لحاظ رکھتے ہوئے خاصی تعداد میں عملیات اور وظائف درج کر دیئے ہیں، تمام وظائف قرآن وحدیث سے ماخوذ ہیں اور تعویذات اولیائے کرام کے فرمودات ہیں اس لیے ان کی صداقت وصحت میں کسی قسم کا شبہ دل میں لانا اقتضائے ایمان کے خلاف ہے۔ جو لوگ وظائف وعملیات کے قائل نہیں وہ اس کتاب میں درج کسی وظیفہ یا تعویذ کو اپنے کسی جائز کام کے لیے استعمال کر کے دیکھیں انشاءاللہ العزیز ضرور فائدہ ہوگا۔

اللہ مشکل کشا

ہر قسم کے روحانی، جسمانی، نفسیاتی دُکھوں، پریشانیوں اور مصائب والم کا حل۔ ہر ایک کی مشکل کشائی و حاجت روائی صرف اور صرف بارگاہِ الٰہی سے ہوتی ہے اس لیے بندہ کو اپنی مشکلات و پریشانیوں کے حل کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور جھکنا چاہیے۔ اللہ کے مانگنے اور اُسے اپنا مشکل کشا سمجھنے والی قرآنی آیات واحادیث شریف کا مجموعہ۔

حاجت روا مشکل کشاء

اس کتاب میں قرآن حکیم کی بہت سی آیات مبارکہ کے خواص واثرات کے حوالے سے ہر طرح کی مشکلات کے حل، بیماریوں سے نجات اور حاجت روائی کے لیے نہایت پُر اثر اور تیر بہدف وظائف کا بیان کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں احادیث مبارکہ کی روشنی میں پُر تاثیر اور مجرب وآزمودہ وظائف وعملیات کو بھی اس کتاب میں شامل کیا گیا ہے ہر ایک کی حاجت روائی اور مشکل کشائی کے لیے یہ کتاب نہایت مستند مفید اور بہت ہی خوب ہے۔

کشکولِ قلندری المعروف فیض العملیات

اس کتاب میں اعمالِ وظائف، خواص سورۃ ہائے قرآن مجید، سلامتی ایمان، زیارت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام، معالجاتِ روحانی، اعمالِ فتوح، برکاتِ رزق، برکہ۔ زراعت وتجارت، سبکدوشی قرض، اعمالِ دفع آسیب، سحر وجادو، سایہ جن و پری دفع نظر بد، دفع حشرات وموذی جانوران وضرر دشمن ظالم، اعمالِ حُب وتسخیر وحصول مطلوب، محبتِ زوجین، دفع مسان واٹھرا وگریہ اطفال، چور کا پکڑنا، گمشدگی کی تلاش، استخارہ کا طریقہ اور دُعا چہل کاف اور اس کے خواص وغیرہ سے کتاب کو مزین کیا گیا ہے۔

طلسماتِ قلندری

ہر طرح کی جسمانی وروحانی بیماریوں کا علاج، وظائف عملیات، تعویذات وطلسمات کے علاوہ طب کی روشنی میں مجرب آزمودہ نسخہ جات بھی درج ہیں۔

سراج العملیات وتعویذات

مجربات، عملیات وتعویذات اور قرآنی سورتوں کے فضائل اور ان کے نقوش کا مستند انمول ذخیرہ اور مہلک بیماریوں کا قرآنی علاج درج ہے۔

تحفہ سلیمانی

نقوشِ قرآنی خواص اسمائے الحسنیٰ طلسمات کے علاوہ منتر تنتر کے اثرات، جسمانی وروحانی امراض کے لیے تیر بہدف اور سریع الاثر دواؤں وغذاؤں کی اہمیت، افادیت کے ساتھ طبی نسخہ جات کا ذکر بھی موجود ہے۔

تحفہ مشکل کُشا


یہ مجرب اسرار مخفی وظائف، عملیات وتعویذات کا مخزن عظیم نسخہ اولیاء اللہ کی مشہور نایاب و نادر کتابوں اور قدیم قلمی نسخوں سے ماخوذ ہے جو کہ حل المشکلات اور حاجت روائی کے لیے تیر بہدف آزمودہ اور پُر تاثیر ہے۔


تحفہ پنجتن پاک


مشکل، مصیبت اور پریشانی کے خاتمے کے لیے یہ مفید کتاب علمی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی ہے، اس جامع اور پُر تاثیر کتاب میں وظائف محمدی، اوراد علوی، تسبیح فاطمہ، نادِ علی، اسمائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اسمائے علی، اسمائے فاطمہ، اسمائے امام حسن، اسمائے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم، آئمہ معصومین سے منسوب مجرب و آزمودہ وظائف، عملیات وتعویذات شامل ہیں وہ اولیاء کرام جن کا سلسلہ نسب حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے جن میں حضرت سید عبدالقادر جیلانی، حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور حضرت پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین بھی ہیں ان کے آزمودہ عملیات کو بھی کتاب کی زینت بنایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں جسمانی بیماریوں کے فوری اور شافی علاج کے لیے طب کا باب بھی شامل ہے۔ آسیب اور جادو سے بچاؤ کی تدابیر بھی موجود ہیں۔ یہ کتاب مصیبت زدہ اور پریشان حال لوگوں کی مشکل کشائی وحاجت روائی کے لیے نہایت مفید ہے۔

تحفہ فقیری


اس کتاب میں فقراء کے قدیم قلمی نسخوں اور اُن کے سینوں میں موجود مخفی خزینہ جو عملیات، وظائف اور تعویذات کی شکل میں موجود ہے عمل کی کسوٹی پر پرکھا ہوا اولیاء کرام بزرگان دین مشائخ عظام وعلماء کرام سے سینہ بہ سینہ منتقل ہوا ہے مشکلات و پریشانیوں کے خاتمے کے لیے فوری اثر دکھاتا ہے اور ہر حاجت روائی کے لیے بہت ہی خوب ہے























مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور